لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 اتوار 25 اکتوبر 2026ء 1448ھ 13 جمادی الاول 11 کاتک صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ نمبر:271
www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com



206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ٥ (سورۃ البقرہ)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا ملکی مفاد میں فیصلہ کیا، اچھے نتائج نکلیں گے

وزیراعظم

پی ٹی آئی کی ماضی کی تاریخ بھیانک ہے اور جماعت نے ہر لحاظ سے ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، وزیراعلیٰ کو دہشت گردی کے خلاف مل کر چلنے کا کہا تھا، شہباز شریف

گوجرانوالہ (بیورپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا پاکستان کے بہترین مفاد میں فیصلہ کیا، اچھے نتائج نکلیں گے۔ پنجاب کے شہر گوجرانوالہ میں گفتگو کرتے ہوئے مرحوم بشیر محمود ورک کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مرحوم بشیر محمود ورک کے ساتھ ان کا بھائیوں جیسا تعلق تھا، وہ انتہائی شفیق انسان تھے اور سیاست کے لیے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بشیر ورک کے ساتھ ان کے قریبی اور برادرانہ تعلقات تھے اور انہوں نے پارٹی کے ارکان اور کارکنوں کے (بقیہ نمبر7)

اسلام آباد: وزیرِاعظم محمد شہباز شریف سے ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر چنڑ ملاقات کرتے ہوئے

حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا

ترجمان پاک فوج

مشرق وسطیٰ تنازع پر مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے جب کہ مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ تین مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کیلئے اولین ترجیح ہے، پاکستان کا مؤقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے اولین (بقیہ نمبر 8)

فورسز کے ساتھ کھڑی نہ ہونے والی سیاسی جماعت مائنس ہو جائے گی

رانا ثناء اللہ

دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جا سکتا

خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضہ کیا جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، وزیراعظم کے مشیر، سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے ایجنڈے میں جو شامل نہیں ہوگا وہ مائنس ہوگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سیاسی جماعت جو پورے خلوص کے ساتھ فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوگی وہ مائنس ہو جائے گی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جا سکتا، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، (بقیہ نمبر16)

موسم تبدیل، لاہور میں فضائی آلودگی میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

لاہور (آئی این پی) موسم کی تبدیلی کے ساتھ لاہور میں فضائی آلودگی میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سرکاری اعداد وشمار (بقیہ نمبر14)

وفاق خیبر پختونخوا کو مزید فنڈز دینے کو تیار ہے: طلال چوہدری

حکومت دہشت گردی سے متاثرہ افراد کے نقصانات کے ازالے کے لیے مزید مالی معاونت فراہم کرنے کو تیار ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (آئی این پی) وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت دہشت گردی سے متاثرہ افراد کے نقصانات کے ازالے کے لیے (بقیہ نمبر 15)

وزیرِاعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کر لیے، گورنر کے پی

دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے

اضاخیل گندم اسکینڈل کے ذمے داروں کو نتائج بھگتنا پڑیں گے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (آئی این پی) خیبر پختون خوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کر لیے ہیں، صوبے کو مزید فنڈز فراہم کرنے پر بھی آمادگی کا اظہار کیا ہے، دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، اضاخیل گندم اسکینڈل کے ذمے داروں کو نتائج بھگتنا پڑیں (بقیہ نمبر9)

وزیرِ خزانہ اور ورلڈ بینک کے درمیان معاشی استحکام، اصلاحاتی ایجنڈے اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی کی ترجیحات پر تبادلہ خیال

حکومت کی ترجیح معاشی استحکام کو پائیدار بنیادوں پر مضبوط بنانا اور اسے پائیدار، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کرنا ہے، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرِ خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک کے مشرقِ وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان کیلئے خوشحالی کے شعبے کے علاقائی ڈائریکٹر، مسٹر سندیپ مہاجن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر، محترمہ بولورما امگابازار، اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے ڈویژن ڈائریکٹر، مسٹر سائمن (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کمیونیکیشن عبدالعلیم خان ایل سی سی آئی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پاکستان میں نظامِ عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے

خواجہ سعد رفیق

مؤثر نظام عدل قائم نہ ہوا تو بات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عدالتی کردار سے بڑھ کر ہر طاقتور کے ہاتھ میں چلی جائیگی

پاکستان میں نظامِ عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے، انصاف کی فراہمی کیلئے غیر معمولی تاخیر اور بے پناہ رکاوٹیں ہیں

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سنگین نوعیت کے مقدمات میں فوری انصاف اور بلا تاخیر فیصلوں کیلئے عدلیہ اور حکومت مل کر ٹھوس لائحہ عمل مرتب کریں، سنگین جرائم کے مجرمان کو قانون کے شکنجے میں لانا ریاستی اداروں کا فرض ہے جبکہ مجرموں کے شفاف اور فوری عدالتی ٹرائل کے ذریعے انہیں سزائیں دینا عدلیہ کی ذمہ داری ہے۔ اپنے بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ پاکستان میں نظام عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے، انصاف کی فراہمی کیلئے غیر معمولی تاخیر اور بے پناہ رکاوٹیں ہیں، مدعی یا متاثرہ (بقیہ نمبر30)

چین میں زلزلے سے سینکڑوں مکان منہدم، 16 افراد ہلاک پاکستان کی مدد کی پیشکش

زلزلے کی شدت سات اعشاریہ ایک تھی، تبت کے شمالی شہر ناگچو میں کم سے کم 339 مکانات منہدم ہوئے ہیں اور متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں

یہ خدشات بھی ظاہر کیے گئے ہیں کہ مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے کیونکہ ملبے کے نیچے لوگ دبے ہو سکتے ہیں

بیجنگ (نیٹ نیوز) چین کے علاقے تبت میں آنے والے شدید زلزلے کے نتیجے میں کم سے کم 16 افراد ہلاک اور 65 زخمی ہوئے جبکہ سینکڑوں کی تعداد میں مکانات (بقیہ نمبر13)

اسلام آباد: وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک سے وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری ملاقات کرتے ہوئے

وزیراعظم شہباز شریف کا چین کے خودمختار علاقے ناگکو ژیزانگ میں زلزلے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چین کے خودمختار علاقے ناگکو ژیزانگ میں زلزلے سے (بقیہ نمبر12)

برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اور خودمختاری کے حصول کیلئے کلیدی اہمیت رکھتا ہے

احسن اقبال

معاشی خودمختاری کے لیے نجی شعبے کو نیٹ ورکنگ، باہمی شراکت داری اور جدت کے فروغ سے برآمدات میں اضافے کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پر قابو پایا اور اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ آزمائشوں اور عالمی بحرانوں کے دور میں وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو خطرات کو مواقع میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان کو معاشی خودمختاری کی منزل تک پہنچانے کیلئے نجی شعبے کو نیٹ ورکنگ، باہمی شراکت داری اور جدت کے فروغ کے ذریعے ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار سی ای او کلب پاکستان اور ورلڈ سی ای او فورم کے زیر اہتمام منعقدہ ملک کی اہم کارپوریٹ کانفرنس سی ای او سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں 500 سے زائد کاروباری رہنماؤں، چیف ایگزیکٹوز، عالمی سرمایہ کاروں، غیر ملکی سفارت کاروں اور خواتین کاروباری شخصیات نے شرکت کی اور معاشی خودمختاری کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی (بقیہ نمبر28)

امریکی صدر ٹرمپ نے جلد ہی ایران پر دوبارہ حملہ کرنے کا اشارہ دے دیا

ہم نے ایران کو بری طرح نشانہ بنایا ہے اور ممکن ہے کہ ہم مزید کچھ کارروائی بھی کریں۔ امریکی صدر

ایک لحاظ سے وہ اس بات کو پسند کرتے ہیں کیونکہ میں وہ کر رہا ہوں جو دوسرے صدور کو کرنا چاہئے تھا۔

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جلد ہی ایران پر دوبارہ حملہ کرنے کا اشارہ دے دیا۔ وائٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اشارہ دیا کہ امریکا جلد ہی ایران پر دوبارہ حملہ کر سکتا ہے، ہم نے ایران کو بری طرح نشانہ بنایا ہے اور ممکن ہے کہ ہم مزید کچھ کارروائی بھی کریں۔ امریکی وسط مدتی انتخابات کے دوران ووٹرز پر جنگ کے اثرات سے متعلق سوال پر ٹرمپ نے کہا کہ ایک لحاظ سے وہ اس بات کو پسند کرتے ہیں کیونکہ میں وہ کر رہا ہوں جو دوسرے صدور کو کرنا چاہئے تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوسری جانب ممکن ہے کہ وہ اسے پسند نہ کریں۔ اس کی ایک قیمت چکانا پڑتی ہے، جس کا مجھے یہ قدم اٹھاتے ہی اندازہ تھا، لیکن ہم ایران کو جوہری (بقیہ نمبر29)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے کینیڈین ہائی کمشنر ملاقات کرتے ہوئے

مسئلہ کشمیر کا حل علاقائی اور عالمی امن کیلئے ناگزیر ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں، اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے، بیرسٹر افتخار گیلانی

مظفرآباد (آئی این پی) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیا میں نیوکلیئر فلیش پوائنٹ ہے، جس کا حل علاقائی اور عالمی امن کیلئے ناگزیر ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم آزاد کشمیر سے نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے وفد نے خصوصی ملاقات کی، جس میں وزیراعظم آزاد کشمیر نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا اور دونوں کے مابین (بقیہ نمبر17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ ومحصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب کی عالمی بینک کے خطے (MENAAP) کے ریجنل پریکٹس ڈائریکٹر سندیپ مہاجن، عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازار اور آئی ایف سی (IFC) کے ڈویژن ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز سے ملاقات

آصفہ بھٹو زرداری کی انٹرنیٹ کی سہولیات بہتر بنانے کے لیے پارلیمانی سیکرٹری سبین غوری کو پی پی پی کی جانب سے تعاون کی پیشکش

اسلام آباد (آئی این پی) خاتون اول اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو زرداری نے ملک بھر میں انٹرنیٹ کی سہولیات بہتر بنانے کے لیے پارلیمانی سیکرٹری سبین غوری کو پی پی پی کی جانب سے تعاون کی (بقیہ نمبر18)

بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج تک رسائی خواتین کی زندگیاں بچانے کیلئے ناگزیر ہے

بلاول بھٹو

آگاہی کے ساتھ معائنے اور علاج کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی

غریب اور دور دراز علاقوں کی خواتین کو طبی سہولیات کی منصوبہ بندی میں ترجیح دینا ہوگی، عالمی یوم آگاہی برائے چھاتی کے سرطان کے موقع پر پیغام

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ خواتین کو چھاتی کے سرطان سے متعلق درست معلومات، بروقت تشخیص اور معیاری علاج کی سہولیات فراہم کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ آگاہی مہمات اسی وقت مؤثر ثابت ہوں گی جب طبی معائنے اور علاج کی سہولیات خواتین کی دسترس میں ہوں۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق، عالمی یوم آگاہی (بقیہ نمبر 49)

اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ، سنگجانی احتجاج کیس میں عبوری ضمانت منظور

عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پی ٹی آئی احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔ اسد قیصر اپنی وکیل عائشہ خالد کے ہمراہ پیش ہوئے۔ عدالت نے عدم پیشی پر وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔

ڈیرہ غازی خان: وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کی ماڈل چائلڈ کورٹ قائم

یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ کے تعاون سے انٹرا ایکٹو ریسورس سینٹر بھی بنایا گیا

بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کیلئے ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرا ایکٹو ریسورس سینٹر قائم کر دیا گیا۔ جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کے حقوق اور بہترین مفادات کے تحفظ کیلئے خصوصی عدالتی مرکز کا افتتاح کیا گیا۔ وفاقی جوڈیشل اکیڈمی، یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ پاکستان نے مشترکہ طور پر ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرا ایکٹو ریسورس سینٹر (بقیہ نمبر20)

گوادر میں حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

ہر سازش بہادری سے ناکام بنائیں گے، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی

وطنِ عزیز کے دفاع اور پائیدار امن وسلامتی کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرِ ریلوے محمد حنیف عباسی نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا بزدلانہ حملہ ناکام بنانے اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارتِ ریلوے کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کہا (بقیہ نمبر21)

لاہور میں محفوظ بسنت 12، 13 اور 14 مارچ 2027ء کو ہوگی، غیر محفوظ چھتوں پر پتنگ بازی پر پابندی

سیکرٹری داخلہ پنجاب کی زیرصدارت حفاظتی انتظامات کا اجلاس، چھتوں پر ساڑھے 3 فٹ مضبوط حفاظتی دیوار تعمیر کرنے کی ہدایت

20 لاکھ سے زائد موٹر سائیکلوں پر مفت سیفٹی راڈز لگائے جائیں گے، مقررہ تاریخوں سے قبل اور بعد پتنگ بازی پر 5 سال قید اور 20 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا

محکمہ داخلہ نے انسانی جانوں کی حفاظت کیلئے بسنت سے قبل ضروری حفاظتی ہدایات جاری کی ہیں، سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی

لاہور (آئی این پی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت لاہور میں محفوظ بسنت کے لئے حفاظتی انتظامات بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ سیکرٹری داخلہ نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق لاہور میں محفوظ بسنت 12، 13، 14 مارچ 2027ء کو ہوگی، شہر میں کسی غیر محفوظ اور ناپائیدار چھت پر پتنگ بازی کی اجازت نہیں ہوگی، 31 دسمبر 2026ء سے قبل چھتوں پر کم از کم ساڑھے 3 فٹ کی مضبوط حفاظتی دیوار تعمیر کرنا لازم ہے، 31 دسمبر 2026ء سے قبل اجازت یافتہ مقامات پر چھتوں، منڈیر اور سیڑھیوں کی مرمت کروائی جائے، ڈپٹی (بقیہ نمبر 26)

غیر ملکی خاتون سے مبینہ زیادتی کیس، ملزم کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (آئی این پی) سیشن کورٹ لاہور نے غیر ملکی خاتون ڈیانا سے مبینہ زیادتی کے مقدمے میں نامزد ملزم تنویر کی (بقیہ نمبر 25)

قائمقام صدر یوسف رضا گیلانی کا چین کے خودمختار علاقے ژیزانگ میں زلزلے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (آئی این پی) قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے چین کے (بقیہ نمبر24)

لندن: پاکستان کی نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) مظہر جمیل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ماسکو، طلبہ کا پاکستانی سفارتخانے کا دورہ، پاکستانی سفیر کی جانب سے وفد کا خیرمقدم

پاکستان اور روس کے تعلقات، عوامی سطح پر روابط کی اہمیت کے بارے میں تبادلہ خیال

ماسکو (آئی این پی) روسی فیڈریشن میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے جمہوریہ تاتارستان کے شہر کازان سے آئے ہوئے طلبہ کے ایک وفد کا ماسکو میں پاکستانی سفارت خانے میں پرتپاک خیرمقدم کیا۔ وفد میں کازان فیڈرل یونیورسٹی، کازان اسٹیٹ پاور انجینئرنگ یونیورسٹی اور روسی اسٹیٹ یونیورسٹی آف جسٹس کی کازان شاخ کے نمائندے شامل تھے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ میں مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق سے چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کی قیادت میں وفد کی ملاقات

ملاقات کے اختتام پر پاکستان کی ترقی، سلامتی وخوشحالی اور قیام امن کیلئے خصوصی دعا کی گئی

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ میں مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق سے چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سکیورٹی، ایڈیشنل سیکرٹری سپیشل انیشیٹو، غلام صغیر شاہد و دیگر افسران ملاقات میں موجود تھے۔ وفد میں ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان صاحبزادہ محمد عبد المصطفیٰ ہزاروی (بقیہ نمبر22)

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے وسیع مواقع موجود ہیں، وزیر تجارت

آنے والے برسوں میں پاکستانی زیتون کا تیل عالمی منڈیوں میں ایک اعلیٰ معیار کی مصنوعات کے طور پر اپنی جگہ بنا سکتا ہے

جام کمال کا پاکستان مالدیپ بزنس فورم کے اختتامی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور کاروباری روابط کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ گزشتہ روز پاکستان مالدیپ (بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم ایف بی آر اور کسٹمز اصلاحات پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، بلال اظہر کیانی

کسٹمز میں شفافیت کیلئے ٹیکنالوجی پر مبنی فیس لیس کسٹمز کا نظام متعارف کرایا گیا ہے جس سے بہتری آئی ہے، وزیرمملکت کا سینٹ میں جواب

حکومت وزیراعظم کی ہدایت پر تعمیراتی شعبے کے لیے جامع پیکج کی تیاری پر کام کر رہی ہے، بلال اظہر کیانی

حکومت کی جانب سے شروع کی گئی اپنا گھر ہاسنگ سکیم کے تحت اہل پاکستانی شہری پانچ فیصد شرح سود پر ایک کروڑ روپے تک قرض حاصل کر سکتے ہیں، وزیرمملکت

اسلام آباد (آئی این پی) وزیرمملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے سینٹ کو بتایا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر اور کسٹمز کے نظام میں اصلاحات، بدعنوانی کے خاتمے اور نجی شعبے سے بہترین صلاحیتوں کے حامل افراد کو حکومتی نظام کا حصہ بنانے پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، کسٹمز میں شفافیت کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی فیس لیس کسٹمز کا نظام متعارف کرایا گیا ہے جس سے بہتری آئی ہے۔ جمعہ کو سینٹ میں سینیٹر شہادت اعوان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیرمملکت نے کہا کہ بدعنوانی جیسے مسائل کے وجود سے انکار کرنا حقیقت پسندانہ طرز عمل (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا کرک میں دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ڈی ایس پی سمیت جام شہادت نوش کرنیوالے سمیت 4 پولیس افسران کو خراج عقیدت

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کرک میں دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ڈی ایس پی سمیت جام شہادت

پی ٹی آئی کارکنوں کی نظربندی، ڈی سی لاہور اور شیخوپورہ سے رپورٹ طلب

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کارکنوں کی نظر بندی کے خلاف

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان اسلام آباد میں پاکستان - مالدیپ بزنس فورم سے خطاب کر رہے ہیں

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

سیالکوٹ: صدر چیمبر آف کامرس خاور حسین سپال، سینئر نائب صدر اسد نصیر ملک، نائب صدر چودھری جہانگیر رشید منعقدہ اجلاس میں صوبائی وزیر کھیل صوبائی وزیر کھیل، امورنوجوانان وتوانائی فیصل ایوب کھوکھر یادگاری شیلڈ پیش کرتے ہوئے۔

فیصل آباد آرٹس کونسل اور نقش آرٹسٹ ایسوسی ایشن کے باہمی اشتراک سے 21 ویں سالانہ 5 روزہ خطاطی نمائش اختتام پذیر

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد آرٹس کونسل اور نقش آرٹسٹ ایسوسی ایشن کے باہمی اشتراک سے 21 ویں سالانہ 5 روزہ خطاطی نمائش اختتام پذیر ہوگئی۔ نمائش میں نقش آرٹسٹ ایسوسی ایشن سے وابستہ 200 سے زائد فنکاروں نے اپنی خطاطی کے فن پارے پیش کئے جس میں قرآنی آیات اور نعتیہ کلام کو انتہائی خوبصورتی سے تحریر کیا گیا تھا۔ فن پاروں کو شائقین کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ فیصل آباد کے مختلف سکولوں کے 150 سے زائد طلباء و طالبات کے درمیان خطاطی کے مقابلے کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں بچوں نے عشقِ رسول ﷺ کے اظہار کے لئے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ ڈائریکٹر فیصل آباد آرٹس کونسل عمران رضا نے مقابلے میں حصہ لینے والے تمام بچوں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور کہا کہ اس طرح کی سرگرمیوں کا مقصد نئی نسل میں اسلامی فنِ خطاطی سے محبت پیدا کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تا کہ وہ مستقبل میں اس مقدس فن کے میدان میں آگے بڑھ سکیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹرز زہرہ بتول، اسد حیات اور دیگر نے بھی اظہار خیال کیا۔ تقریب میں فنکاروں، اساتذہ، والدین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

عوام مہنگائی، کاروباری مشکلات اور روزمرہ زندگی کے بڑھتے ہوئے مسائل سے دوچار ہیں، مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) انصاف لائرز فورم کے ضلعی صدر مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عوام مہنگائی، کاروباری مشکلات اور روزمرہ زندگی کے بڑھتے ہوئے مسائل سے دوچار ہیں لیکن حکمرانوں کی ترجیحات میں عوامی مشکلات کے حل کی بجائے سیاسی محاذ آرائی اور انتقامی کارروائیوں کو اہمیت دی جا رہی ہے جس کے باعث عام آدمی کی پریشانیوں میں اضافہ اور ملک میں سیاسی استحکام کی فضا متاثر ہو رہی ہے عوام کو اس وقت ریلیف، روزگار کے بہتر مواقع، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کی ضرورت ہے کیونکہ مسلسل بڑھتے اخراجات نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لئے گھریلو بجٹ چلانا مشکل بنا دیا ہے۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں، بجلی و گیس کے بل، کاروبار کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور روزگار کے محدود مواقع عام شہری کے لئے سنگین مسائل بن چکے ہیں جبکہ چھوٹے تاجروں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

اوکاڑہ کی شان، اوکاڑہ کی جان، ہمارا مان۔ انجینئر محمد عمران کو پاکستان مرکزی مسلم لیگ ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کا جنرل سیکرٹری بننے پر دلی مبارکباد۔ ابوموسیٰ کھرل

اوکاڑہ (بیورو چیف شیخ حمزہ طارق) بے حد خوشی اور فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اوکاڑہ کی ہر دلعزیز، نوجوانوں کے دلوں کی دھڑکن، خدمت خلق کے جذبے سے سرشار شخصیت محترم انجینئر محمد عمران صاحب کو پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع اوکاڑہ کا جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا ہے۔ ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ان کو اس اہم اور باوقار ذمہ داری ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انجینئر محمد عمران صاحب ایک باکردار، باصلاحیت، مخلص اور عوام دوست شخصیت کے مالک ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ اوکاڑہ کے عوام کی آواز کو بلند کیا ہے اور ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔ ان کی قائدانہ صلاحیتیں، تنظیمی بصیرت اور عوامی خدمت کا جذبہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ ہمیں مکمل یقین ہے کہ وہ اپنی خداداد صلاحیتوں، انتھک محنت، دیانتداری اور بہترین حکمت عملی سے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کو ضلع اوکاڑہ میں مزید فعال، مضبوط اور منظم بنائیں گے۔ ان کی قیادت میں پارٹی نہ صرف تنظیمی طور پر مستحکم ہوگی بلکہ خدمت خلق، فلاحی کاموں اور عوامی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

ایف ڈی اے سٹی کے نادہندہ الاٹیز کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ڈویلپمنٹ و ایڈیشنل ڈویلپمنٹ چارجز جمع کرانے کی مدت میں 30 جون 2027 تک توسیع

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) کی انتظامیہ نے ایف ڈی اے سٹی کے نادہندہ الاٹیز کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ڈویلپمنٹ و ایڈیشنل ڈویلپمنٹ چارجز جمع کرانے کی مدت میں 30 جون 2027 تک توسیع کر دی ہے۔ اس فیصلے کی منظوری ایف ڈی اے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس میں دی گئی، جس کا مقصد نادہندہ الاٹیز کو اپنے ذمہ واجبات کی ادائیگی کا مزید موقع فراہم کرنا اور ایف ڈی اے سٹی کے مالی و ترقیاتی امور کو بہتر بنانا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے نادہندہ الاٹیز پر زور دیا ہے کہ وہ ادائیگی کی مدت میں توسیع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر اپنے ذمہ واجب الادا ڈویلپمنٹ و ایڈیشنل ڈویلپمنٹ چارجز فوری جمع کرائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ مدت کے دوران واجبات کی ادائیگی نہ کرنے والے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کا قابلِ فخر اعزاز، مس عطیہ الطاف کی کوچنگ میں پاکستان کی قومی ویمن ہینڈ بال ٹیم نے تیسری پوزیشن حاصل کر لی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کا قابلِ فخر اعزاز، مس عطیہ الطاف کی کوچنگ میں پاکستان کی قومی ویمن ہینڈ بال ٹیم نے تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کی ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس مس عطیہ الطاف نے ازبکستان میں 3 سے 17 اکتوبر 2026 تک منعقد ہونے والی انٹرنیشنل ہینڈ بال فیڈریشن (IHF) ویمنز نیشنز ٹرافی، ایشیا زون میں پاکستان کی قومی ویمن ہینڈ بال ٹیم کی کوچ کی حیثیت سے شرکت کی۔ ان کی کوچنگ میں قومی ٹیم نے ایونٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کر کے ملک و قوم کا نام روشن کیا۔ اس شاندار کامیابی پر مس عطیہ الطاف نے وائس چانسلر جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر سے ملاقات کی۔ وائس چانسلر نے انہیں مبارک باد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

پنجاب فوڈ اتھارٹی اوکاڑہ میں تعینات ڈسٹرکٹ فوڈ سیفٹی آفیسر عبدالعظیم کی من پسند کارروائیوں نے محکمہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی اوکاڑہ میں تعینات ڈسٹرکٹ فوڈ سیفٹی افیسر عبدالعظیم کی من پسند کارروائیوں نے محکمہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ جس کے باعث چھوٹے تاجر شدید پریشانی سے دوچار ہیں۔ دیپالپور چوک اوکاڑہ میں واقع امین تکہ شاپ پر کی گئی حالیہ کارروائی کے بعد سنگین سوالات کھڑے ہو گئے ہیں۔ متاثرہ تاجر کا کہنا ہے کہ قانون کی پاسداری کا درس دینے والے خود ہی قانونی ضابطوں کے پابند نہ نکلے۔ ذرائع کے مطابق ٹیم کی جانب سے کوئی مضرِ صحت اشیاء برآمد کیے بغیر 10 ہزار روپے کا بھاری چالان تھما دیا گیا۔ جبکہ چالان پر سرکاری مہر اور مجاز افسر کے واضح دستخط موجود نہیں تھے۔ جو کہ سرکاری کارروائی کے لیے قانونی طور پر لازمی ہیں۔ مزید برآں کارروائی میں شریک فوڈ اتھارٹی کے اہلکار محکمانہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شناختی بیجز اور نیم پلیٹس کے بغیر موجود (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، کمشنر گوجرانوالا محمد علی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد کے اچانک دورے

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے گوجرانوالا ڈویژن سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، کمشنر گوجرانوالا محمد علی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد کے اچانک دورے کمشنر گوجرانوالا ڈویژن محمد علی اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد نے مریم نواز ہیلتھ کلینک ماڑی بھنڈراں اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں کے اچانک دورے کیے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال بھی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج سیالکوٹ شعبہ انگلش کے ایچ او ڈی کے مبینہ رویے سے اساتذہ کا تبادلہ

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج سیالکوٹ شعبہ انگلش کے ایچ او ڈی کے مبینہ رویے سے اساتذہ کا تبادلہ، گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج سیالکوٹ میں پرنسپل کالج اور شعبہ انگلش کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ (H.O.D) پروفیسر شیخ شاہد کے رویے کے باعث تعلیمی نظام شدید متاثر ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق پروفیسر شیخ شاہد کے غیر مناسب رویے سے تنگ آ کر چند ماہ قبل دو اساتذہ نے کالج سے اپنا تبادلہ کروا لیا تھا۔ رویے میں تبدیلی نہ آنے اور انتظامی مسائل کی وجہ سے اب مزید دو اساتذہ نے گورنمنٹ علامہ اقبال گریجویٹ کالج سیالکوٹ میں اپنا ٹرانسفر کروا لیا ہے۔ مختلف شعبہ میں اساتذہ کی مسلسل منتقلی سے شعبہ انگلش میں اساتذہ کی شدید کمی پیدا ہو گئی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

گورنمنٹ سکول لکھن پور کے باہر سیوریج نالے سے خطرناک زہریلا کوبرہ سانپ نکل آیا

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ سکول لکھن پور کے باہر سیوریج نالے سے خطرناک زہریلا کوبرہ سانپ نکل آیا۔ بچوں سمیت علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ تفصیلات کے مطابق پسرور کے نواحی گاؤں لکھن پور میں گورنمنٹ سکول کے باہر سیوریج کے نالے سے خطرناک زہریلا سانپ کوبرہ نکل آیا۔ سکول کے بچوں سمیت علاقہ بھر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش کرنے والا ملزم تھانہ نیکا پورہ پولیس کی گرفت میں

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش کرنے والا ملزم تھانہ نیکا پورہ پولیس کی گرفت میں، ناجائز پسٹل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نیکا پورہ پولیس نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کے ساتھ تصاویر اپلوڈ کرنے والے ملزم عدنان حسن کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ناجائز پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

شیر گڑھ روڈ پر واقع مل میں سٹاک کی گئی پرالی میں آگ لگنے کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) شیر گڑھ روڈ پر واقع مل میں سٹاک کی گئی پرالی میں آگ لگنے کی اطلاع، کالر کے مطابق اقصیٰ رائس مل میں سٹاک کی گئی پرالی کی گانٹھوں میں آگ لگ گئی، مالک کے مطابق لوڈنگ کے دوران بجلی کی تار ٹوٹنے کے باعث پرالی کی گانٹھوں میں آگ لگی، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا فوری ریسپانس، پانی کی مدد سے آگ پر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

پولیس لائنز کے ریکریشن ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد

بہاول پور (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیر قیادت پولیس لائنز کے ریکریشن ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں میٹرک کے امتحان میں نمایاں نمبر حاصل کرنے اور پوزیشنیں حاصل کرنے والے پولیس ملازمین کے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے کیش ریوارڈ سے نوازا گیا۔ تقریب کا مقصد پولیس ملازمین کے بچوں کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہنا، ان کی حوصلہ افزائی کرنا اور تعلیم کے میدان میں مزید بہتر کارکردگی دکھانے کے لیے ان کے عزم کو تقویت دینا تھا، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق بچوں کے پولیس لائن پہنچنے پر پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ منعقدہ تقریب میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے میٹرک کے امتحان میں نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 33 بچوں کو ان کی حوصلہ افزائی کے لئے نقد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

بارڈر ٹریڈ سے وابستہ تاجروں اور برآمد کنندگان کی مشکلات کم کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے فوری اقدامات ضروری ہیں، محمد اعجاز غوری

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)سابق سینئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری و سابق سینئر وائس چیئرمین پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن محمد اعجاز غوری نے کہا ہے کہ بارڈر ٹریڈ سے وابستہ تاجروں اور برآمد کنندگان کی مشکلات کم کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ تجارت میں تعطل سے برآمدی آرڈرز کی بروقت تکمیل اور ادائیگیوں میں تاخیر کا خدشہ ہے، سرحدی علاقوں کے چھوٹے تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور مزدوروں کا روزگار بھی اس تجارت سے وابستہ ہے لہٰذا ان طبقات کو درپیش مشکلات کم کرنے کا واضح لائحہ عمل دینا بھی ضروری ہے۔ متعلقہ ادارے نئی بکنگ رکے ہوئے مال اور کلیئرنس کے بارے میں یکساں اور بروقت ہدایات جاری کریں تا کہ تاجر مزید مالی نقصان سے بچ سکیں۔ سابق سینئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف سمال (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

سرکل خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ عباس نگر میں کھلی کچہری کا انعقاد

بہاول پور (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے سرکل حاصل پور، سرکل خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ عباس نگر میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ کھلی کچہریوں میں متعدد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہِ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیرِ اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور نے ایس ڈی پی او آفس سرکل حاصل پور، سرکل خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ عباس نگر میں کھلی کچہریاں لگائیں۔ منعقدہ کھلی کچہریوں کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ متعدد ایس ایچ اوز سے موقع پر براہِ راست جواب طلبی بھی کی گئی۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

اوورلوڈنگ کی روک تھام اور لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

ڈیرہ غازی خان (سی ایم لنکس) کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری کی زیر صدارت گنے کے کرشنگ سیزن کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، اوور لوڈنگ کی روک تھام اور لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں گنے کی ٹرالیوں کی محفوظ نقل و حمل، ٹریفک حادثات کی روک تھام اور شاہراہوں کو نقصان سے بچانے کے لیے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان بیرسٹر بلال سلیم، ایڈیشنل کمشنر سید نوید عالم، ڈائریکٹر زراعت مہر عابد حسین، ایس پی پٹرولنگ پولیس جان محمد، سیکرٹری آر ٹی اے نذر حسین کورائی اور پٹرولنگ پولیس کے دیگر حکام نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ عثمان طاہر جپہ، ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا، ڈپٹی کمشنر کوٹ ادو جواد حیدر اور ڈپٹی کمشنر لیہ آصف علی ڈوگر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر اشفاق احمد چوہدری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق گنے کے کرشنگ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

شہری علاقہ مدینہ ٹاؤن نزد ٹریٹ بیکری سے دو دہائیوں سے قائم کوڑا اسٹینڈ ختم کرادیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) شہری علاقہ مدینہ ٹاؤن نزد ٹریٹ بیکری سے دو دہائیوں سے قائم کوڑا اسٹینڈ ختم کرا دیا گیا۔ ختم کیے گئے کوڑا اسٹینڈ کی جگہ پبلک پارک قائم کیا جائے گا۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بتایا کہ تقریباً 2100 گھروں کے 65 سے 70 ہزار رہائشی کوڑا اسٹینڈ کے باعث اذیت کا شکار اور مختلف بیماریاں پیدا ہو رہی تھیں جبکہ ماحول تعفن زدہ ہو چکا تھا۔ مکینوں کے پرزور مطالبہ پر شہری علاقہ سے کوڑا اسٹینڈ ختم کرایا گیا جہاں پارک قائم کرنے کے لئے اقدامات شروع کئے جا رہے ہیں۔ کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے جس کے لئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر اہل علاقہ نے وزیراعلی پنجاب مریم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

بچیکی میں دوسری عالمی محفل حسنِ قرات کا انعقاد، ملکی اور غیر ملکی قراء حضرات کی شرکت، محفل سبحان اللہ کے نعروں سے گونجتی رہی

بچیکی میں دوسری عالمی محفل حسن قرات کا انعقاد، ملکی اور غیر ملکی قراء حضرات کی شرکت، محفل سبحان اللہ کے نعروں سے گونجتی رہی، تفصیلات کے مطابق الفضل سکول سسٹم میں دوسری سالانہ عالمی محفل حسن قرات کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملکی اور غیر ملکی نامور قراء حضرات نے شرکت کی اور اپنی اپنی دلنشین آواز اور منفرد اندازِ تلاوت سے سماں باندھ دیا، محفل حسن قرات کے دوران کوئٹہ سے، قاری خورشید احمد، مفتی شہاب الدین اور فیصل آباد سے قاری عبدالرحمان مکی سمیت ملک بھر سے آئے قراء نے کلام الٰہی کی تلاوت کر کے سماں باندھ دیا جبکہ مصر سے آئے قاری عبدالحمید ختام اور تنزانیہ سے قاری عیدی شعبان نے آیاتِ ربانی کی خوبصورت انداز میں تلاوت پیش کی، جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔ ان کی تلاوت کے دوران محفل سبحان اللہ کے فلک شگاف نعروں سے گونجتی رہی، معروف نعت خواں محمد آصف شیرازی نے ہدیہ نعت اور شان اہل بیت وصحابہ کرام پیش کی، پیش کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے عرفان عاجز قاری ذیشان گجر اور دیگر علماء کرام کا کہنا تھا کہ ایسی بابرکت محافل قرآنِ پاک سے محبت اور وابستگی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اس کی تعلیمات کو عام کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں انہوں نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ قرآن مجید کی باقاعدہ تلاوت کرنے کے ساتھ ساتھ اسے ترجمہ کے ساتھ پڑھیں اور اس میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

بچیکی : عالمی محفل حسن قرات کے دوران تنزانیہ سے آئے قاری عبدالحمید ختام تلاوت کلام پاک کر رہے ہیں

پتوکی پولیس مقابلے کے دوران منشیات فروش زخمی حالت میں گرفتار، 3 کلوگرام چرس اور 2 پسٹل برآمد

پتوکی (نمائندہ سحر) پتوکی پولیس مقابلے کے دوران منشیات فروش زخمی حالت میں گرفتار، 3 کلوگرام چرس اور 2 پسٹل برآمد۔ تفصیل کے مطابق پتوکی تھانہ صدر پھول نگر پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گگہ سرائے کے رہائشی اور ریکارڈ یافتہ منشیات فروش وحید عرف وحیدی کو مبینہ پولیس مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے 3 کلوگرام چرس اور 2 پسٹل برآمد ہوئے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا گیا تو اس نے پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ کر دی، تاہم پولیس اہلکار محفوظ رہے۔ اسی دوران ملزم چھت سے گرنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے مریم نواز ہیلتھ کلینک مظہر آباد کا اچانک دورہ کیا

دیپالپور (امام دین+ نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے مریم نواز ہیلتھ کلینک مظہر آباد کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کے اسٹاک، عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سروس ڈیلیوری کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے ہیلتھ کلینک کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور متعلقہ امور کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے دستیاب سہولیات اور انتظامی معاملات کا مشاہدہ کیا۔ معائنے کے دوران ادویات کا اسٹاک مکمل پایا گیا، جبکہ طبی عملے کی حاضری بھی تسلی بخش قرار دی گئی اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے صحت کے مرکز میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا خصوصی جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تا کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو صاف ستھرا، محفوظ اور صحت مند ماحول میسر آ سکیانہوں نے واضح کیا کہ سرکاری صحت مراکز میں صفائی، نظم وضبط اور مریضوں کو بہتر سہولیات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

پھولنگر سرائے مغل کے قریب افسوسناک ٹریفک حادثہ ماں بیٹا جاں بحق علاقے میں سوگ کی فضا

پھولنگر (نامہ نگار) پھولنگر سرائے مغل کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل گدھا ریڑھی سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار ماں اور بیٹا موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد دونوں میتیں ورثا کے حوالے کر دیں تفصیلات کے مطابق سرائے مغل کے قریب ایک تیز رفتار موٹر سائیکل گدھا ریڑھی سے ٹکرا گئی موٹر سائیکل پر سوار ماں بیٹا جانبر نہ ہو سکے اور موقع پر ہی دم توڑ گئے حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 20 سالہ وسیم اور 50 سالہ نسیم بی بی کے نام سے ہوئی ہے واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی ریسکیو اہلکاروں نے ضروری کارروائی مکمل کی اور دونوں جاں بحق افراد کی میتیں ان کے ورثا کے حوالے کر دیں ایک ہی خاندان کے دو افراد ماں اور بیٹے کی اچانک موت کی خبر سے اہل خانہ پر غم کا پہاڑ ٹوٹ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

ضلعی پولیس نے ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز9 گرفتار

ضلعی پولیس نے ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ضلعی پولیس نے ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے مجموعی طور پر 3 ہزار 220 گرام چرس اور 120 لیٹر شراب برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے ہیں۔ پولیس کے مطابق شاہ بھور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم بابر سے 1500 گرام چرس برآمد کی، جبکہ حویلی لکھا پولیس نے ساجد کے قبضے سے 1200 گرام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

پینم کینسر ہسپتال میں بریسٹ کینسر سے آگاہی اور اس مرض کی بروقت تشخیص وعلاج کی اہمیت اجاگر کرنے کے لئے آگاہی واک کا انعقاد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پینم کینسر ہسپتال میں بریسٹ کینسر سے آگاہی اور اس مرض کی بروقت تشخیص و علاج کی اہمیت اجاگر کرنے کے لئے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس میں ہسپتال کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور دیگر عملہ کے علاوہ عوام کی کثیر تعداد اور کینسر سے صحت یاب مریضوں اور ان کے لواحقین نے شرکت کی۔ واک کی قیادت ڈائریکٹر پینم کینسر ہسپتال ڈاکٹر حافظ خوش نصیب احمد لغاری اور ریجنل ڈائریکٹر (سی پی ایس پی) کنسلٹنٹ ڈاکٹر اصغر بٹ نے کی۔ ڈاکٹر اعجاز خان ہیڈ آف آنکالوجی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ

APNS ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے
فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلی شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

ملک ریاض کی سماجی خدمات مسیحی تعلیمات کی حقیقی عکاس ہیں، ریورنڈ فادر ظفر تنویر اور فادر نیامت بشیر

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریورنڈ فادر ظفر تنویر اور فادر نیامت بشیر نے کہا ہے کہ ملک ریاض کی سماجی خدمات مسیحی تعلیمات کی حقیقی عکاس ہیں انہوں نے اپنی اولاد اور عزیز و اقارب کو ہمیشہ بھلائی خدمتِ خلق اور انسانیت سے محبت کا درس دیا یسوع مسیح کی تعلیمات یہی پیغام دیتی ہیں کہ انسان دوسروں کی بھلائی کے لیے اپنا کردار ادا کرے کیونکہ خدمتِ خلق ہی انسانی زندگی کو بامقصد بناتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملک سرفراز، ملک فریاد، ملک الیاس اور ایلیاہ کھوکھر کے والدِ محترم کی میموریل سروس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاسٹر امانت گل، بابو انیل، بابو پطرس، بابو آصف اور دیگر مقررین نے مرحوم کی زندگی اخلاقی اوصاف اور سماجی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انسانیت کی خدمت اور دوسروں کے کام آنا ایسی خوبیاں ہیں جو انسان کو ہمیشہ زندہ رکھتی ہیں میموریل سروس میں جرنلسٹ جاوید گل، ندیم لطیف، یونس بھٹی، الیاس گل، انیل رحمت، رومیو، گلوکار چاند محمود سمیت پاسٹرز، سیاسی وسماجی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر19)

ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایت پر ضلع بھر کے ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقوں میں دینی مدارس اور تعلیمی اداروں کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایت پر ضلع بھر کے ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقوں میں دینی مدارس اور تعلیمی اداروں کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں بچوں اور خواتین کے خلاف جنسی جرائم کی روک تھام، طلبہ و طالبات میں شعور اجاگر کرنے اور اداروں میں محفوظ ماحول یقینی بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایس ایچ اوز نے منتظمین سے باہمی تعاون اور مربوط کوششوں پر زور دیا تا کہ ایسے جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر آگاہی اور حفاظتی اقدامات کیے جا سکیں۔ کیپٹن (ر) دوست محمد، ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا ہے کہ ''بچوں اور خواتین کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام اور محفوظ ماحول یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔''

سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا اصغر علی کی زیرِ نگرانی انسداد تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا اصغر علی کی زیرِ نگرانی انسداد تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا اصغر علی کی زیر نگرانی انسداد تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر اس سلسلہ میں پیرا فورس کی ٹیموں نے 27/2 ایل، 53/2 ایل، 1 چک روڈ اور جواد ایونیو سمیت مختلف مقامات پر آپریشن کرتے ہوئے تمام عارضی تجاوزات کا مکمل خاتمہ کر دیا۔ اس دوران سڑکوں اور راستوں پر کیے گئے ناجائز قبضوں، تھڑے اور عارضی دکانوں کے باہر لگائے گئے شیڈز و دیگر سامان ہٹا دیے گئے، جس سے ٹریفک کی روانی اور پیدل چلنے والوں کی آمدورفت میں بہتری آئی۔ اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر اصغر علی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ محمد متین شفیق کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی ایک کلو 440 گرام چرس برآمد

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ محمد متین شفیق کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی ایک کلو 440 گرام چرس برآمد منشیات فروش ملزم گرفتار، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی ہدایات پر ڈی ایس پی سمبڑیال سرکل سجاد احمد باجوہ کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ محمد متین شفیق نے پولیس ٹیم کے ہمراہ مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے دوران ناکہ بندی مشکوک شخص کو روکا تو دوران تلاشی بدنام زمانہ منشیات فروش وقاص احمد عرف کاشی کو گرفتار کر لیا اور اس کے قبضہ سے پولیس نے ایک کلو سے زائد چرس برآمد کر لی ملزم کے خلاف تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ ایئرپورٹ محمد متین شفیق نے کہا کہ منشیات فروشی اور غیر قانونی دھندا کرنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

اسٹیٹ لائف کی شاندار بزنس میٹنگ، نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی

بھیرہ فرحان ظفر) اسٹیٹ لائف کی شاندار بزنس میٹنگ، نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی بھیرا گورنمنٹ آف پاکستان کے ادارے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی ایک شاندار بزنس میٹنگ ڈوگر بچی ریسٹورنٹ پر منعقد ہوئی، جس میں سیکٹر ہیڈ سید ریاض حسین شاہ صاحب (چنیوٹ)، ایریا مینیجر سید حسنین شاہ نقوی صاحب اور ایریا 2785 بھیرا کی کامیاب ٹیم نے شرکت کی۔ میٹنگ کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعتِ رسول مقبول سے ہوا۔ اس موقع پر گزشتہ ماہ نمایاں کاروباری کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے احمر مصطفیٰ، بدرالحسن اور ڈاکٹر افضال احمد ملک صاحب کو پھولوں کے ہار پہنا کر خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ سیکٹر ہیڈ سید ریاض حسین شاہ صاحب نے ٹیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مزید کاروباری ترقی کے لیے رہنمائی فراہم کی اور نئے اہداف مقرر کیے۔ انہوں نے ٹیم ورک، بہتر کارکردگی اور مقررہ اہداف کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

صوبائی وزیر کھیل، امور نوجوانان وتوانائی فیصل ایوب کھوکھر نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)صوبائی وزیر کھیل، امورنوجوانان وتوانائی فیصل ایوب کھوکھر نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور صدر چیمبر خاور حسین سپال کی سربراہی میں بزنس کمیونٹی کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیر اعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز، امور نوجوانان، توانائی کے شعبے میں حکومتی اقدامات، مقامی صنعت کے فروغ اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز کے ذریعے نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان گیمز میں گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ قائم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس سے نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں میں شامل کرنے اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ محکموں سے فوری کارروائی یقینی بنانے اور مسائل کے حل میں تاخیر سے گریز کرنے کی تاکید کی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

تھانہ چورستہ میاں خاں پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چور گینگ کے سرغنہ سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) تھانہ چورستہ میاں خاں پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چور گینگ کے سرغنہ سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھ لاکھ روپے مالیت کا مالِ مسروقہ اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ چورستہ میاں خاں عشرت جبار کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث گینگ کے تین ارکان کو حراست میں لیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت سعید، شعیب اور احسان کے ناموں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق کی زیر صدارت سی ایم یوتھ گیمز کے انعقاد کے سلسلہ میں اجلاس

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق کی زیر صدارت سی ایم یوتھ گیمز کے انعقاد کے سلسلہ میں اجلاس، اجلاس میں ضلع بھر کی مختلف اسپورٹس ایسوسی ایشنز کے نمائندوں اور عہدیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس دوران ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق نے سی ایم یوتھ گیمز کے انعقاد، کھلاڑیوں کے انتخاب اور رجسٹریشن کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے اسپورٹس ایسوسی ایشنز کے نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ ضلع بھر کے شہری اور دیہی علاقوں سے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کی رجسٹریشن کو یقینی بنائیں تا کہ نئے ٹیلنٹ کو سامنے لایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کے اس اقدام کا مقصد نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا اور کھیلوں کے میدان آباد کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سی ایم یوتھ گیمز ضلع اوکاڑہ کے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم ہے، جہاں سے ہماری نوجوان نسل اپنا لوہا منوا سکتی ہے۔ محمد اشفاق نے کہا کہ ان مقابلوں کے شفاف انعقاد اور کھلاڑیوں کو میرٹ پر آگے لانے کے لیے تمام وسائل اور اقدامات بروئے کار لائے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

لپ اسٹک خریدتے وقت

کن باتوں کا خیال رکھیں؟

لپ اسٹک لگانے سے پہلے ایس پی ایف والی لپ بام لگائیں تا کہ خطرناک اجزاء براہِ راست جلد سے نہ ٹکرائیں

لپ اسٹک کے بغیر خواتین کا میک اپ ادھورا رہتا ہے۔ لیکن اس کے استعمال سے ہونٹ سیاہ ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق لپ اسٹک میں موجود بعض کیمیکل اجزاء وقت کے ساتھ ہونٹوں کا قدرتی رنگ خراب کر دیتے ہیں، جس کی وجہ سے ہونٹ سیاہ یا دھبے دار ہو سکتے ہیں۔ لپ اسٹک میں موجود سخت کیمیکل، مصنوعی خوشبوئیں اور بھاری دھاتیں (جیسے لیڈ اور کرومیم) ہونٹوں میں میلانن کی زیادتی کا سبب بنتے ہیں، جو مستقل سیاہی یا دھندلا پن پیدا کر سکتے ہیں۔ اسے لپ پگمنٹیشن کہتے ہیں، جو محض وقتی داغ نہیں ہوتے، بلکہ وقت کے ساتھ ہونٹوں کی ساخت اور رنگت پر منفی اثر ڈالتے ہیں۔ لپ اسٹک کا بار بار استعمال، خاص طور پر سستے یا غیر معیاری برانڈز، ہونٹوں کی قدرتی جلد کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ کئی فارمولیشنز میں مصنوعی رنگ اور خوشبو شامل ہوتے ہیں جو حساس جلد کو الرجی، خارش یا سوزش میں مبتلا کر کے سیاہی کو جنم دیتے ہیں۔ لپ اسٹک کو زور سے رگڑ کر صاف کرنا بھی ہونٹوں کی باریک جلد کو مائیکرو نقصان دیتا ہے، جس سے جسم دفاعی طور پر میلانن بڑھاتا ہے اور یوں ہونٹ سیاہ ہونے لگتے ہیں۔

ہونٹوں کو سیاہی سے بچانے کے لئے لپ اسٹک خریدتے کچھ باتوں کا خیال رکھیں۔ معیاری لپ اسٹکس کو ترجیح دیں۔ ایسی لپ اسٹکس خریدیں جن پر واضح طور پر لیڈ فری یا کرویلٹی فری لکھا ہو۔ میٹ اور لانگ لاسٹنگ لپ اسٹک کا کم استعمال کریں۔ یہ فارمولے عام طور پر زیادہ خشک ہوتے ہیں اور ہونٹوں کو زیادہ متاثر کرتے ہیں۔ اگر استعمال کریں تو صفائی اور نمی کا خاص خیال رکھیں۔ لپ اسٹک کبھی لگا کر نہ سوئیں۔ سونے سے قبل میک اپ صاف کر لینا چاہیے۔ تیل والے میک اپ ریموور سے لپ اسٹک نرم ہاتھوں سے صاف کریں اور اس کے بعد لپ بام ضرور لگائیں۔ ایس پی ایف بام یا پرائمر کا استعمال کریں۔ لپ اسٹک لگانے سے پہلے ایس پی ایف والی لپ بام لگائیں تا کہ خطرناک اجزاء براہِ راست جلد سے نہ ٹکرائیں۔ لیبل ضرور پڑھیں۔ وٹامن ای اور قدرتی ویکس والے اجزاء بہتر ہیں۔ لپ اسٹک حسن میں اضافہ کرتی ہے لیکن اس کا درست استعمال اور معیاری انتخاب آپ کے ہونٹوں کی صحت کے لئے ضروری ہے۔

☆☆☆

فالتو چیزوں کو دیں نیا روپ

عام طور پر کہا جاتا ہے کہ ایک سگھڑ عورت غریب کے گھر کو بھی روشن کر دیتی ہے اور ایک پھوہڑ عورت روشن گھر میں بھی اندھیرا کر دیتی ہے۔ ابتدا میں یہ بات سن کر بہت حیرت ہوتی تھی کہ یا سگھڑ عورت میں خصوصی بلب لگے ہوتے ہیں جو وہ سب کو روشن کر دیتی ہے مگر وقت کے ساتھ اس بات کی سمجھ آئی۔ سگھڑ عورت کی سب سے بڑی خاصیت یہی ہوتی ہے کہ اس کی نزدیک کوئی بھی چیز فالتو نہیں ہوتی ہے اور وہ پرانی چیزوں کو بھی فالتو قرار دے کر پھینکنے یا ضائع کرنے کے بجائے ان کا استعمال اس انداز میں کرتی ہے کہ وہ سب کچھ نیا روپ اختیار کر لیتا ہے۔

کبھی کبھار پرانے فرنیچر کی خریداری میں بھی کوئی قباحت نہیں ہوتی۔ بعض اوقات کم قیمت میں بہت عمدہ اور خوبصورت فرنیچر مل جاتا ہے۔ ری سائیکل اشیاء سے وضع داری اور نفاست کا تاثر ملتا ہے۔ یہ آپ کا بجٹ بھی متاثر نہیں کرتے۔ آپ ان کی تھوڑی بہت مرمت کروالیں، نئی پالش کروالیں۔ یہ نئے نہ سہی مگر نئے جیسے ضرور ہو جائیں گے۔ خیال رہے کہ یہ صرف آپ ہی جانتی ہیں کہ گھر کے کس گوشے میں رکھی میز، صوفہ، بک شیلف یا کوئی کرسی آپ نے بھی پرانی فرنیچر مارکیٹ سے خریدی تھی۔ اس لئے سرمایہ کاری بھی کم سے کم کرنی ہوتی ہے۔ پرانا کین فرنیچر عام مل جاتا ہے، یہ آرام دہ اور ہوادار ہونے کے ساتھ جگہ بھی کم گھیرتا ہے۔ ان خوبیوں کے علاوہ یہ خاصا بجٹ دوست فرنیچر بھی ہے۔ آسانی سے صاف بھی ہو جاتا ہے، سفید پینٹ کر دیں تو یہ بالکل نیا لگنے لگتا ہے۔

آپ کے گھر میں پلاسٹک اور شیشے کی خالی بوتلیں اکٹھی ہوتی رہتی ہیں۔ اگر آپ بیش قیمت ڈیکوریشن پیس یا گلدان خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتیں تو کم از کم جدت طبع تو رکھتی ہی ہوں گی، وہی کام میں لائیے۔ آپ سفید بوتلوں کو ''واز'' (گلدان) میں تبدیل کر سکتی ہیں۔ ان گلدانوں میں تازہ پھول، جڑی بوٹیاں، مثلاً تلسی اور خشک جھاڑیاں سجائی جا سکتی ہیں۔ پودے شیشے کی بوتلوں میں اسی طرح پھلتے پھولتے ہیں جیسے گملوں میں نشوونما پاتے ہیں اس لئے پریشانی کی کوئی بات نہیں۔

جن بوتلوں میں کارکس موجود ہوں وہ علیحدہ کریں اور انہیں Trivet کی شکل دیں۔ یہ تپائی آپ کے فرنیچر کی سطح کو خراب نہیں ہونے دے گی۔ یہ ماحول دوست تپائی بنانا مشکل نہیں۔ اگر نہ بنا پائیں تو کسی کارپینٹر سے مدد لے لیں۔ کارکس کو گلو سے جوڑ کر ایک ماحول دوست چیز بن جاتی ہے۔ عام طور پر جینز پرانی ہو جائے تو لوگ اس کو ویکسنگ کے لیے استعمال کرتے ہیں یا پھر اس کو پھینک دیا جاتا ہے۔ مگر جینز کا استعمال اس انداز میں کرنے سے عام خریداری کے لیے ایک مضبوط بیگ اور بچوں کے لیے اسٹائلش بیگ بھی بنایا جا سکتا ہے۔ اکثر الماریاں پرانی ہو جائیں تو ان کا رنگ و روپ یکسانیت کے سبب بور کرنے لگتا ہے، جس کو کچھ نئے ڈیزائن دے کر ان کو نہ صرف اٹریکٹیو بنا سکتے ہیں۔

☆☆☆

دسترخوان کی شان

چٹ پٹے پکوان

کھٹی میٹھی فروٹ چاٹ

اجزاء

کیلے: چھ عدد
امرود: آدھا کلو
پپیتا: آدھا کلو
لیموں: دو عدد
کینو کا جوس: ایک کپ
کٹی ہوئی مرچ آدھا چائے کا چمچ
چاٹ مسالہ: آدھا چائے کا چمچ
چینی: دو چائے کے چمچ۔

ترکیب:

تمام پھلوں کو باریک کاٹ کر اس میں لیموں نچوڑ کر اور کینو کا جوس اور تمام مسالہ ڈال کر مکس کریں اور فریج میں ٹھنڈا ہونے کے لیے رکھ دیں اور کچھ دیر بعد نوش کریں۔

چنا چاٹ



اجزاء

چنا: ایک پاؤ
لال مرچ: ایک کھانے کا چمچ
زیرہ پسا ہوا: ایک کھانے کا چمچ
شکر: ایک کھانے کا چمچ
چاٹ مسالہ-ایک کھانے کا چمچ
ٹماٹر و پیاز: دو عدد
آلو تین سے چار
نمک ایک کھانے کا چمچ
ہرا دھنیا: ایک گڈی
املی جوس: آدھا کپ
پودینہ: ایک گڈی۔

ترکیب: سفید چنے اور آلوؤں کو ابال لیں ابلے ہوئے چنوں میں نمک زیرہ اور لال مرچ ملا کر ایک گھنٹے کے لیے رکھ دیں ایک گھنٹے کے بعد اس میں آدھا کپ املی کا جوس ملا دیں اور اچھی طرح مکس کر دیں اسکے بعد اس میں پودینہ ہرا دھنیا ملا دیں، ٹماٹر اور پیاز کو سلائس کی شکل میں کاٹ لیں اور ابلے ہوئے آلوؤں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور چنوں میں ملا لیں لذیذ ذائقہ دار چنا چاٹ تیار ہے افطاری میں پیش کر دیں۔

خوبانی کی چٹنی

اجزاء

خشک خوبانی آدھا کلو
نمک حسب ذائقہ
چینی آدھی پیالی
کٹی ہوئی لال مرچ ایک چائے کا چمچ
کلونجی آدھا چائے کا چمچ
لہسن (کچلا ہوا) دو جوئے
سفید سرکہ آدھی پیالی
کوکنگ آئل ایک کھانے کا چمچ۔

ترکیب: خوبانیوں کو دھو کر دو پیالی گرم پانی میں ایک سے دو گھنٹے کے لئے بھگو دیں پھر درمیانی آنچ پر اتنی دیر پکائیں کہ اچھی طرح گل جائیں۔ لکڑی کے چمچ سے ہلکا ہلکا کچل کر احتیاط سے بیج نکال لیں اور دوبارہ سے چولہے پر رکھ کر اس میں چینی ڈالیں اور ہلکی آنچ کر کے دس سے بارہ منٹ تک پکائیں۔ فرائنگ پین میں کوکنگ آئل ڈال کر اس میں لہسن، کلونجی اور لال مرچوں کو ہلکا سا فرائی کر کے خوبانی پر ڈال دیں۔ چار سے پانچ منٹ پکا کر سرکہ ڈالیں، دو منٹ مزید پکائیں اور چولہے سے اتار لیں۔ مکمل ٹھنڈا ہونے پر نمک ملا لیں اور صاف و خشک جار میں محفوظ کر لیں۔

لڈو پیٹھیاں

اجزا

چنے کی دال: دو سو پچاس گرام، سفید زیرہ: ایک چائے کا چمچ، اجوائن: ایک چوتھائی چائے کا چمچ، نمک ایک چائے کا چمچ، بیکنگ پاؤڈر: آدھا چائے کا چمچ، تیل تلنے کے لیے

خوبانی کی چٹنی کے لیے

خوبانی ایک سو پچیس گرام سوکھی، نمک آدھا چائے کا چمچ، لال مرچ پاؤڈر: آدھا چائے کا چمچ، زیرہ ایک چائے کا چمچ، چینی آدھا کپ، پانی ایک کپ۔

املی کی چٹنی کے لیے

املی کا رس ایک کپ، گاڑھا، چھوہارے چھ عدد، لال مرچ ایک چائے کا چمچ پسی ہوئی، نمک آدھا چائے کا چمچ، زیرہ ایک چائے کا چمچ، سرکہ ایک کھانے کا چمچ، گڑ آدھا کپ

سلاد کے لیے

مولی: مولی آدھی، گاجر: آدھی، بند گوبھی آدھی۔

لڈو پیٹھیاں کے لیے

چنے کی دال کو رات بھر کے لیے بھگو دیں پھر اس کا پانی نکال کر اس کو سفید زیرہ، اجوائن اور نمک کے ساتھ بلینڈ کر لیں۔ فرائی کرنے سے پہلے اس میں بیکنگ پاؤڈر ڈال کر اچھی طرح پھینٹ لیں۔ پھر بیٹر کو کھانے کے چمچ کی مدد سے گرم تیل میں ڈالیں اور لڈو پیٹھیاں تل لیں۔ اس کے بعد انہیں نکال کر تیار چٹنیوں اور سلاد کے ساتھ سرو کریں۔

خوبانی کی چٹنی کے لیے

ایک پین میں سوکھی خوبانی، نمک، پسی ہوئی لال مرچ، زیرہ، چینی اور ایک کپ پانی کو پکا لیں، پھر اسے بلینڈ کر لیں۔

املی کی چٹنی کے لیے

چھوہاروں کو رات بھر کے لیے بھگو دیں، اب انہیں ایک پین میں املی کے رس، لال مرچ، نمک، زیرہ، سرکہ اور گڑ کے ساتھ پکا لیں یہاں تک کہ چٹنی گاڑھی ہو جائے، پھر اسے نکال کر ٹھنڈا کر لیں اور بلینڈ کر لیں۔

سلاد کے لیے

ایک پیالے میں مولی، گاجر اور بند گوبھی کو کدوکش کریں اور لڈو پیٹھیوں کے ساتھ سرو کریں۔

دہی چنا

اجزا

دہی آدھا کلو
زیرہ دو چائے کے چمچ (بھنا ہوا)
ہری مرچ کا پیسٹ ایک کھانے کا چمچ
نمک آدھا چائے کا چمچ
چنے آدھا کلو (ابلے ہوئے)
پھلکیاں ایک کپ (بھیگی ہوئی)
آلو دو عدد (ابلے ہوئے)
املی کی چٹنی آدھا کپ
پیاز حسب ضرورت
ٹماٹر حسب ضرورت
ہری مرچ حسب ضرورت
پودینہ حسب ضرورت
گول مرچ چھ عدد
زیرہ ایک چائے کا چمچ
ثابت دھنیا ایک چائے کا چمچ
اجوائن ایک چائے کا چمچ

ترکیب

پہلے دہی کو پھینٹ کر اس میں بھنا زیرہ، ہری مرچ کا پیسٹ اور نمک ڈال کر مزید پھینٹ لیں۔ اب سرونگ باؤل میں پہلے ابلے چنے اور اس پر دہی ڈال دیں۔ پھر بھیگی ہوئی پھلکیاں اور ابلے آلو ڈال دیں۔ اس کے بعد املی کی چٹنی، پیاز، ٹماٹر، ہری مرچ، ہرا دھنیا اور پودینہ ڈال دیں۔ آخر میں گول مرچ، زیرہ، ثابت دھنیا اور اجوائن کو بھون کر پیس لیں اور چاٹ پر چھڑک دیں۔

چنا

اجزاء

کالے چنے ایک کلو
آلو پانچ سو گرام
تیل آدھا کپ
پیاز دو عدد (بڑی)
زیرہ ایک کھانے کا چمچ
ادرک لہسن کا پیسٹ ایک کھانے کا چمچ
لال مرچ پاؤڈر ایک کھانے کا چمچ
ہلدی ایک چائے کا چمچ
گرم مصالحہ پاؤڈر آدھا چائے کا چمچ
نمک حسب ذائقہ
بیسن دو کھانے کے چمچ
املی کا گودا دو کھانے کے چمچ
ہرا دھنیا ایک گٹھی (کٹا ہوا)
ہری مرچ تین سے چار عدد (کٹی ہوئی پاپڑی گارنش کے لیے)

ترکیب: کالے چنوں کو رات بھر بھگوئیں پھر اس میں نمک ڈال کر ابال لیں۔ آلوؤں کو بھی ابال لیں، ایک پین میں تیل گرم کر کے پیاز فرائی کریں۔ ساتھ ہی زیرہ ادرک لہسن کا پیسٹ ڈال دیں، اب لال مرچ پاؤڈر، دھنیا پاؤڈر اور ہلدی شامل کر کے بھون لیں۔ پھر اس میں گرم مصالحہ پاؤڈر اور نمک ملائیں۔ ایک پیالے میں تھوڑا پانی اور بیسن کو گھول کر مصالحے میں شامل کر کے تھوڑا پکنے دیں، اب ابلے چنے اور ابلے آلو ڈال کر دم پر رکھیں۔ آخر میں املی کا گودا شامل کر کے ڈش میں نکال لیں۔ کٹا ہرا دھنیا، کٹی ہری مرچ اور پاپڑی سے گارنش کر کے سرو کریں۔

من پسند انڈے

اجزاء

انڈے (ابلے ہوئے) 6 عدد
پیاز (کتری ہوئی) ایک عدد
ہری مرچ (باریک کٹی ہوئی) دو کھانے کے چمچ
لہسن (باریک کترا ہوا) چار جوئے
ادرک (باریک کتری ہوئی) ایک کھانے کا چمچ
املی کا پیسٹ چار کھانے کے چمچ
ثابت دھنیا دو چائے کے چمچ
ثابت کالی مرچ ڈیڑھ چائے کا چمچ
شکر ایک چائے کا چمچ
سویا سوس دو کھانے کے چمچ
ثابت سرخ مرچ 6 عدد
نمک حسب ذائقہ
کوکنگ آئل ایک پاؤ۔

ترکیب:

کالی مرچ اور ثابت دھنیا موٹا موٹا کوٹ لیں اور فرائنگ پین میں کوکنگ آئل گرم کر کے اس میں ادرک، لہسن، ثابت دھنیا اور کالی مرچ ڈال کر بھونیں، خوشبو آنے لگے تو اس میں املی کا پیسٹ، چینی، ثابت سرخ مرچ، ہری مرچیں، سویا سوس اور آدھا کپ پانی ملا کر پکنے دیں۔ جب ابال آ جائے تو ابلے ہوئے انڈوں کے درمیان سے دو ٹکڑے کر کے آہستگی سے پین میں رکھتی جائیں اور ہلکی آنچ پر پانچ منٹ تک پکائیں اور پھر باریک کتری ہوئی پیاز چھڑک کر مزید پانچ منٹ تک دم لگا کر اتار لیں۔

☆☆☆

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

پختونخوا، پی ٹی آئی دورِ حکومت میں 18 ارب سے زائد کا مالی اسکینڈل؛ تہلکہ خیز انکشافات

خیبر پختونخوا کی سابقہ حکومت کا ایک اور مالی سکینڈل منظر عام پر آ گیا، جس میں چشم کشا انکشافات ہوئے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے دور حکومت میں سال 2024-25ء کے دوران 18 ارب 46 کروڑ روپے کی سنگین مالی خورد برد اور بے ضابطگیوں کا تہلکہ خیز انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی خورد برد اور بے ضابطگیاں خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی میں کی گئیں۔ اس حوالے سے آڈٹ رپورٹ میں کمپنی کے نظم ونسق اور بدترین انتظامی معاملات پر سنگین سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ آڈٹ رپورٹ کے آڈٹ پیراز کے مطابق ناقص منصوبہ بندی، بدترین اور کمزور انتظامی معاملات کی وجہ سے خزانہ کو 18 ارب 46 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ عدالتی احکامات کے باوجود کمپنی الاٹ شدہ صنعتی مالکان کو لیز پر دی جانے والی اراضی کی 2 ارب 8 کروڑ 49 لاکھ روپے کی وصولی میں ناکام رہی۔ رپورٹ کے مطابق 2024ء میں لیز کے لیئے نئی متعارف کردہ تجدید پالیسی کے مطابق کمرشل اراضی معاہدوں کی تجدید نہ کرانے سے خزانہ کو 62 کروڑ 98 لاکھ روپے کا نقصان پہنچا۔ بونیر، مہمند اور جلوزئی میں اراضی واگزار نہ کرانے سے سرکاری خزانے کو ایک ارب 7 کروڑ 74 لاکھ روپے کا ٹیکہ لگایا گیا۔ اسی طرح غیر قانونی طور پر کمرشل اراضی کو صنعتی اراضی کے لیے الاٹ کر کے خزانہ کو 17 کروڑ 41 لاکھ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ہری پور میں الحدید انجینئرنگ کو 10 ایکڑ پر مشتمل پلاٹ نمبر 185، 186، 187 اور 190 الاٹ کیا گیا تاہم اس مد میں مذکورہ کمپنی سے وصولی نہ کرنے سے خزانہ کو 49 کروڑ 78 لاکھ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ کمپنی کے لیے ممکنہ واجبات کا تخمینہ 14 ارب روپے بنتا ہے جو کمپنی کی کاروباری سرگرمیاں جاری رکھنے کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں منظور نظر لوگوں کے مفادات کو فائدہ پہنچانے کے لیے کی جانے والی مالی خورد برد سے سرکاری وسائل کو شدید نقصان پہنچایا گیا ہے۔ جبکہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت ختم ہونے کے بعد نیب بھی حرکت میں آ گیا۔ نیب ذرائع کے مطابق غیر فعال وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نیب کے ریڈار پر ہیں، جبکہ سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور، سابق وزرا افضل حکیم اور ڈاکٹر امجد کے اثاثوں کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب خیبر پختونخوا نے غیر فعال وزیراعلیٰ کے دور حکومت کے دوران مختلف منصوبوں کی تحقیقات بھی شروع کر دی ہیں۔ نیب نے سہیل آفریدی کے دور حکومت میں جتنے بھی ترقیاتی کام ہوئے ہیں، ان کا سول اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ سے ریکارڈ طلب کر لیا ہے۔ قومی احتساب بیورو نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کے دور حکومت میں کتنی سڑکیں بنی، کس کس کو ٹھیکے دیے گئے، سب ریکارڈ فراہم کیا جائے۔ نیب ذرائع کے مطابق سول اینڈ ورکس ڈپارٹمنٹ، محکمہ ریونیو، رجسٹرار ڈی ایچ اے، پی ڈی اے و دیگر متعلقہ اداروں کو ریکارڈ جمع کرنے کے نوٹسز جاری کیے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اثاثوں کی چھان بین کے بعد تینوں رہنماؤں کو انکوائری کے لیے نوٹسز جاری کیے جائیں گے۔ اس دوران پی ٹی کے دور میں غیر قانونی بھرتیوں اور کرپشن میں ملوث افسران کیخلاف بھی گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔

کامیابی کا راز



زوار غلام عباس
0300-6454370

پہلی بات تو یہ ہے کہ بہت سے لوگ سنجیدہ نہیں ہوتے اس لیے وہ کسی قسم کا کوئی بھی ہدف مقرر نہیں کرتے۔ ایسے لوگ کام کم کرتے ہیں اور باتیں زیادہ کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ کامیابی حاصل کریں اور اپنی زندگیوں کو بہتر کریں لیکن اس کیلئے وہ ضروری قسم کی کوشش نہیں کرتے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ لوگ اس لیے اہداف مقرر نہیں کرتے کیونکہ وہ کسی قسم کی ذمہ داریاں لینا نہیں چاہتے۔ جیسا کہ میں نے پہلے بیان کیا ہے کہ اہداف کا مقرر کرنا کامیابی کیلئے پہلی شرط ہے اس لیے لوگ ذمہ داریاں تو قبول نہیں کرتے لیکن یہ چاہتے ہیں کہ سب کچھ ان کے حق میں ہی ہو تو یہ کیسے ہوسکتا ہے۔ غیر ذمہ دار افراد ایسے افراد ہیں جنہوں نے ابھی تک اپنی اصل زندگی شروع نہیں کی۔ ایسے لوگ اپنی توانائی ضائع کر رہے ہیں اور لاٹری وغیرہ میں قسمت آزمائی کرتے ہیں۔ گھنٹوں بیٹھے ٹیلی ویژن دیکھتے رہتے ہیں۔ لوگوں کے اہداف نہ مقرر کرنیکی تیسری وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو بے قدر محسوس کرتے ہیں۔ ایسے لوگ سب سے نچلی سطح پر ہوتے ہیں اور ان کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بھی محدود ہوتی ہے۔ ان لوگوں میں اعتماد کی کمی ہوتی ہے ایسے لوگ عموماً منفی ماحول میں رہتے ہیں وہ خود کو کہتے ہیں کہ میں اس قابل نہیں ہوں اس لیے میرا کوشش کرنا بے کار ہے۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ لوگ اس لئے ہدف مقرر نہیں کرتے کہ وہ ہدف کی اہمیت کو نہیں سمجھتے۔ کیونکہ ایسے لوگوں کے والدین بھی اہداف کی اہمیت کے بارے میں نہ جانتے تھے۔ اور انہوں نے بھی اپنے خاندان کے بارے میں کوئی ایسا مثبت فیصلہ نہیں کیا اس لیے ان کے بچے بھی اپنی زندگی کے بارے میں کوئی ہدف مقرر نہیں کرتے۔ پانچویں وجہ یہ ہے کہ لوگ ہدف مقرر کرنا نہیں جانتے۔ ایک شخص جس نے یونیورسٹی کی ڈگری بھی حاصل کی ہے اور پندرہ سولہ سال تعلیم بھی حاصل کی ہے لیکن اس کے باوجود اس کو ہدف مقرر کرنیکے بارے میں کوئی ہدایات دی گئیں اور نہ ہی اسے کبھی ہدف کی اہمیت کے بارے میں بتایا گیا ہے تو ایسے تعلیم یافتہ لوگوں کیساتھ یہی خرابی ہے کہ وہ ہر طرح کا علم رکھنے کے باوجود اہداف مقرر کرنیکا علم نہیں رکھتے۔ چھٹی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کو اپنے اہداف مکمل نہ ہونیکا خوف ہوت اہے یا پھر ایسے لوگ دوسروں کی تنقید سے گھبرا جاتے ہیں۔ جب ہم بچے تھے تو ہمیں اپنی زندگی سے بہت سی امیدیں تھیں۔ ہمارے بہت سے خواب تھے۔ لیکن جب لوگ ہمارا مذاق اڑاتے تو ہم اپنی توہین محسوس کرتے اس خوف کی وجہ سے ہم اپنے بچپن میں کئی قسم کے اہداف کی تکمیل نہ کر سکے اس کے علاوہ کچھ بچوں کے والدین بھی ان پر بے جا تنقید کرتے رہتے ہیں اور انہیں ہر موقع پر کہا جاتا ہے کہ تم ایسا نہیں کر سکتے۔ ایسے بچے اپنے بچپن میں ہی مایوس ہو جاتے ہیں اس طرح وہ تمام زندگی ناکامیوں سے دوچار ہوتے رہتے ہیں۔ ساتویں وجہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ اپنے ہدف اس لیے مقرر نہیں کرتے کیونکہ انہیں ناکامی کا خوف ہوتا ہے۔ ناکامی کا خوف ایک بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ جس سے لوگ اپنی زندگی کے ہدف مقرر نہیں کر سکتے۔ اس طرح لوگ آرام پسند ہو جاتے ہیں اور وہ اس آرام طلبی میں عافیت سمجھتے ہیں۔ کامیابی نمبروں کا کھیل ہے۔ آپ کی کامیابی اور کوشش کے درمیان نمبروں کا بالواسطہ تعلق ہے مثال کے طور پر اگر آپ بیس بال کے اچھے کھلاڑی نہیں ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ دوسری کھیلوں میں کچھ زیادہ بہتر کارکردگی نہیں دکھا سکتے۔ جدید دنیا کا کامیاب ترین موجد تھامس ایڈیسن تھا اس نے گیارہ سو کے قریب اپنی ایجادات کو پیٹنٹ کروایا۔ 1052ء اس کی ایجادات اس کی زندگی میں ہی کمرشل بنیادوں پر بیچی گئیں لیکن اس کے باوجود ناکام شخص تھا۔ کیونکہ جتنے اس نے کامیاب تجربے کئے اس سے کئی گنا زیادہ ناکام تجربات کئے۔ تھامس ایڈیسن نے گیارہ ہزار سے زائد تجربات کئے اور اس کے بعد جا کر اس نے اکربن فلامنٹ ایجاد کیا اور یہ پہلا بجلی سے چلنے والا بلب تھا۔ اس کے بعد اس نے پانچ ہزار سے زائد تجربات کئے تو اس کے پاس ایک صحافی آیا اور اس نے کہا کہ تم پانچ ہزار دفعہ ناکام ہو چکے ہو لیکن پھر بھی تجربے کئے جا رہے ہو تو تھامس ایڈیسن نے کہا کہ اے نوجوان تم نہیں سمجھ سکتے کہ یہ دنیا کیسے متحرک ہے جبکہ میں بالکل ناکام نہیں ہوں کیونکہ میں نے پانچ ہزار دفع کامیابی اور ناکامی کے درمیان فرق کو سمجھا ہے۔ نپولین ہل نے کہا تھا کہ ہر ناکامی کیساتھ ایک کامیابی ہوتی ہے اگر آپ کسی ناکامی سے عارضی طور پر دوچار ہوتے ہیں تو پھر اس ناکامی سے سبق حاصل کیجئے۔

☆☆☆☆☆

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.........(جامع ترمذی)

امید، انتظار، اضطراب اور محرومی

محمد فرخ حنیف
farrukh_1990@yahoo.com

یونیورسٹی کے آخری دن جب نوجوان کے ہاتھ میں ڈگری آتی ہے تو اس کی آنکھوں میں صرف مستقبل کے خواب نہیں ہوتے، برسوں کی محنت کا صلہ پانے کی امید بھی ہوتی ہے۔ اسے یقین ہوتا ہے کہ اب زندگی ایک نئے مرحلے میں داخل ہوگی، گھر کے مالی حالات بہتر ہوں گے اور والدین کی قربانیاں رنگ لائیں گی۔ مگر پاکستان میں ہزاروں نوجوانوں کے لیے ڈگری ملنے کے بعد اصل امتحان شروع ہوتا ہے۔ ملازمت کی تلاش، مسلسل مسترد کیے جانے کا تجربہ اور مستقبل کی غیر یقینی صورت حال ان کے اعتماد کو آزماتی رہتی ہے۔ المیہ یہ ہے کہ جس تعلیم کو خوش حالی تک پہنچنے کا راستہ سمجھا جاتا ہے، وہی تعلیم حاصل کرنے کے بعد بہت سے نوجوان اپنے لیے روزگار کا راستہ تلاش کرنے میں بے بس دکھائی دیتے ہیں۔ پاکستان میں نوجوان گریجویٹس کی بے روزگاری اب محض معاشی مسئلہ نہیں رہی، یہ ایک سماجی المیہ بن چکی ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق ملک میں مجموعی بے روزگار افراد کی تعداد تقریباً 80 لاکھ تک پہنچ چکی ہے، جبکہ ہر سال لاکھوں نوجوان ڈگریاں لے کر عملی زندگی میں قدم رکھتے ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی تعداد کو روزگار نہیں مل پاتا۔ رپورٹس کے مطابق 20 سے 24 سال کی عمر کے نوجوانوں میں بے روزگاری کی شرح انتہائی تشویش ناک ہے۔

سوال یہ ہے کہ جس ملک کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہو، وہاں تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے دروازے بند ہوتے چلے جائیں یا ان کی ذاتی کوششوں کی راہ میں طرح طرح کی رکاوٹیں کھڑی کردی جائیں تو مستقبل کی امید کس بنیاد پر قائم رہے گی؟ ذرا ان نوجوانوں کی کیفیت کا تصور کیجیے جو برسوں تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے ہاتھوں میں ڈگری لیے ملازمت کی تلاش شروع کرتے ہیں۔ وہ اخبارات میں اشتہارات دیکھتے ہیں، ویب سائٹس پر درخواستیں جمع کراتے ہیں، انٹرویو کی تیاری کرتے ہیں اور ہر نئی آسامی کے ساتھ اپنے مستقبل کی ایک نئی تصویر بناتے ہیں۔ کبھی جواب نہیں آتا، کبھی تجربے کی شرط راستہ روک لیتی ہے اور کبھی معلوم ہوتا ہے کہ سینکڑوں امیدوار ایک معمولی سی ملازمت کے لیے مقابلہ کر رہے ہیں۔ رفتہ رفتہ امید انتظار میں، انتظار اضطراب میں اور اضطراب احساسِ محرومی میں تبدیل ہونے لگتا ہے۔ سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں نوجوان سے ملازمت کے لیے تجربہ مانگا جاتا ہے، لیکن اسے پہلا موقع دینے کے لیے ادارے کم ہی آمادہ دکھائی دیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ایک تازہ گریجویٹ تجربہ کہاں سے حاصل کرے؟ اگر ہر دروازے پر تجربے کی شرط کھڑی ہو تو عملی زندگی کا آغاز کیسے ہوگا؟ تعلیم مکمل کرنے کے بعد نوجوانوں کو انٹرن شپ، تربیت اور ابتدائی ملازمتوں کے مواقع فراہم کرنا اداروں اور حکومت کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ محض ڈگری حاصل کرنے کے بعد نوجوانوں کو قسمت کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا کسی بھی ذمہ دار معاشرے کے لیے قابلِ قبول نہیں ہونا چاہیے۔

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (PIDE) سے منسوب فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق انجینئرز میں بے روزگاری کی شرح بھی 23.5 فیصد تک پہنچ چکی ہے۔ یہ صورت حال کئی اہم سوالات کو جنم دیتی ہے۔

انجینئرنگ جیسے شعبے میں تعلیم حاصل کرنے والے نوجوان اگر اپنی مہارت کے مطابق ملازمت حاصل نہیں کر پا رہے تو اس کا مطلب ہے کہ مسئلہ صرف انفرادی قابلیت کا نہیں، روزگار کی دستیابی اور معاشی منصوبہ بندی کا بھی ہے۔ دوسری طرف، ماہرین نصاب اور مارکیٹ کی ضروریات میں عدم مطابقت کو بھی بے روزگاری کی اہم وجہ قرار دیتے ہیں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں نوجوان برسوں کتابوں سے علم حاصل کرتے ہیں، امتحانات پاس کرتے ہیں اور ڈگریاں جمع کرتے ہیں، لیکن عملی زندگی میں داخل ہونے پر انہیں احساس ہوتا ہے کہ ملازمت کی منڈی ان سے مختلف مہارتوں کا تقاضا کرتی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مہارتوں، عملی تربیت اور پیشہ ورانہ تجربے کی اہمیت بڑھ چکی ہے۔ اگر تعلیمی نصاب بدلتی ہوئی معاشی ضروریات کے مطابق نہیں ہوگا تو ڈگری یافتہ نوجوانوں اور دستیاب ملازمتوں کے درمیان خلیج مزید وسیع ہوتی جائے گی۔ اس لیے ضروری ہے کہ جامعات، صنعتوں اور حکومت کے درمیان مضبوط رابطہ قائم کیا جائے تاکہ تعلیم نوجوانوں کو صرف سند نہیں بلکہ روزگار کے قابل بنانے والی مہارتیں بھی حاصل ہوں۔

اس بحران کا ایک اور تکلیف دہ پہلو خواتین کی بے روزگاری ہے۔ فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق 20 سے 24 سال کی عمر کی 42.3 فیصد خواتین ڈگری ہولڈرز روزگار سے محروم ہیں۔ یہ اعداد و شمار اس بات پر غور کرنے کی دعوت دیتے ہیں کہ تعلیم یافتہ خواتین کے لیے روزگار کے مواقع، محفوظ کام کی جگہیں، مناسب سفری سہولتیں اور پیشہ ورانہ ترقی کے راستے کتنے ضروری ہیں۔ ایک بیٹی کو تعلیم دلانے کے لیے والدین برسوں قربانیاں دیتے ہیں، مگر اگر اسے اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع نہ ملے تو اس کا نقصان صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتا۔ پورا معاشرہ اس کی قابلیت سے محروم ہو جاتا ہے۔ صوبائی سطح پر بھی بے روزگاری کی صورت حال تشویش ناک بتائی جاتی ہے۔ فراہم کردہ اعداد و شمار میں پنجاب کے لیے 35 لاکھ، خیبر پختونخوا کے لیے 12 لاکھ، سندھ کے لیے 10 لاکھ اور بلوچستان کے لیے 2 لاکھ بے روزگار افراد کا ذکر ہے۔ جب روزگار کے مواقع آبادی میں اضافے اور تعلیم یافتہ افرادی قوت کی ضروریات کے مطابق پیدا نہ ہوں تو معاشی دباو؟ گھروں، خاندانوں اور سماجی تعلقات تک پھیل جاتا ہے۔

بے روزگاری نوجوان کی جیب ہی خالی نہیں کرتی، بعض اوقات اس کا اعتماد بھی کمزور کر دیتی ہے۔ جب دوست ملازمت حاصل کر کے زندگی میں آگے بڑھتے ہیں اور کوئی نوجوان برسوں کوشش کے باوجود اپنے اخراجات پورے کرنے کے قابل نہیں ہوتا تو وہ خود کو دوسروں سے کم تر سمجھنے لگتا ہے۔ گھر والوں کے سوالات، رشتہ داروں کے طعنے اور معاشرے کا رویہ اس کی پریشانی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ ہم اکثر کسی بے روزگار نوجوان سے پوچھتے ہیں کہ وہ کرتا کیا ہے، مگر بہت کم لوگ یہ پوچھتے ہیں کہ وہ کن حالات سے گزر رہا ہے اور اسے کس قسم کی مدد درکار ہے۔ والدین کو بھی بچوں کی عزت اور حوصلے کا خیال رکھنا ہوگا۔ بے روزگاری ان کی ناکامی کا ثبوت نہیں۔ نوجوانوں کو بھی بدلتی ہوئی دنیا کے تقاضوں کے مطابق اپنی مہارتیں بہتر بنانے اور دستیاب متبادل راستے تلاش کرنے کی ضرورت ہے، لیکن یہ ذمہ داری صرف ان کے کندھوں پر نہیں ڈالی جاسکتی۔ ریاست، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ملازمتوں میں میرٹ اور شفافیت یقینی بنائی جائے تاکہ کسی نوجوان کو یہ محسوس نہ ہو کہ کامیابی کے لیے قابلیت کے بجائے سفارش ضروری ہے۔

سوال یہ نہیں کہ ہمارے نوجوانوں کے پاس کتنی ڈگریاں ہیں، بلکہ یہ ہے کہ ان ڈگریوں کو باعزت روزگار میں تبدیل کرنے کے لیے ہم نے کیا کیا ہے۔ نوجوان کسی بھی ملک کا مستقبل ہوتے ہیں، مگر مستقبل صرف نعروں سے روشن نہیں ہوتا۔ اسے مواقع، منصفانہ نظام اور عملی فیصلوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ہم نے آج اپنے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار، اعتماد اور آگے بڑھنے کا راستہ نہ دیا تو کل ہمیں صرف معاشی نقصان نہیں، ایک پوری نسل کی مایوسی کا بوجھ بھی اٹھانا پڑے گا۔ قومیں اپنے نوجوانوں کو ڈگریاں دے کر نہیں، ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے مواقع فراہم کر کے ترقی کرتی ہیں۔

بزم قاسمی وادی سون: فروغِ اردو ادب کا روشن استعارہ

اردو ادب کسی بھی معاشرے کی تہذیبی شناخت، فکری بالیدگی اور ادبی شعور کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ زبان و ادب کی ترویج و ترقی کے لیے جہاں اہلِ قلم اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے گراں قدر خدمات سرانجام دیتے ہیں، وہاں ادبی تنظیمیں بھی اس حوالے سے کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ ایسی ہی قابلِ قدر ادبی تنظیموں میں بزم قاسمی وادی؟ سون کا نام نمایاں حیثیت رکھتا ہے، جو وطنِ عزیز کے نامور شاعر، ادیب، افسانہ نگار اور دانشور احمد ندیم قاسمی کے نام سے منسوب ہے اور اردو ادب کے فروغ کے لیے بھرپور انداز میں سرگرمِ عمل دکھائی دیتی ہے۔

احمد ندیم قاسمی اردو ادب کی ایک معتبر اور قدآور شخصیت تھے۔ ان کی ادبی خدمات، فکر و فن، شاعری اور افسانہ نگاری نے اردو ادب کو نئی جہتوں سے روشناس کرایا۔ ان کی شخصیت اور ادبی ورثہ آج بھی اہلِ قلم کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ ان کے نام سے منسوب بزم قاسمی وادی؟ سون کی ادبی سرگرمیاں درحقیقت اسی روشن ادبی روایت کو آگے بڑھانے کی ایک قابلِ تحسین کوشش ہیں۔

وادی؟ سون اپنی قدرتی خوبصورتی، تاریخی اہمیت اور منفرد تہذیبی شناخت کے باعث ضلع خوشاب کا ایک اہم خطہ ہے۔ اس سرزمین نے ہمیشہ علم و ادب سے وابستہ شخصیات کو جنم دیا ہے۔ یہاں کے ادبی ذوق، تخلیقی صلاحیتوں اور زبان و بیان سے محبت کو فروغ دینے کے لیے بزم قاسمی وادی؟ سون کی خدمات خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔ اس تنظیم کی جانب سے وقتاً فوقتاً مشاعروں، ادبی نشستوں اور دیگر علمی و ادبی سرگرمیوں کا انعقاد اس امر کا ثبوت ہے کہ اس کے عہدے داران اور اراکین اردو زبان و ادب کی خدمت کو اپنا اہم مقصد سمجھتے ہیں۔

مشاعرہ محض شعر سنانے اور داد وصول کرنے کی محفل نہیں ہوتا، بلکہ یہ اہلِ ذوق کے درمیان فکری مکالمے، تخلیقی اظہار اور تہذیبی اقدار کے فروغ کا ایک مؤثر ذریعہ بھی ہے۔ ایسی محافل میں سینئر شعراء اور ادیبوں کے تجربات سے استفادہ کرنے کا موقع ملتا ہے، جبکہ نوجوان لکھاریوں کو اپنی تخلیقات پیش کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع میسر آتے ہیں۔ بزم قاسمی وادی؟ سون کی ادبی سرگرمیاں بھی اسی مثبت روایت کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

موجودہ دور میں، جب جدید ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا نے انسانی زندگی کے بیشتر شعبوں کو متاثر کیا ہے، کتاب، مطالعے اور سنجیدہ ادبی سرگرمیوں کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ نئی نسل کو اپنی زبان، تہذیب، ثقافت اور ادبی ورثے سے وابستہ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسے حالات میں ادبی تنظیموں کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جاتی ہیں۔ انہیں چاہیے کہ وہ نوجوان نسل میں مطالعے کا شوق پیدا کریں، تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کریں اور نئے لکھنے والوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے مناسب مواقع فراہم کریں۔

یہ امر خوش آئند ہے کہ بزم قاسمی وادی؟ سون کی ادبی کاوشوں کے نتیجے میں نوجوان لکھاریوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم میسر آیا ہے، جہاں وہ اپنی تخلیقات پیش کر کے ادبی حلقوں میں اپنی شناخت قائم کرنے کی جانب قدم بڑھا سکتے ہیں۔ کسی بھی معاشرے میں نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی دراصل اس کے ادبی مستقبل میں سرمایہ کاری کے مترادف ہے۔ اگر نوجوان قلم کاروں کی رہنمائی کی جائے، ان کی تخلیقات کو توجہ سے سنا اور پڑھا جائے اور ان کی فکری و ادبی تربیت کا اہتمام کیا جائے تو یہی نوجوان مستقبل میں اردو ادب کے درخشاں ستارے ثابت ہوسکتے ہیں۔

بزم قاسمی وادی؟ سون کی کامیابی کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ ادبی سرگرمیوں کے ذریعے شعراء، ادیبوں اور اہلِ ذوق کو ایک دوسرے کے قریب آنے کا موقع ملتا ہے۔ ایسی نشستیں نہ صرف ادبی روابط کو مضبوط بناتی ہیں بلکہ باہمی احترام، فکری ہم آہنگی اور مثبت مکالمے کی فضا بھی پیدا کرتی ہیں۔ ادبی محافل معاشرے میں برداشت، شائستگی اور خوبصورت اظہار کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہیں، جو ایک مہذب اور باشعور معاشرے کی بنیادی خصوصیات ہیں۔

بلاشبہ کسی ادبی تنظیم کو فعال رکھنا آسان کام نہیں۔ اس کے لیے مسلسل محنت، خلوص، وقت کی قربانی، باہمی تعاون اور ادب سے سچی وابستگی درکار ہوتی ہے۔ بزم قاسمی وادی؟ سون کے عہدے داران اور اراکین کی ادبی سرگرمیاں اس جذبے کی عکاس ہیں کہ وہ اردو زبان و ادب کی خدمت کو محض ایک رسمی سرگرمی نہیں بلکہ ایک اہم تہذیبی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ ان کی کوششیں قابلِ قدر ہیں اور وہ خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔

ضرورت اس امر کی بھی ہے کہ بزم قاسمی وادی؟ سون اپنی ادبی سرگرمیوں کا دائرہ مزید وسیع کرے، نوجوان شعراء اور ادیبوں کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی نشستوں کا اہتمام کرے، کتابوں کی رونمائی اور ادبی مذاکروں کی روایت کو فروغ دے اور وادی؟ سون کے ادبی ورثے کو محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔ اسی طرح مقامی تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کو بھی ادبی سرگرمیوں میں شرکت کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ نئی نسل میں اردو زبان سے محبت اور تخلیقی اظہار کا جذبہ مزید پروان چڑھ سکے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ اہلِ علاقہ، صاحبِ ثروت شخصیات، علم و ادب سے وابستہ افراد اور سماجی حلقے ایسی مثبت سرگرمیوں کی سرپرستی کریں۔ ادبی اداروں کی حوصلہ افزائی دراصل علم، تہذیب اور فکری ترقی کی حوصلہ افزائی ہے۔ جب معاشرے میں اہلِ قلم کو عزت دی جاتی ہے اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کی قدر کی جاتی ہے تو وہاں علم و ادب کی روایت مضبوط ہوتی ہے اور مثبت فکری رجحانات کو فروغ ملتا ہے۔

بزم قاسمی وادی؟ سون بلاشبہ ضلع خوشاب کے ادبی منظرنامے میں ایک قابلِ قدر نام ہے۔ احمد ندیم قاسمی جیسی عظیم ادبی شخصیت کے نام سے وابستہ یہ تنظیم اردو ادب کی خدمت، نوجوان قلم کاروں کی حوصلہ افزائی اور ادبی روایات کے تسلسل کے حوالے سے ایک مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔ اس کے عہدے داران اور اراکین کی کاوشیں اس بات کی متقاضی ہیں کہ انہیں بھرپور پذیرائی دی جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

میری نظر میں کسی بھی ادبی تنظیم کا حقیقی سرمایہ اس کی عمارت یا وسائل نہیں بلکہ اس کے مقاصد سے وابستگی، اس کے اراکین کا خلوص اور اس کی سرگرمیوں سے مستفید ہونے والے اہلِ قلم ہوتے ہیں۔ اگر یہی جذبہ برقرار رہے تو بزم قاسمی وادی؟ سون مستقبل میں بھی اردو ادب کے فروغ، نوجوان نسل کی ادبی تربیت اور وادی؟ سون کی تہذیبی و ثقافتی شناخت کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی رہے گی۔

اللہ تعالیٰ بزم قاسمی وادی؟ سون کے عہدے داران اور تمام اراکین کو اردو زبان و ادب کی خدمت کا یہ خوبصورت سفر مزید کامیابیوں کے ساتھ جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

عوام مار نظام کی موت کا واحد حل

ظفریات
facebook / zafar iqbal zafar raiwind

ظفر اقبال ظفر
zafariqbalzafarculimnist@gmail.com

اگر کسی بھی حکمران کا دورِ حکومت سچائی و حقائق کے ساتھ جاننا ہو تو اُس دور کا ادب پڑھیں۔ صرف ایک ادیب، مصنف، رائٹر، یعنی قلم ہی پورا عوامی سچ لکھتا ہے۔ اگر حکومت کے وجود کا مقصد دیکھا جائے تو یہ صرف کمزور، غریب، پسے ہوئے طبقے کو علاج، تعلیم، روزگار، انصاف، تحفظ مہیاء کرنا ہے۔ انہی عوامی حقوق کے حصول پر آج کا ملکی سچ یہ ہے ایک مزدور کے حالات زندگی دیکھ لیجئے کہ بے روزگاری و مہنگائی پیدا کرتی اس نالائق حکومت کے دور میں مزدوری کو اتنا سستا کر دیا ہے کہ کثیر تعداد کے مزدور منڈی میں سارا دن کھڑے شام کو خالی ہاتھ گھروں کو لوٹ جاتے ہیں اور پھر اگلی صبح ان کی مزدوری کا نہیں مجبوری کا سودا ہوتا ہے۔

جس مزدور کو سخت گرمی اور اپنے وسیع کام کا اعصابی تناؤ نا قابل برداشت لگتا تھا وہ بچے پالنے کے لیے بے حس حکمرانوں کی بنائی اس جہنم میں روز اترتا ہے۔ سفید پوش گھرانوں کی عورتیں نقاب کر کے بازاروں میں بھیک مانگتی ہیں اور پھر ایک دن کی خوراک خرید کر بچوں میں لوٹ جاتی ہیں۔ انسانی حقوق تو چھوڑیئے یہاں انسانیت ہی پامال ہو رہی ہے۔ غریب عوام کو ان حالات میں پہنچانے والے حکمرانوں کے متعلق خدا سے سوال کرتا ہوں کہ، اے خدا ان کا خالق بھی تو ہی ہے؟ غریب عوام کا حال لکھوں تو ہر لفظ درد سے بھر جائے گا۔ اور درد کا سب تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ بڑوں سے چلتا آیا اور نسلوں تک منتقل ہوتا رہے گا کسی کے پاس اس کا مرہم نہیں۔

اک بار فیض احمد فیض سے پوچھا گیا، اب اور اس ملک کے ساتھ کیا برا ہوگا؟ تو انہوں نے جواب دیا اس سے بھی برا یہ ہوگا کہ یہ یونہی چلتا رہے گا۔

مجھے، یونہی چلتا رہے گا، سے متفق نہیں ہونا میں اس ملک کا سب سے حقدار مستحق طبقہ اُس سہولتوں میں دیکھنے کا آرزومند ہوں، جو اس ملک پر قابض اشرفیہ جی رہی ہے۔

اس کے لیے کیا خونی انقلاب آئے گا؟ نہیں مجھے پہلے ہی اس سسٹم کی ناانصافیوں سے مرجانے والوں کا دکھ کھائے جا رہا ہے، میں کسی جان کے جانے کا حامی نہیں ہوسکتا۔ پھر کیسے پسے ہوئے طبقے کے وسائل ان تک پہنچیں گے؟ ہڑتال کرنی ہوگئی؟ نہیں، روز کماتے ہیں تو کھاتے ہیں ہڑتال نہیں۔ پھر کیا احتجاج کرنا ہوگا؟ نہیں، احتجاج سے عوامی تقدیر تو کیا تصویر پر بھی اثر نہیں پڑے گا۔ پھر کیا دھرنا دینا ہوگا؟ دھرنا۔۔ہاں مگر ماضی و حال جیسا دھرنا نہیں۔ پھر کیسا؟ اپنے اندر صبر و برداشت کا دھرنا دینا ہوگا۔ وہ کیسے؟ دیکھو اس ملک میں غریب عوام کی ہی اکثریت ہے ناں؟ ہاں تو۔۔انہی کو نچوڑ کر اشرفیہ کو پالا جا رہا ہے۔ اس اشرفیہ کو فاقوں پہ لانا ہوگا۔ غریب ان کے منہ میں اپنے بچوں کے نوالے ڈالنا بند کر دیں یہ وسائل پہ قابض نظام مرجائے گا۔۔۔وہ کیسے؟ دیکھو مہنگی بجلی ظالمانہ نرخ وہ بھی لوڈشیڈنگ کے ساتھ یعنی سہولت کے نام پہ ایک عذاب کا نام بجلی ہے اس بجلی کو اسی اشرفیہ پہ گرادو۔ کیا مطلب؟ دیکھو ظالم وہ نہیں جو ظلم کرتا ہے ظالم وہ ہے جو ظلم سہتا ہے۔۔۔ٹھیک کہا پھر؟ غریب اجتماعی طور پر اس کی خریداری سے دستبردار ہوجائیں یعنی کچھ عرصہ بجلی کی خریداری ترک کردیں۔۔ہوسکتا ہے کنکشن ہی کٹ جائیں، کٹ جانے دیں۔۔۔نوے فیصد بل جمع ہی نہ ہوئے تو۔۔۔زبردستی کی مہنگائی خریدنے سے انکار مطلب ناجائز نرخوں کا عملی بائی کاٹ خریداری نہ کرنا ہے، اب کسی دوسرے ملک کو تو بیچ نہیں سکتے نا کوئی اور ملک ہماری عوام جتنا مجبور ہے۔۔۔دشمن ہمسایہ ملک بھارت پہلے ہی اپنی عوام کا بل دوسو یونٹ اور اس سے بھی زائد یونٹ مفت دیتا ہے۔ چائنہ ہمیں سولر بیچتا ہے وہ کیوں خریدے گا۔۔۔افغانستان بھی دشمن ملک وہ بھی اُس ظالمانہ قیمتوں پر نہیں لے گا جس پر اپنی عوام کو دیتے ہیں۔۔۔ایران اپنی عوام کے ساتھ ظلم کا عادی ہی نہیں وہ اپنا سارا انتظام آپ رکھتا ہے۔۔۔ایسے ہی پٹرول و گیس کے ساتھ کیا جائے، مطلب جس چیز کے نرخ اُس کی اوقات میں لانے ہیں اس کا استعمال ترک کر دیا جائے۔ ایک قوم کی طرح متفق اور متحد ہو کر ہی ہم مسائل کو دفنا سکتے ہیں اور پھر ہمارا آئین بھی تو ہمیں سول نافرمانی کی اجازت دیتا ہے سوچو اگر ہم ناجائز ٹیکس پر مبنی اشیاء کی خریداری سے انکار کر دیں تو اس کی کیا اوقات رہ جائے گی؟ اس کے بعد پتا ہے کیا ہوگا؟ کیا ہوگا؟ اشرفیہ عوام سے لوٹا ہوا سرمایہ سمیٹ کر اس ملک سے فرار ہو جائے گی۔۔۔اگر نہ ہوئی تو؟ ارے بھئی یہ اشرفیہ اپنے دور حاضر کے ظالمانہ سلوک سے ثابت کر چکی ہے کہ یہ محبّ عوام تو ہے ہی نہیں۔۔مگر اس سے بھی بڑا سچ تو یہ ہے کہ محب وطن بھی نہیں ہے۔۔۔وہ کیسے؟ یہ اس ملک کو چلانے کے لیے اپنا لوٹا ہوا پیسہ کبھی خرچ نہیں کرے گی۔۔۔نہ باہر سے واپس لائے گی۔ یہ نہ لیڈر ہیں نا سیاست دان۔۔۔وہ کیسے؟ دیکھو لیڈر اپنا نہیں اپنی عوام کا سوچتا ہے۔۔ٹھیک۔۔ہاں ٹھیک۔۔۔اور سیاست دان بھی وہ ہوتا ہے جو اپنی ذہنی قابلیت و عمل سے عوام کے لیے وسائل پیدا کرے۔۔۔یہ اس میں بھی ناکام۔۔۔یہ وہ تاجر ہیں جنہیں اقتدار کی سہولت درکار ہے۔۔۔انہوں نے اقتدار نہیں سنبھالا بلکہ اپنی نسلوں اور ساتھیوں کا مالی مستقبل سنبھالا ہوا ہے

دیکھو آج بھی یہ امیر سے امیر تر ہیں اور ہمارے محبّ وطن غریب۔۔۔ان کے پاس محبّ وطنی کے سوا ہے ہی کچھ نہیں۔۔۔نہ یہ ملک چھوڑ سکتے ہیں نہ غداری کر سکتے ہیں یہ بچارے جینے کے لیے مرے جا رہے ہیں۔۔۔اب ان کے پاس اشرفیہ کو مارنے کے سوا کیا راستہ بچتا ہے؟۔۔۔اس ملک کا غریب حکومتی وسائل کے بغیر مزدوری کر کے اپنا گزارہ کر سکتا ہے تو مہنگی تنخواہیں لینے والے کیوں مراعات کے بغیر گزارہ نہیں کر سکتے ان کی محبّ وطنی، نچلے درجے کے عوامی معیار زندگی پر جینا گناہ و سزا سمجھتی ہے؟

آپ کیا کہتے ہیں؟

اس ملک کی عوام پاکستان کے نام پر آدم خور اشرفیہ کے نوالے بنتے رہیں یا ناجائز ٹیکس و مہنگائی کی خریداری بند کر کے انہیں مار دیں؟

غلط فیصلے، شخصی سیاست اور بکھرتی ہوئی حکمتِ عملی



سلمان احمد قریشی
salmanqureshiokara@gmail.com

پاکستان تحریکِ انصاف کی سیاسی داستان پاکستانی سیاست کے دلچسپ ترین ابواب میں شمار ہوتی ہے۔ پارٹی کی سیاسی تاریخ کامیابیوں، ناکامیوں، عوامی مقبولیت اور سخت سیاسی کشمکش سے عبارت ہے۔ 1996 میں قائم ہونے والی یہ جماعت ابتدائی انتخابی ناکامیوں کے بعد ملک کی بڑی سیاسی قوتوں میں شامل ہوئی اور وفاقی و صوبائی سطح پر اقتدار تک پہنچی۔ تاہم آج اس جماعت کو جن سیاسی، تنظیمی اور حکمتِ عملی کے مسائل کا سامنا ہے، وہ ایک بنیادی سوال اٹھاتے ہیں کیا تحریکِ انصاف اپنی کامیابیوں کو مستحکم سیاسی نظام میں تبدیل کرنے میں ناکام رہی۔۔؟ حالیہ سیاسی حالات اور جماعت کے اندر سامنے آنے والے اختلافات نے یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ کیا تحریکِ انصاف اپنی مقبولیت کو ایک مؤثر، منظم اور دیرپا سیاسی حکمتِ عملی میں تبدیل کرنے میں کامیاب ہو سکے گی۔۔ 1997 کے عام انتخابات میں عمران خان نے قومی اسمبلی کے نو حلقوں سے انتخاب لڑا، لیکن کسی حلقے سے کامیاب نہ ہو سکے۔ 2002 کے انتخابات میں چار حلقوں سے حصہ لیا اور میانوالی سے کامیابی حاصل کی۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں ان کے ریفرنڈم کی حمایت بھی عمران خان کے سیاسی سفر کا ایک متنازع باب رہی۔ 2008 کے عام انتخابات میں تحریکِ انصاف نے بائیکاٹ کیا اور پارلیمانی سیاست سے باہر رہی۔ 30 اکتوبر 2011 کو لاہور میں مینارِ پاکستان پر منعقد ہونے والے بڑے جلسے نے تحریکِ انصاف کو قومی سیاست میں نئی شناخت دی۔ نوجوانوں اور روایتی سیاسی جماعتوں سے مایوس ووٹرز کی بڑی تعداد اس کی طرف متوجہ ہوئی۔ بعد ازاں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے متعدد معروف رہنماؤں نے بھی تحریکِ انصاف میں شمولیت اختیار کی۔ 2013 کے عام انتخابات میں تحریکِ انصاف قومی اسمبلی کی نمایاں جماعتوں میں شامل ہوئی اسے قومی اسمبلی کی 35 عمومی نشستیں حاصل ہوئیں جبکہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں نمایاں کامیابی کے بعد اس نے حکومت قائم کی۔ یہ تحریکِ انصاف کی پہلی بڑی صوبائی حکومتی کامیابی تھی۔ یہ جماعت کے لیے ایک اہم سنگِ میل تھا، جس نے اسے احتجاجی سیاست سے آگے بڑھ کر حکمرانی کا تجربہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔ س مرحلے نے ثابت کیا کہ عمران خان کی سیاست محض جلسوں اور نعروں تک محدود نہیں رہی بلکہ انتخابی طاقت میں تبدیل ہو چکی تھی۔

2018 کے عام انتخابات کے بعد عمران خان اتحادیوں کی حمایت سے وزیراعظم بنے۔ ان کی حکومت کو معاشی مشکلات، مہنگائی، حکومتی کارکردگی پر تنقید اور اتحادی سیاست کے چیلنجز کا سامنا رہا۔ اپریل 2022 میں قومی اسمبلی میں تحریکِ عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور عمران خان وزارتِ عظمیٰ سے محروم ہو گئے۔ تحریکِ انصاف نے اس تبدیلی کو سیاسی سازش قرار دیا جبکہ مخالف جماعتوں نے اسے آئینی و پارلیمانی عمل کا نتیجہ بتایا۔ اس معاملے پر سیاسی مؤقف مختلف رہے، لیکن حکومت کے خاتمے کے بعد تحریکِ انصاف نے بڑے عوامی اجتماعات کے ذریعے اپنی سیاسی قوت کا مظاہرہ کیا۔ پرویز الٰہی کی وزارتِ اعلیٰ کے دوران پنجاب تحریکِ انصاف کی سیاست کا ایک اہم مرکز رہا۔ اسمبلی کی تحلیل اور اس کے بعد پیدا ہونے والی سیاسی صورتِ حال نے جماعت کے صوبائی کردار کو متاثر کیا۔ اس فیصلے کے ناقدین کے نزدیک اسمبلی برقرار رکھنے اور حکومت کو جاری رکھنے کی حکمتِ عملی پر بھی غور کیا جاسکتا تھا۔ تاہم یہ کہنا کہ پنجاب کا اقتدار صرف ایک فیصلے کی وجہ سے ختم ہوا، سیاسی صورتِ حال کو ضرورت سے زیادہ سادہ بنانا ہوگا۔ اس دور میں عدالتی کارروائیوں، وفاقی و صوبائی سیاسی کشمکش اور مختلف جماعتوں کے فیصلوں نے بھی اپنا کردار ادا کیا۔ مناسب تجزیہ یہی ہے کہ تحریکِ انصاف کی حکمتِ عملی اور اس کے نتائج کا جائزہ دیگر سیاسی عوامل کے ساتھ لیا جائے۔

عمران خان کی گرفتاری کے بعد 9 مئی 2023 کو ملک کے مختلف شہروں میں احتجاج ہوئے۔ بعض مقامات پر توڑ پھوڑ اور حساس تنصیبات پر حملوں کے واقعات بھی رپورٹ ہوئے، جن کے نتیجے میں متعدد مقدمات درج کیے گئے اور گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ ان واقعات کے حوالے سے ذمہ داری، منصوبہ بندی اور مختلف افراد کے کردار کا تعین متعلقہ شواہد اور قانونی کارروائیوں کی روشنی میں ہونا چاہیے۔ تاہم ان واقعات کے بعد تحریکِ انصاف کو سیاسی دباؤ، قانونی مشکلات اور تنظیمی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب جماعت نے اپنے خلاف کارروائیوں کو سیاسی انتقام قرار دیا، تاہم سیاسی جماعت کے لیے یہ حقیقت نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ تشدد کے مناظر نے اس کی ساکھ اور تنظیمی ڈھانچے کو نقصان پہنچایا۔ اس صورتِ حال نے سیاسی مکالمے اور قانونی جدوجہد کی اہمیت مزید بڑھا دی۔

2013 سے خیبر پختونخوا تحریکِ انصاف کا اہم سیاسی مرکز رہا ہے۔ 2013، 2018 اور 2024 کے انتخابی مراحل میں جماعت نے صوبے میں اپنی مضبوط پوزیشن برقرار رکھی۔ تاہم طویل اقتدار کے ساتھ عوامی توقعات بھی بڑھتی ہیں۔ امن و امان، تعلیم، صحت، روزگار اور انتظامی کارکردگی ایسے شعبے ہیں جن میں حکومت کو اپنی کارکردگی کے ذریعے عوام کا اعتماد برقرار رکھنا ہوتا ہے۔ صوبائی حکومت کے مستقبل یا اس کے خاتمے سے متعلق کسی نتیجے تک پہنچنے کے لیے سرکاری اعلانات، آئینی اقدامات اور مستند اطلاعات کی تصدیق ضروری ہے۔ اسی طرح کسی ایک سیاسی شخصیت یا فیصلے کو صوبائی حکومت کی تمام مشکلات کا ذمہ دار قرار دینا بھی مناسب نہیں ہوگا۔ تحریکِ انصاف کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے متعلق فراہم کردہ خبر کے مطابق لانگ مارچ اور حکومت سے مذاکرات کی ناکامی کا جائزہ لینے کے لیے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ خبر میں منصوبہ بندی کے فقدان، رہنماؤں کو اعتماد میں نہ لینے اور مارچ کی حکمتِ عملی سے متعلق سوالات کا ذکر ہے۔ اسی خبر کے مطابق بعض شرکا نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے کردار پر تنقید کی جبکہ سلمان اکرم راجہ سے منسوب بیان میں کہا گیا کہ لانگ مارچ کے منصوبے کے بارے میں پوچھے جانے پر انہیں مطلوبہ تفصیلات نہیں ملتی تھیں۔ ان بیانات کو اجلاس میں سامنے آنے والے مؤقف کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، جب تک کمیٹی کی رپورٹ یا دیگر شواہد سامنے نہیں آتے، انہیں حتمی نتائج قرار نہیں دیا جاسکتا۔ خبر میں کمیٹی کے لیے لانگ مارچ کی ناکامی کی وجوہات، مذاکرات کی ناکامی اور مالی معاملات کا جائزہ لینے کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ اگر یہ کمیٹی آزادانہ اور شفاف انداز میں کام کرتی ہے اور اس کی رپورٹ سامنے لائی جاتی ہے تو جماعت کو اپنی حکمتِ عملی کی کمزوریوں کی نشاندہی کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر کے انتخاب اور محمود اچکزئی کی نامزدگی کے معاملے پر اختلافات کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ اگر ان اختلافات کی تصدیق ہوتی ہے تو یہ جماعت کے اندر مشاورت اور فیصلہ سازی کے طریق کار پر بحث کی اہم وجہ بن سکتے ہیں۔ تاہم داخلی اختلافات کو جماعت کے مکمل انتشار کا ثبوت قرار دینے کے لیے مزید شواہد درکار ہوں گے۔

تحریکِ انصاف کے لیے موجودہ حالات میں اہم سوال یہ ہے کہ وہ احتجاج، پارلیمانی سیاست، قانونی جدوجہد اور مذاکرات کے درمیان کس طرح توازن قائم کرتی ہے۔ عوامی احتجاج سیاسی دباؤ پیدا کر سکتا ہے، لیکن اس کے نتائج کا انحصار واضح مقاصد، مؤثر منصوبہ بندی، تنظیمی نظم اور سیاسی رابطوں پر ہوتا ہے۔ اسی طرح اختلافِ رائے کو غداری قرار دینے یا ہر سیاسی سمجھوتے کو کمزوری سمجھنے کا رویہ کسی بھی جماعت کی اجتماعی فیصلہ سازی کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس پہلو کا جائزہ تحریکِ انصاف سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے لیے اہم ہے۔ تحریکِ انصاف کی اصل آزمائش صرف عوامی مقبولیت برقرار رکھنا نہیں بلکہ اس مقبولیت کو مؤثر سیاسی حکمتِ عملی میں تبدیل کرنا ہے۔ فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کا قیام اسی سمت ایک مثبت قدم ثابت ہو سکتا ہے، بشرطیکہ اس کے نتائج کو سنجیدگی سے لیا جائے، ذمہ داری کا تعین شواہد کی بنیاد پر ہو اور آئندہ کے فیصلوں میں مشاورت کو اہمیت دی جائے۔ تحریکِ انصاف کی بنیادی مشکل یہ دکھائی دیتی ہے کہ احتجاج کو اکثر سیاسی حکمتِ عملی کا مرکزی ذریعہ بنا دیا جاتا ہے، جبکہ مذاکرات، پارلیمانی جدوجہد اور قابلِ عمل سیاسی سمجھوتوں کو نسبتاً کم اہمیت ملتی ہے۔ بانی چیئرمین کی رہائی اور قانونی حقوق کے لیے جدوجہد اپنی جگہ لیکن اس کے ساتھ جمہوری اداروں، پارلیمان اور عوامی مسائل پر بھی توجہ دینا ہوگی۔ سیاسی تاریخ کا ایک بنیادی سبق یہی ہے کہ قیادت کی مقبولیت اہم ہوتی ہے، لیکن جماعتوں کو زندہ رکھنے کے لیے ادارے، مشاورت، سیاسی بصیرت اور بروقت درست فیصلے ناگزیر ہیں۔ جماعتیں صرف مخالفین کی غلطیوں سے فائدہ اٹھا کر دیرپا کامیابی حاصل نہیں کرتیں۔ انہیں اپنی حکمتِ عملی، تنظیم اور فیصلہ سازی کا بھی مسلسل جائزہ لینا پڑتا ہے۔ تحریکِ انصاف کے لیے بھی یہی راستہ مستقبل کے سیاسی امکانات کو مضبوط بنانے میں مددگار ہو سکتا ہے۔

دنیا کے ہونہار اور باصلاحیت بچے

گنیز بک 2027ء میں شامل

جنہوں نے مختلف شعبوں میں عالمی ریکارڈ قائم کیے ہیں

راحیلہ مغل

ہم اکثر ان بچوں کی تلاش میں رہتے ہیں جن کو دیکھ کر مایوسیوں کے سیاہ بادل چھٹتے ہیں اور امید کی کرنیں فروزاں ہوتی ہیں۔ اس بار ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ گینز بک آف ورلڈ ریکارڈز 2027ء ایڈیشن میں 16 سال سے کم عمر کے آٹھ غیر معمولی ہونہار بچوں کو شامل کیا گیا ہے جنہوں نے مختلف شعبوں میں عالمی ریکارڈز قائم کیے ہیں۔ ان ہونہار بچوں میں میکسیکو، برازیل اور لکسمبرگ سے تعلق رکھنے والے بچے شامل ہیں۔ ان میں دنیا کی سب سے کم عمر فیشن ڈیزائنر، اتنی سے 4 سال کی عمر میں دو لسانی کتاب شائع کرنے والی سب سے کم عمر بچی، اور 4 سال کی عمر میں دنیا کی سب سے کم عمر TEDx سپیکر شامل ہیں۔ اس کے علاوہ دنیا کے سب سے کم عمر پروفیشنل کوہ پیما، جوڈو اور اسٹرانومی کے کم عمر ترین کھلاڑیوں نے بھی اپنے کھیل میں حیران کن مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریکارڈز اپنے نام کیے۔ ان میں امریکہ سے میکس الیگزینڈر (فیشن ڈیزائننگ)، فیلانسنگ چیزلین جیکس، جوڈو اونجز، کینیڈا سے میاہی کیلانیا (سمندری لہروں پر سرفنگ کرنے والی کم عمر ترین ماہر کھلاڑی)، اور کارمیلا ویلری وانس شامل ہیں، جو عزم و ہمت کی ایک لازوال مثال ہیں جنہوں نے اپنی شدید جسمانی معذوری کے باوجود فلاحی کاموں کے لیے خطیر فنڈز اکٹھے کرکے عالمی ریکارڈ بنایا۔ آیئے اب ہم آپ کو ان بچوں کے بارے میں تفصیل سے پڑھاتے ہیں۔

بلی ٹوئی

برطانیہ سے تعلق رکھنے والی، ایک مشہور اور ابھرتی ہوئی 8 سالہ پیشنل ٹینس کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے بہت ہی کم عمروں میں بین الاقوامی سطح پر شاندار کامیابیاں حاصل کر کے سب کو حیران کر دیا ہے۔ انہوں نے 2024ء میں یورو ایشیا ٹینس چیمپئن شپ میں برطانیہ کی نمائندگی کی اور محض 14 سال کی عمر میں دو گولڈ میڈل جیتے تھے۔ وہ برطانیہ کی تاریخ میں کھیل ٹینس کی سب سے کم عمر میڈلسٹ بنیں۔ وہ 27 اپریل 2018ء کو برسٹل، انگلینڈ میں پیدا ہوئیں۔ چھ سالہ بلی نامی اعصابی بیماری کے ساتھ پیدا ہوئی تھیں لیکن انہوں نے اس معذوری کو اپنی طاقت بنایا۔ بلی 8 اولمپک گیمز کا حصہ 2025ء میں بنیں جہاں انہوں نے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے دنیا کو حیران کر دیا۔ 2026ء میں فیناٹ نیشنل چیمپئن شپ میں انہوں نے گولڈ میڈل کی جیت یقینی بنائی۔ وہ فرانس کی بیائی لوئس کلب میں مشہور برطانوی کھلاڑی ول پالی کے گرینڈسن فیشن ڈیزائنر کی حیثیت سے کام کرتی ہیں۔

کیلیا مہائی کیلانیا

فرانس سے تعلق رکھنے والی، ایک ابھرتی ہوئی اور انتہائی باصلاحیت نوجوان سرفر ہیں۔ انہیں سرفنگ کی دنیا میں 'مس اینوسنٹ' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ وہ محض 12 سال کی عمر میں تاہیو پو میں ہونے والے مشہور سرفنگ مقابلے کو جیتنے والی تاریخ کی پہلی سب سے کم عمر لڑکی بنیں۔ اگست 2026ء میں 14 سال کی عمر میں انہوں نے کوسٹاریکا میں ایک عالمی سرفنگ کا ریکارڈ قائم کر دیا۔ وہ تاہیو پو کی خطرناک اور بڑی سمندری لہروں پر سرفنگ کرنے کی منفرد صلاحیت رکھتی ہیں۔ وہ تاہیتی میں پیدا ہوئیں اور وہیں پرورش پائی۔ ان کے والد کا تعلق امریکہ (ہوائی) سے ہے جبکہ ان کی والدہ کا تعلق تاہیتی سے ہے۔

کارمیلا ویلری وانس

برطانیہ سے تعلق رکھنے والی، ایک کم عمر فلاحی کارکن اور مہم جو ہیں، جنہوں نے شدید جسمانی معذوری کے باوجود لاکھوں پاؤنڈز کا فنڈ جمع کر کے دنیا بھر کے لوگوں کو متاثر کیا ہے۔ وہ ایم بی ای (MBE) کا باوقار برطانوی اعزاز پانے والی تاریخ کی سب سے کم عمر ترین شخصیت ہیں۔ کارسار نے فنڈز جمع کرنے کے لیے 25 سے زائد مختلف مہم جوئی کے چیلنجز کامیابی سے پورے کیے ہیں۔ سال 2020ء میں انہوں نے روزانہ 10 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے کا چیلنج پورا کیا، وہ روزانہ 1 کلومیٹر پیدل چلتیں اور باقی 9 کلومیٹر اپنی ویل چیئر پر عمل کرتیں۔ انہوں نے ہیرو یورکا لباس پہن کر مجموعی طور پر 300 کلومیٹر کا سفر طے کیا۔ انہوں نے اپنی ویل چیئر اور واکنگ فریم کی مدد سے دشوار گزار راستوں پر 100 میل طویل سفر طے کرنے کی مہم جوئی کی۔ انہوں نے 5 مختلف ہسپتالوں میں جا کر اپنے واکنگ فریم کی مدد سے ہزاروں قدم چل کر فنڈز جمع کیے۔ جسمانی کمزوری کے باوجود انہوں نے خصوصی کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لیا۔ سال 2025ء میں صرف 11 سال کی عمر میں شاہ برطانیہ کی جانب سے کارمیلا کی فلاحی خدمات کے اعتراف میں MBE کے اعزاز سے نوازا گیا، جو گینز ورلڈ ریکارڈز کے مطابق اب تک کا سب سے کم عمر ترین اعزاز ہے۔ یہ میڈل انہیں پرنس ولیم نے ونڈسر محل میں پیش کیا۔ انہوں نے اب تک عضلاتی کمزوری کے اداروں اور بچوں کے ہاسپس کے لیے 50 لاکھ پاؤنڈز سے زائد کی خطیر رقم جمع کی ہے۔ وہ عضلاتی کمزوری کی بیماری کے خلاف ایک سفیر بھی ہیں۔ کارمیلا کا عزم کو 3 سال کی عمر میں یٹونا نامی ایک انتہائی نایاب اور لاعلاج بیماری کی تشخیص ہوئی تھی، جو دنیا میں دس لاکھ بچوں میں سے کسی ایک کو ہوتی ہے۔ یہ بیماری بچوں کے پٹھوں کو کمزور کرتی ہے اور ان کے پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے۔ اس کے علاوہ دل کے عارضے اور ڈیمنشیا سے بھی جوڑتا ہے۔ کارمیلا کا عزم ہے کہ معذوری انسان کے خوابوں کے آڑے نہیں آسکتی، اور وہ اپنی مہم جوئی سے دنیا بھر کے معذور بچوں کو ہمت اور خود اعتمادی سکھانا چاہتی ہیں۔

میکس الیگزینڈر

میکس الیگزینڈر کی غیر معمولی صلاحیت نے کم عمری میں ہی دنیا بھر میں شہرت دلا دی۔ جس عمر میں بچے کھیل کود اور اسکول کی سرگرمیوں میں مصروف ہوتے ہیں، اس عمر میں میکس نے فیشن ڈیزائننگ اور سلائی کی دنیا میں قدم رکھا۔ باقاعدہ چار برس کی عمر میں اس نے خود کو 'لاکٹس میکر' قرار دیتے ہوئے کپڑے تیار کرنا شروع کیے اور چند ہی برسوں میں اپنا منفرد مقام حاصل کیا۔ گینز ورلڈ ریکارڈز نے اسے دنیا کا کم عمر ترین بین الاقوامی فیشن ڈیزائنر تسلیم کیا۔ میکس کی تخلیقی پرواز کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ مارچ 2026ء میں اس نے پیرس فیشن ویک میں 15 ملبوسات پر مشتمل اپنی فیشن کلیکشن پیش کر کے ایک اور عالمی ریکارڈ اپنے نام کیا۔ امریکہ سے تعلق رکھنے والے میکس الیگزینڈر 25 فروری 2016ء کو پیدا ہوئے، صرف چار سال کی عمر میں میکس نے اپنے والدین کو بتایا کہ وہ 'لباس تیار کرنے والا' بننا چاہتا ہے اور اپنی بہن کیلئے ایک فراک بھی تیار کی، جب اس کی عمر 7 سال 266 دن ہوئی تو اس نے 'پیرس فیشن ویک' میں اپنے تیار کردہ ملبوسات کا عمل نمونہ پیش کیا۔ یوں انہیں دنیا کے کم عمر ترین فیشن ڈیزائنر کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا۔

فینکس چیزلین بکس

امریکی ریاست ٹیکساس کے غیر تبدیل شدہ سے تعلق رکھنے والی چیزلین جوڈو ویل بکس بھی ایسی ہی غیر معمولی بچی ہے، جس نے محض پانچ برس کی عمر میں وہ مقام حاصل کیا جس تک پہنچنے کیلئے ؟ کی مشق اور تربیت درکار ہوتی ہے۔ چیزلین نے ۔ ٹمز کے لسٹنگ چیلنج میں 5 منٹ 33 سیکنڈ کی شاندار پرفارمنس دے کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، جس پر انہیں دنیا کی کم عمر ترین خاتون پائلٹ (اسٹرانات) کا اعزاز حاصل ہوا۔ اس چیلنج کو سائنس اور ٹیکنالوجی کی دنیا کے مشکل ترین مقابلوں میں شمار کیا جاتا ہے، جس کی کہانی لاکھوں لوگوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

جوڈو اوونز

کم عمری میں غیر معمولی صلاحیتوں کا اظہار کرنے والے جوڈو اونجز کا تعلق ہیروسے ہے، لیکن اب وہ کمپیوٹرز کی دنیا میں اپنی تخلیقی صلاحیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ اپنے ذہن کے ساتھ وہ سافٹ ویئرز تیار کرتے ہیں، جو نوجوانوں کو گیمنگ کی دنیا میں آگے بڑھنے اور سیکھنے کا موقع دیتے ہیں۔ جوڈو اونجز جیسے بچے اپنی حیرت انگیز ذہانت سے دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال رہے ہیں اور مستقبل میں اس فیلڈ میں مزید بڑے کارنامے انجام دینے کے لیے پرعزم نظر آتے ہیں۔

نوح ویلز

دنیا کے کم عمر ترین پروفیشنل کمپیوٹر پروگرامرز میں سے ایک ہیں۔ وہ 15 اکتوبر 2016ء کو پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق میلبورن، آسٹریلیا سے ہے۔ 18 اگست 2025ء کو جب ان کی عمر 8 سال اور 307 دن تھی، گینز ورلڈ ریکارڈز نے انہیں مردوں کے زمرے میں دنیا کے کم عمر ترین پروفیشنل کمپیوٹر پروگرامر کے طور پر باضابطہ طور پر درج کیا۔ انہوں نے صرف 4 سال کی عمر میں کوڈنگ کی دنیا میں قدم رکھا۔ انہوں نے ویب سائٹس، موبائل ایپلیکیشنز اور گیمز کے لیے کوڈز تیار کیے۔ انہوں نے مختلف پروگرامنگ زبانیں سیکھیں جن میں پائیتھون (Python) اور جاوا اسکرپٹ (JavaScript) شامل ہیں۔ ان کا آئی کیو (IQ) ٹیسٹ 99.9 فیصد رہا، جس کے بعد وہ عالمی سطح پر بین الاقوامی سطح پر ابھرے۔ نوح کا کہنا ہے کہ وہ مستقبل میں کلاؤڈ کمپیوٹنگ، اور ڈرونز پر کام کرنا چاہتے ہیں۔

☆☆☆

کیلیا مہائی کیلانیا

میکس الیگزینڈر

مائیں کیسے ٹائم مینجمنٹ کریں

گھر میں بچے ہوں تو ماؤں کے لئے چیزیں ترتیب دینا کوئی آسان کام نہیں ہوتا ہے

ہما منیر

گھر میں بچے ہوں تو ماؤں کے لئے چیزیں ترتیب دینا کوئی آسان کام نہیں ہوتا ہے۔ بچوں کو دیکھنا، ان کے کھانے پینے اور ضروریات کا خیال رکھنا ماؤں کے ذہن پر سوار رہتا ہے۔ بچوں کی موجودگی میں ہر آئے دن افراتفری کا سامنا رہتا ہے، تاہم چند باتوں پر عمل پیرا ہو کر مائیں اپنے وقت کا زیادہ بہتر اور زیادہ موثر استعمال یقینی بنا سکتی ہیں۔

اپنے وقت کا جائزہ لیں

اس بات کا بغور جائزہ لیں کہ آپ اپنا وقت کس طرح گزارتی ہیں۔ ماہرین کہتے ہیں کہ اسمارٹ فون اور انٹرنیٹ کے اس دور میں ہم اپنا کم از کم ایک گھنٹہ روزانہ ایسے کاموں پر خرچ کرتے ہیں، جنہیں یا تو بعد میں کیا جا سکتا ہے یا پھر انہیں اپنے شیڈول سے خارج کیا جا سکتا ہے۔

اسمارٹ فونز نے ہماری کسی ایک کام پر توجہ مرکوز رکھنے کی صلاحیت کو بری طرح متاثر کیا ہے اور ہم بمشکل 20 منٹ تک ایک کام تسلسل کے ساتھ کر پاتے ہیں اور ہم اپنی توجہ غیر پیداواری کاموں کی طرف پھیر لیتے ہیں۔

آگے کی سوچ رکھیں

ایسے طریقے تلاش کریں، جن پر عمل پیرا ہو کر آپ ایک کام کو انجام دینے کے مراحل کو کم کر سکیں یا اس پر صرف کیے جانے والے وقت میں کمی لا سکیں۔ مثلاً کوشش کریں کہ اگلی صبح کے لئے جس قدر زیادہ سے زیادہ تیاری آپ ایک رات پہلے کر سکتے ہیں، کر لیں یا اگلی صبح ناشتے کے لئے آپ کو جن برتنوں کی ضرورت پڑے گی، انہیں رات کو ہی نکال کر میز پر سجا دیں۔

چیزوں کو منظم کریں

فائلوں کا ایک کیبنٹ بنائیں اور اس میں ہر چیز کی ایک کاپی رکھیں۔ کیبنٹ میں ہر بچے کا ایک علیحدہ فولڈر ہونا چاہیے، تاکہ ضرورت پڑنے پر آپ کو معلوم ہو کہ کون سی چیز کہاں رکھی ہوئی ہے (اسکول، ڈاکٹر وغیرہ)۔ ضروری قانونی اور شہری دستاویزات بنوانے میں تاخیر نہ کریں، آج کا کام کل پر نہ چھوڑیں۔ کیا آپ کو پتہ ہے کہ کراچی اور پاکستان کے دیگر شہروں میں ایسے کئی اسکول ہیں، جو آپ کے بچے کو اہل ہونے کے باوجود صرف اس لئے داخلہ نہیں دیتے کیونکہ آپ نے بطور والدین غفلت برتتے ہوئے، ان کی کئی دستاویزات کو بروقت نہیں بنوایا ہوتا، جیسے نادرا سے برتھ سرٹیفکیٹ یا فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ وغیرہ۔

> ماؤں کے لیے وقت کا انتظام کرنا کوئی آسان کام نہیں، کیونکہ ان کی مصروفیات لمحہ بہ لمحہ بدلتی رہتی ہیں۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ سب سے پہلے اپنے دن کا آغاز بچوں کے جاگنے سے آدھا گھنٹہ پہلے کریں۔ وہ آدھا گھنٹہ آپ کو ذہنی سکون دیتا ہے جس میں آپ اپنے دن بھر کے کاموں کی ترتیب سوچ سکتی ہیں۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ایک ہی وقت میں سارے کام کرنے یعنی "ملٹی ٹاسکنگ" سے بچیں۔ جو کام سب سے ضروری ہو، پہلے اسے ختم کریں اور باقی کاموں کو بعد کے لیے چھوڑ دیں۔ بچوں کا سونے اور جاگنے کا ایک مستقل وقت مقرر کرنا بھی بہت مددگار ثابت ہوتا ہے، کیونکہ جب بچے سو رہے ہوتے ہیں تو ماؤں کو اپنے ضروری کاموں یا آرام کے لیے پرسکون وقت مل جاتا ہے۔

دوسروں کی مدد لیں

آپ کو سپر موم بننے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی ہر کام آپ نے خود ہی کرنا ہے۔ جب آپ وقت کی کمی کا شکار ہوں تو دیگر وسائل استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ لانڈری چھانٹنے کا کام ہو یا کچھ چیزوں کو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھنا ہو، یہ وہ کام ہیں جس میں آپ کے بچے بھی آپ کے مددگار بن سکتے ہیں۔

کیلنڈر تیار کریں

کسی ہمیشہ نظر آنے والی جگہ پر ایک "فیملی وال کیلنڈر" لگائیں۔

پیرنٹس ٹیچر میٹنگ سے لے کر ڈاکٹر کے اپائنٹمنٹ تک، ہر چیز کو کیلنڈر پر مارک کریں۔ کریانہ (گراسری) کی لسٹ فریج پر چسپاں کر دیں۔ ایک وائٹ بورڈ کچن میں لٹکا دیں اور ضروری فہرستیں اور یاد رکھنے والی چیزیں اس پر درج کر دیا کریں۔

ہر چیز کو جگہ پر رکھیں

کیا آپ کا اکثر وقت ایسی چیزوں کو تلاش کرنے میں ضائع ہو جاتا ہے، جنہیں آپ کسی نہ معلوم جگہ رکھ کر بھول گئی ہیں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ استعمال کے بعد ایک چیز کو اس کی مقرر کردہ جگہ پر ہی رکھیں، تاکہ اگلی بار جب جلدی میں آپ کو اس چیز کی ضرورت پڑے تو آپ کو اسے ڈھونڈنا نہ پڑے۔

باسکٹ استعمال کریں

باسکٹ بہت کمال کی چیز ہے۔ ایک اچھے سائز کی باسکٹ ہر کمرے میں رکھیں، جس میں کھلونے، کتابیں اور ویڈیوز وغیرہ رکھیں۔

اضافی چیزیں بنا کر رکھیں

کھانے پینے کی چیزیں اضافی بنا کر فریز کر لیا کریں۔ جب بھی آپ کے کسی بچے یا فیملی ممبر کو کھانے کی ضرورت محسوس ہوگی تو آپ کو کوئی چیز تیار کرنے کے لئے شروع سے تیاری نہیں کرنا پڑے گی۔

☆☆☆

ہانیہ عامر کو میں نے متعارف کرایا: حریم فاروق

پاکستانی اداکارہ اور فلم ساز حریم فاروق نے دعویٰ کیا ہے کہ میں نے ہانیہ عامر کو پہلا موقع دیا تھا۔ ایک حالیہ انٹرویو کے دوران میزبان نے حریم فاروق سے پوچھا کہ کیا آپ نے ہانیہ عامر کو متعارف کرایا تھا؟ اس پر اداکارہ نے جواب دیا کہ بالکل، میں نے ہی انہیں متعارف کرایا تھا۔ حریم فاروق نے کہا ہے کہ لوگ اکثر مجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا میں پہلی مرتبہ فلم پروڈیوس کر رہی ہوں، لیکن ایسا نہیں ہے۔ انہوں نے ہانیہ عامر کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ہانیہ کو بلندیوں تک پہنچنا تھا، میں نے انہیں ابتداء ہی میں پہچان لیا تھا۔ واضح رہے کہ ہانیہ عامر نے 2016ء میں کامیڈی فلم 'جاناں' سے اداکاری کا آغاز کیا تھا، اس وقت وہ یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم تھیں۔ حریم فاروق اس فلم کی شریک پروڈیوسر تھیں اور انہوں نے اس میں مختصر کردار بھی ادا کیا تھا، ہانیہ عامر کالج کے زمانے میں اپنی ڈب میش ویڈیوز کے باعث بھی مقبول ہوئی تھیں۔ فلم 'جاناں' میں اداکاری پر ہانیہ عامر کو بہترین معاون اداکارہ کے لیے لکس اسٹائل ایوارڈ کی نامزدگی بھی ملی، بعدازاں انہوں نے 'نامعلوم افراد 2'، 'پھر وہی محبت' اور 'پرواز ہے جنون' سمیت متعدد فلموں اور ڈراموں میں کام کیا۔ ڈرامہ 'میرے ہمسفر' میں فرحان سعید کے ساتھ ان کی اداکاری کو خاصی مقبولیت ملی، جبکہ 2025ء میں وہ بھارتی پنجابی کامیڈی فلم 'سردار جی 3' میں بھی نظر آئیں۔







بقیہ سحر 1

ہیاس صورتحال پر کالج کے طلباء وطالبات نے اپنے داخلہ واپس لینا شروع کر لیا ہے طلباء وطالبات اور والدین نے شدید تشویش اور احتجاج کا اظہار کیا ہے۔ طلبہ کا کہنا ہے کہ اساتذہ کی کمی کے باعث ان کی کلاسیں پہلے ہی صحیح طریقے سے نہیں ہو پا رہی تھیں، اور مزید اساتذہ کے جانے سے ان کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے۔ طلباء و طالبات نے پروفیسر شیخ شاہد اور پرنسپل/کالج انتظامیہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ طلبہ نے اپیل کی ہے کہ گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج میں اساتذہ کی کمی کو فوری پورا کیا جائے۔ محکمانہ انتظامی امور اور رویوں کا نوٹس لیا جائے تاکہ تعلیمی ماحول خراب نہ ہو۔ ان کے تعلیمی حرج کا تدارک کر کے کلاسوں کے باقاعدہ انعقاد کو یقینی بنایا جائے تاکہ وہ اپنی تعلیم احسن طریقے سے جاری رکھ سکیں۔

بقیہ سحر 2

نواز شریف کا شکریہ ادا کیا جن کے احکامات پر انتظامیہ نے عرصہ دراز سے قائم کوڑا اسٹینڈ کو ختم کرایا۔

بقیہ سحر 3

میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، والدین اور اہل علاقہ میں شدید تشویش کی لہر دوڑ گئی۔

بقیہ سحر 4

ہے۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا کہ اسلحہ کی نمائش اور خوف و ہراس پھیلانے کے رجحان کو ہرگز پروان نہیں چڑھنے دیا جائے گا۔ شہریوں کے تحفظ اور قیام امن کے لیے ناجائز اسلحہ رکھنے اور اس کی نمائش کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 5

بتائی گئی تعلیمات پر مکمل عمل کریں۔ محفل کے منتظمین میں مولانا عبدالوہاب، قاری محمد مشتاق، حافظ فضل الٰہی، محمد سہیل، محمد راحیل اور دیگر شامل تھے۔

بقیہ سحر 6

اور کاروباری طبقے کو بھی مختلف مشکلات کا سامنا ہے حکومت کی اصل ذمہ داری عوام کو درپیش مسائل کا حل تلاش کرنا، معاشی سرگرمیوں کو سہارا دینا اور ایسے اقدامات کرنا ہے جن سے شہریوں کو عملی ریلیف مل سکے۔ انصاف لائرز فورم کے ضلعی صدر مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ ملک اس وقت سیاسی کشیدگی، معاشی مشکلات اور باہمی عدم اعتماد سمیت متعدد چیلنجز سے دوچار ہے جن سے نمٹنے کے لئے سیاسی قیادت کو سنجیدگی، برداشت، باہمی مشاورت اور قومی مفادات کو ترجیح دینا ہوگی سیاسی استحکام کے بغیر معاشی ترقی، عوامی خوشحالی اور جمہوری اداروں کی مضبوطی کے اہداف حاصل کرنا مشکل ہے اس لئے تمام سیاسی قوتوں کو محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات اور آئینی طریق کار کے ذریعے اختلافات دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

بقیہ سحر 7

قابو پانے کے لئے فائر فائٹنگ آپریشن شروع کر دیا، آگ بجھانے کے لئے ایریا کو دو سیکٹرز میں تقسیم کر فائر فائٹنگ جاری، تحصیل رینالہ اور اوکاڑہ کی فائر وہیکلز آپریشن میں حصہ لے رہی ہیں،

بقیہ سحر 8

مسائل کے حل میں بھی ایک نئی تاریخ رقم کرے گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انجینئر محمد عمران صاحب کو اس نئی ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانے کی توفیق عطا فرمائے، انہیں مزید عزت، کامیابی اور استقامت عطا فرمائے اور ان کا سایہ اوکاڑہ کے عوام پر قائم و دائم رکھے۔ آمین

بقیہ سحر 9

انعام سے نوازا اور ان کے والدین کی محنت، تربیت اور بچوں کی تعلیم کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ ڈی پی او بہاولپور نے بچوں کے والدین، (پولیس ملازمین) کو ان کی بہترین کارکردگی اور بچوں کی تعلیمی کامیابی پر CC-III تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیئے۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ پولیس ملازمین کے بچوں کی تعلیمی کامیابیاں پورے محکمہ پولیس کے لیے باعث فخر ہیں۔ بچوں کی تعلیم و تربیت میں والدین کی محنت اور قربانیوں کا بنیادی کردار ہے، جنہیں سراہنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا محکمہ پولیس کی ذمہ داری ہے۔ نمایاں تعلیمی کارکردگی دکھانے والے بچوں کی پذیرائی سے دیگر بچوں کو بھی محنت، لگن اور تعلیمی میدان میں آگے بڑھنے کی ترغیب ملے گی۔ ڈی پی او بہاولپور نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پولیس ملازمین کی فلاح و بہبود، ان کے اہل خانہ کی حوصلہ افزائی اور بچوں کے روشن مستقبل کے لیے مثبت اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ سحر 10

کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ سرکاری ہسپتالوں اور ہیلتھ کلینکس میں ادویات کی دستیابی، عملے کی بروقت حاضری اور مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا متعلقہ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہیں ہونی چاہیے، جبکہ انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے باقاعدہ نگرانی اور معائنوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے مریم نواز ہیلتھ کلینک مظہر آباد کا اچانک دورہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد صحت عامہ کی سہولیات کا جائزہ لینا، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانا اور عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہے ضلعی انتظامیہ اوکاڑہ کی جانب سے سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے نگرانی کے اقدامات کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت کے اس دورے کے دوران ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری کی صورت حال تسلی بخش پائی گئی، جبکہ صفائی ستھرائی کے انتظامات میں مزید بہتری لانے کے لیے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں عوامی حلقوں کے لیے ایسے اچانک معائنے اس حوالے سے اہمیت رکھتے ہیں کہ ان کے ذریعے سرکاری صحت مراکز کی کارکردگی کا جائزہ لینے، انتظامی خامیوں کی نشاندہی کرنے اور مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے عمل کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ سحر 11

کے باعث اپنے ہی پسٹل کی گولی لگنے سے زخمی ہو گیا، جسے پولیس نے موقع پر گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف امتناع منشیات اور آرمز آرڈیننس کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان نے کارروائی میں بہادری کا مظاہرہ کرنے پر پولیس ٹیم کے لیے نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹس کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ سحر 12

نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو راستوں اور سڑکوں پر چلنے میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے، اسی مقصد کے لیے انسداد تجاوزات کی مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتی ہیں بلکہ پیدل چلنے والوں کے لیے بھی شدید مسائل پیدا کرتی ہیں، جنہیں کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 13

والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ اور مزید یہ کہا کہ پولیس نسلِ نو کے تحفظ اور علاقے کو منشیات ونشہ آور اشیاء سے پاک کرنے کے لیے پرُعزم ہے۔

بقیہ سحر 14

حصول کے لیے بھرپور محنت جاری رکھنے پر زور دیا۔ یہ میٹنگ سینئرز تنویر احمد صاحب اور رانا محمد آصف صاحب کی ٹیم کے زیر اہتمام منعقد ہوئی۔ شرکاء نے ادارے کی ترقی اور کاروباری اہداف کے حصول کے لیے مزید محنت اور لگن سے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 15

حکومت مقامی صنعت اور میڈ اِن پاکستان مصنوعات کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ ملکی پیداوار کو فروغ ملے اور کاروباری سرگرمیوں کو تقویت حاصل ہو۔ انہوں نے مہنگی بجلی کو کاروباری شعبے کا ایک بڑا مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ توانائی کے شعبے میں صنعت کاروں کی قابل عمل تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری اپنی تجاویز حکومت کے سامنے پیش کرے تاکہ صنعتوں کو درپیش توانائی کے مسائل کے حل کے لئے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ پنجاب میں نئے بزنس حب اور بزنس زونز قائم کئے جا رہے ہیں، جہاں صنعتوں کو سستی گرین انرجی فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دینا، کاروباری لاگت میں کمی لانے میں مدد دینا اور صنعتوں کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ فیصل ایوب کھوکھر نے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 35 سال سے زیر التوا اسکواش کورٹ کا منصوبہ ڈیڑھ سال میں مکمل کیا گیا، جو کھیلوں کی سہولیات کی بہتری کے لیے حکومتی اقدامات کی عکاسی کرتا ہے۔ صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خاور حسین سپال نے صوبائی وزیر کی چیمبر آمد پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت کی جانب سے کاروباری برادری کے لئے کئے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ حکومت اور صنعت کاروں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنا کر صنعتی ترقی، کاروباری سہولیات اور توانائی سے متعلق مسائل کے حل کے لئے مؤثر پیش رفت کی جائے گی۔

بقیہ سحر 16

کہ عوامی شکایات کا میرٹ پر حل یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو سرکاری دفاتر میں ریلیف مل سکے۔

بقیہ سحر 17

سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے چھ لاکھ روپے مالیت کا مسروقہ سامان برآمد کرنے کے علاوہ اسلحہ بھی تحویل میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق دوران تفتیش ملزمان نے چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کے انکشافات کیے ہیں، جن کی روشنی میں مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ پولیس اس بات کا بھی تعین کر رہی ہے کہ گرفتار ملزمان نے کن علاقوں میں وارداتیں کیں اور ان کے دیگر ساتھی بھی اس جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا نہیں۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان سے تفتیش کے دوران مزید اہم انکشافات متوقع ہیں، جبکہ برآمد ہونے والے مال مسروقہ کے متعلقہ مالکان کی شناخت اور قانونی کارروائی بھی تفتیش کا حصہ ہوگی۔

بقیہ سحر 18

جائیں گے۔ اس موقع پر تمام ایسوسی ایشنز کے نمائندوں نے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ سحر 19

رہنماؤں اور مذہبی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 20

ڈاکٹر سائرہ ظفر، ڈاکٹر نعیم کنسلٹنٹ سرجن، ڈاکٹر رابعہ تنویر سمیت دیگر ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف بھی شامل تھا۔ ڈاکٹر سائرہ ظفر اور مدینہ ٹیچنگ ہسپتال سے پروفیسر ڈاکٹر سائرہ سلیم نے بریسٹ کینسر کے حوالے سے خصوصی معلوماتی لیکچرز دیئے۔ انہوں نے شرکاء کو بریسٹ کینسر کی علامات، بروقت تشخیص، احتیاطی تدابیر اور علاج کے جدید طریقوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے اس لئے خواتین کو اپنی صحت کے حوالے سے شعور اور باقاعدہ طبی معائنہ کو معمول بنانا چاہیے۔ لیکچر کے اختتام پر شرکاء نے ماہرین سے بریسٹ کینسر سے متعلق مختلف سوالات کئے جن کے ڈاکٹرز نے تفصیلی جوابات دیئے۔

بقیہ سحر 21

چرس پکڑی۔ صدر دیپالپور پولیس نے اظہر، ظہیر اور یار محمد کو گرفتار کر کے ان سے 60 لیٹر شراب برآمد کی۔ اسی طرح ڈھلیانہ پولیس نے ملزم مدثر سے 520 گرام چرس برآمد کی، جبکہ اسی علاقے میں کارروائی کے دوران اشرف، آصف اور امجد سے مزید 60 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے کہا کہ ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے اور معاشرے کو اس ناسور سے پاک کرنے کے لیے پولیس کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 22

سیزن کے دوران ٹرالیوں پر مقررہ حد سے زیادہ وزن لادنے کی روک تھام ناگزیر ہے۔ اوورلوڈنگ نہ صرف ٹریفک حادثات کا سبب بنتی ہے بلکہ اس سے قیمتی انسانی جانوں کو خطرات لاحق ہوتے ہیں اور شاہراہیں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں اس لیے متعلقہ محکمے قانون پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مربوط اور مؤثر اقدامات کریں۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ گنے کی ٹرالیوں کے اطراف سے باہر نکلنے والے گنے کی روک تھام پر بھی خصوصی توجہ دی جائے کیونکہ اس طرح سڑک پر سفر کرنے والی دوسری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ٹریفک پولیس، پٹرولنگ پولیس اور ضلعی انتظامیہ مشترکہ حکمت عملی کے تحت قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کریں اور گنے کی محفوظ نقل وحمل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں اور ٹریکٹر ٹرالی مالکان میں آگاہی پیدا کی جائے تاکہ وہ گنے کی مقررہ وزن کے مطابق لوڈنگ کریں اور دورانِ سفر حفاظتی اصولوں پر عمل کریں۔ بالخصوص رات کے وقت چلنے والی ٹرالیوں پر ریفلیکٹرز اور مناسب لائٹس کی تنصیب یقینی بنائی جائے تاکہ دور سے نظر آنے کے باعث حادثات کے امکانات کم کیے جا سکیں۔ کمشنر اشفاق احمد چوہدری نے کرشنگ سیزن کے دوران غازی گھاٹ پل پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گنے کی ٹرالیوں کی آمدورفت کے باعث ٹریفک کی بندش اور شہریوں کو مشکلات سے بچانے کے لیے متعلقہ ادارے پیشگی منصوبہ بندی کریں۔ ٹریفک کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جائے اور ضرورت کے مطابق ٹریفک کو منظم کرنے کے لیے عملہ تعینات کیا جائے۔ انہوں نے شوگر ملز انتظامیہ کو ہدایت کی کہ گنے کی ٹرالیوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر اپنے پارکنگ یارڈز کو مزید وسعت دیں اور ملز کے اندر ٹرالیوں کی پارکنگ کے مناسب انتظامات کیے جائیں تاکہ شاہراہوں پر گاڑیوں کی طویل قطاریں نہ لگیں اور ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ کمشنر نے اس امر پر زور دیا کہ گنے کے کرشنگ سیزن کے دوران تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور اشتراک سے کام کریں۔ اوور لوڈنگ کی روک تھام، ٹرالیوں پر حفاظتی لائٹس اور ریفلیکٹرز کی تنصیب، ٹریفک قوانین پر عمل درآمد اور شوگر ملز کے پارکنگ انتظامات کو یقینی بنا کر نہ صرف حادثات میں کمی لائی جاسکتی ہے بلکہ شاہراہوں کے تحفظ اور عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی میں بھی بہتری ممکن ہے۔

بقیہ سحر 23

ہمراہ تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر نے گوجرانوالا ٹیچنگ ہسپتال کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ مریم نواز ہیلتھ کلینک ماڑی بھنڈراں میں افسران نے ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، اسٹاک اور میعار استعمال کا جائزہ لیا اور علاج کے لیے آنے والے شہریوں سے طبی سہولیات کے معیار کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کیا۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال نوشہرہ ورکاں میں صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور علاج معالجے کے انتظامات کا معائنہ کیا گیا، جبکہ مریضوں اور ان کے لواحقین سے سہولیات کی فراہمی کے بارے میں دریافت کیا گیا۔ افسران نے ہسپتال کی کینٹین میں اشیائے خوردونوش کی مقررہ نرخوں پر فروخت اور میعار استعمال بھی چیک کی اور ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو معیاری اشیاء مناسب قیمتوں پر فراہم کی جائیں۔

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گوجرانوالا ٹیچنگ ہسپتال کے دورے کے دوران مختلف شعبوں میں طبی سہولیات، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق تعیناتی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ میڈیکل سپرٹینڈنٹ نے ہسپتال کی کارکردگی اور انتظامات کے بارے میں بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت طبی امداد، معیاری علاج اور ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، جبکہ عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کی دیکھ بھال میں بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے۔ کمشنر محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے واضح کیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں شہریوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، شکایات کا فوری ازالہ اور علاج معالجے کے معیار کو برقرار رکھنا متعلقہ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس کے لیے ہسپتالوں کی نگرانی اور معائنوں کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ سحر 24

مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ ایک ہفتے کے اندر ریکوری مکمل کر کے مالِ مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ سحر 25

تھے۔ متاثرہ تاجر کا یہ بھی کہنا ہے کہ مقررہ تاریخ سے قبل مختلف پرائیویٹ موبائل نمبروں سے جرمانے کی فوری ادائیگی کے لیے مسلسل دباؤ ڈالا گیا۔ جس کے تمام ثبوت ان کے پاس موجود ہیں۔ متاثرہ تاجر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، سیکرٹری فوڈ اور ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی سے اس معاملے کا نوٹس لے کر غیر جانبدارانہ تحقیقات اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 26

پیش کی اور ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں میڈل پہنایا۔ وائس چانسلر نے مس عطیہ الطاف کی محنت، لگن اور کھیلوں کے میدان میں خواتین کی نمائندگی کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ مس عطیہ الطاف اور قومی ویمن ہینڈ بال ٹیم کو اس شاندار کامیابی پر مبارک باد پیش کرتی ہے۔ ہمیں اپنی کامیابیوں پر فخر ہے۔

بقیہ سحر 27

نادہندگان کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں ان کے پلاٹس کی منسوخی کے لیے محکمانہ اقدامات بھی شامل ہوں گے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر ایف ڈی اے سٹی و ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ٹو سہیل مقصود پنوں نے بتایا کہ توسیع شدہ مدت کے دوران نادہندہ الاٹیز دو ہزار روپے فی مرلہ جرمانے کے ساتھ اپنے ذمہ ڈویلپمنٹ و ایڈیشنل ڈویلپمنٹ چارجز جمع کرا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ الاٹیز کو ادائیگی کے لیے اضافی مہلت فراہم کرنے کا مقصد انہیں اپنے مالی معاملات درست کرنے اور پلاٹس کی ملکیت برقرار رکھنے کا موقع دینا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف ڈی اے سٹی کے الاٹیز کو چاہیے کہ وہ اپنے واجبات کی تفصیلات حاصل کر کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق ادائیگی یقینی بنائیں، تاکہ مستقبل میں کسی قسم کی قانونی یا محکمانہ پیچیدگی سے بچا جا سکے۔ واجبات کی بروقت وصولی سے ایف ڈی اے سٹی کے ترقیاتی منصوبوں اور دیگر ضروری امور کو آگے بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔ ایف ڈی اے انتظامیہ نے نادہندہ الاٹیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس رعایتی مہلت کو سنجیدگی سے استعمال کریں، ادائیگی کے معاملات میں مزید تاخیر سے گریز کریں اور 30 جون 2027 کی حتمی تاریخ سے قبل اپنے تمام واجبات ادا کر کے اپنی الاٹمنٹ کو ممکنہ منسوخی سے محفوظ بنائیں۔

بقیہ سحر 28

ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری و سابق سینئر وائس چیئرمین پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن محمد اعجاز غوری نے کہا کہ پاکستان ایران کو تقریباً 700 ملین ڈالر کی اشیاء برآمد کرتا ہے جبکہ ایران سے 2 ارب ڈالر کی درآمدات کی جاتی ہیں اس طرح پاکستان کے مابین مجموعی تجارت کا حجم تقریباً تین ارب ڈالر سالانہ ہے۔ کراس بارڈر ٹریڈ کی اچانک معطلی سے کاروباری برادری شدید مشکلات کا شکار ہوگئی ہے جبکہ ایران سے درآمدات رکنے سے پاکستان میں ایل پی جی کی شدید قلت کا خطرہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک محتاط اندازے کے مطابق تقریباً دو ہزار مال بردار ٹرک سرحد کے دونوں جانب پھنس گئے ہیں جبکہ پاکستانی تاجر ایرانی سپلائرز کو ایڈوانس ادائیگیاں کر چکے ہیں اور ایسی صورت میں پاکستانی تاجروں کا سرمایہ پھنسنے کے ساتھ گاڑیاں کے اضافی کرایوں، ڈرائیوروں کے قیام اور مال کی حفاظت کے اخراجات بڑھ رہے ہیں اس کے علاوہ جلد خراب ہونے والی اشیاء جیسے فروٹس اور ویجیٹیبلز کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے۔ رکے ہوئے مال کے تحفظ اور کلیئرنس کے لئے فوری انتظام ضروری ہے۔

بقیہ سحر 29

پڑا اس افسوسناک واقعے پر علاقے میں بھی سوگ کی فضا پھیل گئی حادثے نے اہل علاقہ کو افسردہ کر دیا۔

بقیہ سحر 30

جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاحی پروگراموں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ساہیوال، اوکاڑہ اور پاکپتن اضلاع میں صفائی، صاف پانی کی فراہمی، سیوریج و نکاسی آب، شہری خوبصورتی، رہائشی سہولیات اور گورننس کے مختلف اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے متعلقہ منصوبوں اور حکومتی پروگراموں پر عملدرآمد کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے ستھرا پنجاب پروگرام کو حکومت کا فلیگ شپ پروگرام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعے شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کمشنر اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ پروگرام کی مؤثر نگرانی، فیلڈ کارکردگی کے باقاعدہ جائزے اور انتظامی امور میں بہتری کو یقینی بنایا جائے تاکہ صفائی کے معیار میں مسلسل بہتری برقرار رکھی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کی طویل المدتی کامیابی کے لیے مالیاتی پائیداری ضروری ہے۔ صفائی کی خدمات کے عوض فیسوں کی مؤثر وصولی سے پروگرام کو بتدریج خودکفیل بنانے اور سرکاری خزانے پر مالی دباؤ کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈویژن میں روزانہ 3 ہزار 762 ٹن کوڑا کرکٹ پیدا ہوتا ہے، جس میں سے 3 ہزار 751 ٹن جمع کیا جا رہا ہے۔ صفائی کے نظام کے لیے 10 ہزار 279 اہلکار اور 2 ہزار 315 مشینری یونٹس دستیاب ہیں، جبکہ کوڑا کرکٹ کی منتقلی کے 30 مراکز اور 7 ڈمپنگ سائٹس بھی موجود ہیں۔ صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے بتایا گیا کہ ڈویژن میں 487 واٹر فلٹریشن پلانٹس میں سے 426 فعال ہیں، جبکہ باقی 61 پلانٹس کی بحالی اور مرمت کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت ساہیوال ڈویژن میں 7 ہزار 635 گھر تعمیر ہو چکے ہیں، جبکہ 5 ہزار 4 گھروں کی تعمیر جاری ہے۔ پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 16 ارب 55 کروڑ 90 لاکھ روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، جبکہ ایک ارب 24 کروڑ 5 لاکھ روپے کی وصولی بھی ہو چکی ہے۔ ضلع وار اعداد و شمار کے مطابق ساہیوال میں 2 ہزار 832 گھر تعمیر اور ایک ہزار 17 زیر تعمیر ہیں، اوکاڑہ میں 2 ہزار 844 گھر تعمیر اور 2 ہزار 154 زیر تعمیر ہیں، جبکہ پاکپتن میں ایک ہزار 959 گھر تعمیر اور ایک ہزار 833 زیر تعمیر ہیں۔ اجلاس میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہری سیوریج، بارشی پانی کی نکاسی، گلیوں کی تعمیر، ای بس سروس، مثالی گاؤں، شہری خوبصورتی اور اون سورس ریونیو (OSR) اسکیموں پر بھی غور کیا گیا۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام 27-2026 کے حوالے سے بتایا گیا کہ ڈویژن میں 241 جاری ترقیاتی اسکیمیں شامل ہیں، جن کی مجموعی لاگت 93 ارب 66 کروڑ 90 لاکھ روپے ہے، جبکہ مالی سال 27-2026 کے لیے 12 ارب 19 کروڑ 20 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اجلاس میں گورننس کی بہتری کے لیے ای فائلنگ وای فواس، ای بز، ریونیو خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن، عوامی شکایات کے ازالے اور ہسپتالوں میں فائر سیفٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ نمبر 1

آپریشن تاحال جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے گزشتہ روز حملہ کیا تھا جس کے بعد فورسز نے بروقت کارروائی کرکے دہشت گردوں کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ دوسری جانب وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے گوادر میں سات دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور عزم کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر ناز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر وترقی میں رکاوٹ ڈالنے والے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 2

پزیرائی کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے گوادر میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیر اعظم نے دہشتگردوں کے حملے کے دوران ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے شہید کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعاء کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے فرض شناس و بہادر افسران اور جوانوں نے گوادر شہر اور گبد بارڈر کراسنگ کے اطراف دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیئے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 3

کس صوبے کو نہیں مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں

بقیہ نمبر 4

لندن کی خصوصی دعوت پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے خصوصی لیکچر دیا۔ سارہ احمد نے اس موقع پر یونیورسٹی کالج لندن میں ایسوسی ایٹ پروفیسرز اور ڈاکٹریٹ محققین پر مشتمل علمی و تحقیقی حلقے کے سامنے بچوں کے تحفظ کے لیے پاکستان کے عملی اقدامات پر روشنی ڈالی اور بچوں کے تحفظ، کم عمری کی شادیوں کی روک تھام اور بچوں کے محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ یونیورسٹی کالج لندن کے علمی و تحقیقی حلقے نے بچوں کے تحفظ کے لیے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب کے اقدامات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ یونیورسٹی کالج لندن کے ایسوسی ایٹ پروفیسرز نے بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے موثر پالیسی سازی اور عملی اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈاکٹریٹ محققین نے بچوں کے تحفظ، کم عمری کی شادیوں کی روک تھام اور آن لائن تحفظ کے حوالے سے پاکستان کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا، علمی و تحقیقی حلقے میں بچوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور بچوں کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی سے متعلق تجاویز پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئر پرسن سارہ احمد نے بچوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ، فنی تربیت اور انہیں معاشرے کا فعال شہری بنانے کے لیے تجاویز بھی پیش کیں۔ یونیورسٹی کالج لندن کے ایسوسی ایٹ پروفیسرز نے چیئر پرسن سارہ احمد کی آمد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کے شکر گزار ہیں کہ آپ نے یہاں آکر پاکستان میں بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنے ادارے کی کاوشوں سے آگاہ کیا، انہوں نے بچوں کے تحفظ کے لیے چیئر پرسن سارہ احمد کے عملی اقدامات اور جدوجہد کو متاثر کن قرار دیتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ یونیورسٹی کالج لندن کے ایسوسی ایٹ پروفیسرز نے چیئر پرسن سارہ احمد کی پاکستان میں چائلڈ پروٹیکشن پالیسیوں کی منظوری اور نفاذ کے لیڈر شپ چیلنجز اور مشکلات کے سامنا کرنے کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

بقیہ نمبر 5

لندن میں طبی معائنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ یاد رہے کہ نواز شریف 10 اکتوبر کو طبی معائنے کے لیے لندن روانہ ہوئے تھے اور 23 اکتوبر کو وطن واپس پہنچے، اس طرح ان کی روانگی اور واپسی کے درمیان 13 روز کا وقفہ رہا۔

بقیہ نمبر 6

بھٹو کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت تھیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی بحالی اور آمریت کے خلاف جدوجہد میں ناقابل فراموش کردار ادا کیا، بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا روشن باب ہیں۔ بیگم نصرت بھٹو نے مشکل ترین حالات میں بھی جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھی۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی جدوجہد اور قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کی جمہوری جدوجہد میں بیگم نصرت بھٹو کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ نصرت بھٹو کا عزم، حوصلہ اور جمہوریت سے وابستگی ہماری سیاسی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہے، اللہ تعالیٰ نصرت بھٹو کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے آمین۔

بقیہ نمبر 7

زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعے کو ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پاکستان اپنے برادر ملک چین کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 8

کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔ سیکیورٹی فورسز کے شہداء اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔

بقیہ نمبر 9

گے، تجاوزات پر قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی کسی کی سفارش قبول کی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ پہلی مرتبہ اتنے بڑے اجلاس میں وزیر اعظم، فیلڈ مارشل اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی، وزیر اعظم نے ہمارے مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے اور جائز مطالبات پر تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، شہدا پیکیج دیا گیا ہے، تجاوزات کے خاتمے اور صفائی مہم کو بھی ہدف بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اضاخیل گندم اسکینڈل کے ذمے داروں کو نتائج بھگتنا پڑیں گے، تجاوزات پر قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی کسی کی سفارش قبول کی جائے گی، جہاں بھی تجاوزات ہوں گی، متعلقہ ضلعی حکومت ذمے دار ہو گی۔ گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ گھر بیٹھ کر تنخواہیں لینے والوں کو اب کام کرنا ہوگا، انہیں اپنا بندوبست کرنا چاہیے، پولیس، وفاقی کانسٹیبلری اور محکمہ انسدادِ دہشت گردی کو درکار تعاون فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی ٹیم کو اختیارات دیں گے، ڈپٹی کمشنرز کو اختیارات دے دیے گئے ہیں، یہ اختیارات کسی ایک شخص تک محدود نہیں ہوں گے بلکہ انہیں تقسیم کیا جائیگا، اگر افسران کے پاس اختیار نہیں ہوگا تو ان کا احترام کون کرے گا؟ فیصل کریم کنڈی نے واضح کیا کہ کسی کو سیاسی انتقام کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا اور نہ ہی تبادلوں اور تعیناتیوں میں کسی کی سفارش چلے گی، ہم کسی سیاسی مقصد کے لیے نہیں بلکہ علاقے کی ترقی کے لیے کام کریں گے۔ گورنر نے کہا کہ قبائلی عمائدین کے خاندانوں نے بڑی قربانیاں دی ہیں، جب تک سزا اور جزا کا نظام قائم نہیں ہوگا، معاملات درست نہیں ہو سکتے، بے مقصد منصوبوں کو آگے نہیں بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پانی کے معاملے سمیت صوبے کے دیگر حقوق کے لیے وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ تمام مطالبات پورے ہو جائیں گے، وفاق سے ملنے والے تمام فنڈز صوبے کی ترقی پر خرچ کیے جائیں گے۔ گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ ہم ایک بدلتے، نکھرتے اور مضبوط خیبر پختون خوا کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 10

ویسٹ ان ٹو ویلتھ'' متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پامرا کے تحت آف سیزن سبزیوں اور پھلوں کی دستیابی کیلئے ڈی ہائیڈریشن پراجیکٹ کی بھی منظوری دے دی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ کاہنہ میں سبزیوں اور پھلوں کیلئے پنجاب کا پہلا منڈی مارٹ پراجیکٹ شروع ہو چکا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منڈی مارٹ کی جلد تکمیل کا ہدف مقرر کر دیا اور صوبہ بھر میں منڈی مارٹ قائم کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران رمضان المبارک کی ضروریات کے مطابق کیلا، سیب اور کھجور کی کنٹرول نرخ پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر ڈپٹی کمشنر متعلقہ علاقے میں کولڈ سٹوریج میں کیلا، سیب اور کھجور کی ضرورت کے مطابق سٹوریج یقینی بنائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کھلے دودھ کی حفظان صحت کے مطابق فروخت کی ریگولیشن کیلئے موثر اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سبزیوں، دالوں اور دیگر اجناس سمیت 15 اشیائے خوردونوش کے نرخ کا تقابلی جائزہ پیش کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 10 اشیا کے نرخ میں 252 فیصد تک کمی کا ریکارڈ رجحان جاری ہے۔ بیشتر اشیائے خوردونوش کے نرخ مستحکم اور دالوں کے نرخ بھی برقرار ہیں۔ اشیاء کے نرخ کی مانیٹرنگ اور استحکام کیلئے قیمت ایپ کی اپ گریڈیشن کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 11

مانیٹرنگ سٹیشنز کی تعداد 69 تک بڑھا دی گئی ہے جبکہ ہدف 100 سٹیشنز کا قیام ہے۔ مریم اورنگزیب نے بیجنگ کے کامیاب ماڈل سے استفادہ کرتے ہوئے پنجاب میں سموگ کے تدارک کیلئے سال بھر اقدامات جاری ہیں، ماحول دوست ٹیکنالوجی اور موثر نگرانی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، سپر سیڈرز اور بیلرز کے استعمال سے فصلوں کی باقیات جلانے کی حوصلہ شکنی کی جا رہی ہے، جبکہ زرعی باقیات کو معاشی وسائل میں تبدیل کرنے کیلئے جدید طریقوں کے فروغ پر توجہ دی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں گرین انرجی اور ای موبلٹی کو فروغ دیا جا رہا ہے، طلبہ کو ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس کی فراہمی ماحول دوست سفر کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور، ملتان اور سرگودھا میں کینسر کے علاج کی سہولتوں اور ضلعی کینسر مراکز کے قیام پر کام جاری ہے جبکہ صحت اور تعلیم میں اصلاحات حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے پاک چین تعاون کے فروغ میں کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں مشترکہ ترقیاتی منصوبوں کے وسیع امکانات موجود ہیں، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن کی آمد اور تعاون کی یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 12

جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعے کو ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے چین کے صدر شی جن پنگ، اپنے چینی بھائیوں اور بہنوں بالخصوص زلزلے میں جانی اور مالی نقصان کا سامنا کرنے والے خاندانوں کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان مشکل کی اس گھڑی میں اپنے چینی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کی ہر ممکن مدد کے لئے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 13

بھی منہدم ہو گئے، پاکستان نے مدد کی پیشکش کر دی۔ زلزلے کی شدید سات اعشاریہ ایک تھی، تبت کے شمالی شہر ناگچو میں کم سے کم 339 مکانات منہدم ہوئے ہیں اور متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ یہ خدشات بھی ظاہر کیے گئے ہیں کہ مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے کیونکہ ملبے کے نیچے لوگ دبے ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ امدادی کارروائیوں میں ایک ہزار چھ سو سے زائد کارکن شریک ہیں جبکہ متاثرین کے لیے ایک ہزار عارضی مکانات، قریباً تین ہزار خیمے اور دوسرا سامان بھجوایا گیا ہے جس میں فولڈنگ بیڈز، کھانے پینے کی اشیا، ٹارچز اور سردی سے بچنے کے کپڑے وغیرہ بھی موجود ہیں۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق زلزلہ چینی وقت کے مطابق رات 10 بج کر 33 منٹ پر آیا، اس کا مرکز ناگچو شہر سے 191 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا جبکہ زمین میں اس کی گہرائی 18 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ بڑے زلزلے کے بعد اب چار اعشاریہ تین اور پانچ اعشاریہ دو کے کم سے کم سات آفٹر شاکس بھی آ چکے ہیں۔ چینی خبر رساں ادارے کے مطابق زلزلے سے بعض علاقوں میں مواصلاتی نظام بھی متاثر ہوا جبکہ ریلوے حکام نے احتیاطی تدابیر کے طور پر متاثرہ علاقے سے گزرنے والی ٹرینیں روک دی ہیں۔ زلزلے کے باعث لینڈ سلائیڈنگ بھی ہوئی جس کے بعد نیشنل ہائی وے 317 کا ایک حصہ بند کر دیا گیا، اس سڑک پر صرف امدادی اور سرکاری گاڑیوں کو گزرنے کی اجازت ہے، آئندہ تین روز کے دوران زلزلے سے متاثرہ علاقے میں وقفے وقفے سے برف باری کا بھی امکان ہے۔ یہ پچھلے پانچ سال کے دوران اس علاقے میں آنے والا سب سے شدید زلزلہ ہے۔ چینی صدر شی جن پنگ نے زلزلہ متاثرین کو بچانے اور زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ ناگچو شہر تبت کے دارالحکومت لہاسا سے 300 کلومیٹر سے زیادہ شمال میں واقع ہے۔ پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے تباہ کن زلزلے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور لوگوں کے زخمی ہونے پر چین سے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنی ایکس پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے صدر شی جن پنگ اور اپنے چینی بہن بھائیوں، بالخصوص اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت کرتا ہوں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اس مشکل گھڑی میں اپنے چینی بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 14

کے مطابق شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 300 کی سطح عبور کر گیا جبکہ لاہور میں فضائی آلودگی کی شرح 330 ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق ملتان روڈ پر سب سے زیادہ فضائی آلودگی ریکارڈ کی گئی جبکہ جی ٹی روڈ اور شاہدرہ میں اے کیو آئی 500 تک پہنچ گیا، جو انتہائی خطرناک سطح تصور کی جاتی ہے۔ لاہور کے دیگر علاقوں میں ڈی ایچ اے فیز 6 میں اے کیو آئی 357، کاہنہ نو میں 342، پنجاب یونیورسٹی میں 335، برکی روڈ پر 247، سفاری پارک میں 246، ایجرٹن روڈ پر 241 جبکہ واہگہ بارڈر پر 199 ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ فضائی آلودگی میں اضافے کے باعث شہری، خصوصاً بچے، بزرگ اور سانس کے مریض احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور غیر ضروری طور پر کھلی فضاء میں زیادہ دیر قیام سے گریز کریں۔

بقیہ نمبر 15

مزید مالی معاونت فراہم کرنے کو تیار ہے، تاہم اس کے لیے خصوصی آڈٹ رپورٹ پر متعلقہ کمیٹی میں بحث اور سفارشات ضروری ہیں۔ جمعہ کو سینٹ میں سینیٹر دوست محمد کے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے متاثرہ مکانات کے نقصانات کا سروے ابتدائی طور پر پانچ ایجنسیوں میں کرایا گیا تھا جس میں تقریباً ایک لاکھ 44 ہزار مکانات کا سروے کیا گیا۔ ان میں 66 ہزار 989 مکانات کو زیادہ جبکہ 3 ہزار 875 مکانات کو جزوی نقصان پہنچنے کی نشاندہی کی گئی۔ وزیر مملکت نے بتایا کہ بعد ازاں شہری نقصانات کے ازالے کے پروگرام کے تحت معاوضوں کی ادائیگی کیلئے سروے کی درستگی پر اعتراضات سامنے آئے، جس کے بعد جنوبی وزیرستان میں دوبارہ سروے کرایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سروے میں جنوبی وزیرستان کے 27 ہزار 107 مکانات شامل تھے، دوبارہ سروے میں یہ تعداد بڑھ کر ایک لاکھ 13 ہزار 716 ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ معاوضوں کی ادائیگی کے لیے نقصان کی نوعیت کے مطابق طریقہ کار طے کیا گیا تھا، جس کے تحت مکمل یا زیادہ نقصان والے مکانات کے لیے چار لاکھ روپے جبکہ کم نقصان والے مکانات کیلئے ڈیڑھ لاکھ روپے مقرر کیے گئے تھے۔ طلال چوہدری نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے 2014 سے 2021 تک متاثرین کو معاوضوں کی ادائیگی کی اور اس مقصد کے لیے مجموعی طور پر 117 ارب روپے تقسیم کیے گئے۔ بعد ازاں صوبائی حکومت کے تعاون سے خصوصی آڈٹ کرایا گیا اور آڈٹ مکمل ہونے تک مزید رقوم کی تقسیم روکنے کی ہدایت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آڈٹ رپورٹ سے متعلق محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی کا ایک اجلاس باقی ہے، جس کے بعد رپورٹ سیفران کمیٹی میں پیش کی جائے گی۔ اسی کمیٹی نے مزید ادائیگیوں سے قبل آڈٹ کرانے کی ہدایت کی تھی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے این ایف سی کے تحت ایک فیصد اضافی حصہ بھی فراہم کیا جاتا ہے، جو دیگر صوبوں کے حصے سے الگ ہے۔ ان کے مطابق اس مد میں تقریباً ساڑھے آٹھ ارب روپے پہلے ہی فراہم کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وفاقی حکومت متاثرین کی مدد کے لیے مزید رقم فراہم کرنے پر آمادہ ہے اور آڈٹ رپورٹ پر سیفران کمیٹی کی جانب سے اجازت ملنے کے بعد اس ضمن میں پیش رفت کی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 16

گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضہ کیا جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی۔ رانا ثنا اللہ نے یہ بھی کہا کہ اس وقت 28 ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ کوئی مسودہ سامنے آیا ہے۔

بقیہ نمبر 17

اٹوٹ رشتے پر زور دیا۔ اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ بھارتی حکومت نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر (IIOJK) کے نہتے عوام پر ناقابل بیان اور بہیمانہ مظالم کی انتہا کر دی ہے، مسئلہ کشمیر کا پرامن اور دیرپا حل صرف اور صرف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی روشنی میں ہی ممکن ہے، بھارت آزاد جموں و کشمیر میں عدم استحکام اور انتشار پیدا کرنے کیلئے مسلسل پرتشدد اور شرپسند گروہوں کی حمایت اور پشت پناہی کر رہا ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ کشمیری عوام ایسے پرتشدد عناصر کو یکسر مسترد کرتے ہیں اور اپنے مسائل کے حل کیلئے جمہوری و انتخابی عمل اور اپنے منتخب نمائندوں پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہیں، کشمیری عوام کی ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں بلکہ اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے، ہم یک جان دو قالب کی مانند ہیں اور پاکستان کے بغیر کشمیر نامکمل ہے۔

بقیہ نمبر 18

پیش کش کی ہے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران آصفہ بھٹو زرداری نے بتایا کہ نواب شاہ میں نہ فائیو جی اور نہ ہی فور جی انٹرنیٹ کی سہولت دستیاب ہے۔ انہوں نے پارلیمانی سیکرٹری سبین غوری کو دعوت دی کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ بیٹھ کر ملک بھر میں انٹرنیٹ کی سہولت بہتر بنانے کے لیے تعاون کریں، کیونکہ یہ پاکستان کے نوجوانوں اور کاروباری برادری کی اہم ضرورت ہے جس پر پارلیمانی سیکرٹری نے جواب دیا کہ وہ اس تجویز کا خیر مقدم کرتی ہیں۔

بقیہ نمبر 19

میں 3 خواتین بھی شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق مسافر بس گوادر سے کراچی اور وین کراچی سے لسبیلہ جا رہی تھی۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 20

بنایا، ماڈل چائلڈ کورٹ بچوں کیلئے دوستانہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی کوششوں کا تسلسل ہے۔ یونیسیف کے بچوں کیلئے نظام انصاف کی از سر نو تشکیل کے پروگرام کے مقاصد کو آگے بڑھایا جائے گا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 21

کہ سکیورٹی فورسز نے اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ وطنِ عزیز کے دفاع اور پائیدار امن وسلامتی کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے خلاف رچی جانے والی ہر سازش کو اسی عزم، جرات اور بہادری کے ساتھ ناکام بنایا جاتا رہے گا۔

بقیہ نمبر 22

، چیئرمین متحدہ علماء بورڈ ڈاکٹر مفتی انتخاب احمد نوری، ممبر امن کمیٹی مفتی محمد عمران حنفی، ایڈووکیٹ حافظ محمد اقبال اور غلام مرتضیٰ شامل تھے۔ ملاقات کے دوران اتحاد بین المسلمین وصوبہ بھر میں امن و امان کی مجموعی صورتحال بارے تبادلۂ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق اتحاد بین المسلمین واتحاد بین المذاہب کو فروغ دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں تمام مکاتبِ فکر کے معزز علماء کرام سے مشاورت کا سلسلہ جاری ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں قیام امن کیلئے علماء کرام کا کلیدی کردار ہے۔ ہمیں ہر قسم کے اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی سلامتی کی خاطر اکٹھے ہونا ہے۔ پاکستان کی سلامتی کیلئے تمام مکاتبِ فکر ایک پیج پر ہیں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ دینِ اسلام امن، محبت اور رواداری کا درس دیتا ہے۔ حکومتِ پنجاب شدت پسندی کے خاتمے اور رواداری کے فروغ کا پیغام عام کر رہی ہے۔ نوجوانوں کی تربیت کیلئے علماء کرام، اساتذہ، والدین، میڈیا اور قومی اداروں کو اپنی مشترکہ ذمہ داری ادا کرنی ہے۔ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا کہ تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام قیام امن اور باہمی وحدت کیلئے ریاست کے دست و بازو ہیں۔ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے اتحاد بین المسلمین کیلئے حکومتِ پنجاب کی کاوشوں کو بے حد سراہا اور قیام امن کیلئے کاوشوں پر محکمہ داخلہ پنجاب اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ ملاقات کے اختتام پر پاکستان کی ترقی، سلامتی وخوشحالی اور قیامِ امن کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 23

بزنس فورم کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کی بڑھتی مارکیٹ ضروریات پوری کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے خصوصاً غذائی مصنوعات، ادویات، جراحی کے آلات، ٹیکسٹائل اور تعمیراتی سامان کے شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھایا جا سکتا ہے، پاکستان چاول، گوشت، حلال خوراک، پراسیس شدہ زرعی مصنوعات اور آم، ترش پھلوں، چیری، خوبانی، آڑو اور کھجور سمیت تازہ پھلوں کی برآمدات کے ذریعے مالدیپ کی مارکیٹ میں اپنا حصہ بڑھا سکتا ہے۔ جام کمال خان نے پاکستان میں زیتون کے تیل کی ابھرتی صنعت کا ذکر کرتے ہوئے اعتماد ظاہر کیا کہ آنے والے برسوں میں پاکستانی زیتون کا تیل عالمی منڈیوں میں ایک اعلیٰ معیار کی مصنوعات کے طور پر اپنی جگہ بنا سکتا ہے۔ سیاحت کے شعبوں میں تعاون کے امکانات اجاگر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے مالدیپ کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ خدمات کے معیار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی سیاحتی صنعت مالدیپ کے تجربے سے استفادہ کر سکتی ہے۔ انہوں نے اطلاعاتی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے، ٹیکنالوجی پر مبنی خدمات، نقل و حمل، بندرگاہوں سے متعلق سپلائی چین اور تخلیقی معیشت کو بھی دوطرفہ تعاون کے اہم شعبے قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ منڈیوں تک رسائی بڑھانے اور تجارت کو سہل بنانے کے لئے سمندری اور فضائی رابطوں میں بہتری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کاروباری ماحول کو بہتر بنانے، محصولات کے نظام کو آسان بنانے، صنعتوں کے لئے توانائی کی لاگت کم کرنے، برآمدی مالی معاونت بڑھانے اور درآمدات و برآمدات کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے لئے اصلاحات متعارف کرا رہی ہے۔ انہوں نے پاکستان سنگل ونڈو کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے تاجروں کو متعدد سرکاری اداروں تک ایک ہی نظام کے تحت رسائی حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے غذائی تحفظ، تجارتی تنازعات کے حل، بین الاقوامی معیار کی پابندی اور خصوصی اقتصادی زونز سے متعلق اصلاحات کا بھی ذکر کیا جن کا مقصد سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ اور پاکستانی برآمدات کی مسابقتی صلاحیت بہتر بنانا ہے۔ جام کمال خان نے مالدیپ کے کاروباری حلقوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری اور مصنوعات کی خریداری کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی صنعتکاروں، برآمد کنندگان اور ممکنہ خریداروں کے درمیان براہ راست روابط کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان) ٹی ڈی اے پی (کاروباری وفود کے تبادلوں میں سہولت فراہم کرنے اور مالدیپ کی کمپنیوں کو موزوں پاکستانی شراکت داروں سے منسلک کرنے کے لئے تیار ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے مالدیپی ہم منصب اور کاروباری وفد کو پاکستان میں منعقد ہونے والی آئندہ بین الاقوامی غذائی نمائش میں شرکت کی خصوصی دعوت بھی دی۔ انہوں نے بتایا کہ نمائش کے گزشتہ ایڈیشن میں 80 ممالک سے 800 سے زائد خریداروں نے شرکت کی تھی۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور مالدیپ چھ دہائیوں پر محیط دوستانہ تعلقات کو آگے بڑھاتے ہوئے باہمی مفاد پر مبنی اقتصادی شراکت داری قائم کر سکتے ہیں۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور ابھرتے ہوئے اقتصادی شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے اور کاروباری سرگرمیوں کے لئے معاون پالیسی ماحول فراہم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ فورم کے اختتام پر شرکا نے معزز مہمانوں، سرکاری نمائندوں اور دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کی شرکت کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ اجلاس کے دوران ہونے والی بات چیت اور روابط سے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 24

خود مختار علاقے ژیزانگ میں زلزلے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعے کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق سید یوسف رضا گیلانی نے زلزلے کے باعث قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر چینی صدر شی جن پنگ اور چینی عوام سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان دکھ کی اس گھڑی میں چین کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے زلزلے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 25

عبوری ضمانت میں 27 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ملزم تفتیش میں شامل نہیں ہو رہا، جس پر عدالت نے حکم دیا کہ ملزم کو کمرہ عدالت میں ہی شامل تفتیش کیا جائے۔ ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ان کے مکل کے مطابق غیر ملکی خاتون نے کہا کہ تنویر اس کا ملزم نہیں، وکیل نے استدعا کی کہ خاتون کو پاکستان بلوایا جائے یا ویڈیو لنک کے ذریعے اس کا بیان ریکارڈ کیا جائے۔ سماعت کے دوران پولیس کی بھاری نفری سیشن کورٹ پہنچ گئی، اس موقع پر پولیس اور ملزم کے ساتھ آنے والے افراد کے درمیان تلخ کلامی اور دھکم پیل بھی ہوئی۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے ملزم کے ساتھ آنے والے بعض افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا تاہم ملزم تنویر وہاں سے نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔ دوسری جانب ملزم تنویر کو سیشن کورٹ کے باہر سے سی سی ڈی کی جانب سے گرفتار کیے جانے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں، ذرائع کے مطابق ملزم کے بھائی سمیت دیگر افراد کو بھی حراست میں لیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

کمشنر لاہور پرانی عمارتوں اور گھروں کی چھتوں کا مکمل معائنہ کروائیں، غیر تسلی بخش رپورٹ کی صورت میں ڈپٹی کمشنر کمزور عمارت اور غیر محفوظ چھت پر پتنگ بازی پر پابندی عائد کریں۔ سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ محکمہ داخلہ نے انسانی جانوں کی حفاظت کیلئے بسنت سے قبل ضروری حفاظتی ہدایات جاری کی ہیں، تمام متعلقہ محکمے ضروری حفاظتی ہدایات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنائیں، بسنت پر پتنگ بازی کیلئے استعمال ہونے والی چھت کی پائیداری اور محفوظ ہونے کی ذمہ داری مالک مکان پر ہوگی۔ بجلی کی تاریں چھت کے قریب ہونے کی صورت میں عمارت کے مالک بسنت سے قبل انہیں محفوظ بنانے کے پابند ہیں، ڈپٹی کمشنر لاہور مقررہ حد کے مطابق پتنگ و ڈور کی تیاری، ترسیل اور فروخت کی نگرانی کریں، ضلعی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ محکموں کے مجاز افسران پتنگ بازی کیلئے استعمال ہونے والی چھتوں کا جائزہ لیں، ڈپٹی کمشنر ہدایات اور قانون کے خلاف ورزی پر کسی بھی عمارت کو سیل کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ سٹی ٹریفک پولیس لاہور بسنت سے قبل 20 لاکھ سے زائد موٹر سائیکلوں پر سیفٹی راڈز مفت لگائے گی، عوام الناس انسانی جان کو تفریح پر فوقیت دیں اور تمام قوانین اور ہدایات کی پاسداری کریں۔ سیکرٹری داخلہ نے واضح کیا کہ 12، 13، 14 مارچ 2027ء سے قبل اور بعد ازاں پتنگ بازی پر مکمل پابندی برقرار ہے، بسنت کی مقررہ تاریخوں سے قبل اور بعد ازاں پتنگ بازی پر 5 سال قید اور 20 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا، شہری کسی بھی غیر محفوظ، غیر قانونی اور غیر مہذب سرگرمی کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں۔

بقیہ نمبر 27

نہیں، حکومت ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی توجہ ایف بی آر میں اصلاحات کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں میں نجی شعبے سے بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کو شامل کرنے پر بھی مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسٹمز کے روایتی نظام میں درآمد کنندگان اور متعلقہ افسران کے درمیان رابطے کے باعث بے ضابطگیوں کے امکانات موجود تھے اس مسئلے کے حل کے لیے فیس لیس کسٹمز کا نظام متعارف کرایا گیا ہے، جس کے تحت نہ درآمد کنندہ کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ اس کے سامان کی جانچ کرنے والا افسر کون ہے اور نہ ہی متعلقہ افسر کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس درآمد کنندہ کے سامان کا جائزہ لے رہا ہے۔

بقیہ نمبر 28

سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں 500 سے زائد کاروباری رہنماؤں، چیف ایگزیکٹوز، عالمی سرمایہ کاروں، غیر ملکی سفارت کاروں اور خواتین کاروباری شخصیات نے شرکت کی اور معاشی خودمختاری کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پر قابو پایا اور اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک معاشی محاذ پر بھی مضبوط بنیاد پر آگے بڑھے اور قومی ترقی کے لیے دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔ انہوں نے نجی شعبے پر زور دیا کہ وہ کاروباری روابط میں وسعت، سرمایہ کاری کے نئے مواقع، باہمی تعاون کے فروغ اور جدت پر مبنی اقدامات کے ذریعے ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں فعال کردار ادا کرے۔ احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اور خودمختاری کے حصول کے لیے کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ کانفرنس میں ملکی معیشت میں قابل قدر کردار ادا کرنے والے کاروباری رہنماؤں کو سی ای او ایوارڈز سے نوازا گیا جس کا مقصد کاروباری قیادت اور معاشی ترقی میں نمایاں خدمات کو سراہنا تھا۔

بقیہ نمبر 29

کہ دوسری جانب ممکن ہے کہ وہ اسے پسند نہ کریں۔ اس کی ایک قیمت چکانا پڑتی ہے، جس کا مجھے یہ قدم اٹھاتے ہی اندازہ تھا، لیکن ہم ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔

بقیہ نمبر 30

فریق کی کوئی شنوائی ہے اور نہ انہیں کوئی تحفظ حاصل ہے، عام آدمی کو انصاف نہیں مل رہا، نتیجہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے از خود عدالتی کردار سنبھال لیا ہے، عدالتی عمل کے بغیر سزائیں معمول بن رہا ہے، یہ سلسلہ جاری رہا تو کوئی بھی اس سے محفوظ نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ موثر نظام عدل قائم نہ کیا گیا تو بات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عدالتی کردار سے بڑھ کر ہر طاقتور کے ہاتھ میں چلی جائے گی، لوگ چوکوں، چوراہوں ، گلیوں اور بازاروں میں اپنی عدالتیں لگائیں گے ، اس وقت سے بچا جائے۔

بقیہ نمبر 31

کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم کے مطابق اس فیصلے کا بنیادی مقصد کسانوں کو بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا، گندم کی کاشت کے لیے مؤثر ترغیبات دینا اور ملکی زرعی معیشت کو مستحکم بنانا ہے۔ اس اہم فیصلے کے لیے مشاورتی عمل میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور قائد محمد نواز شریف کی رہنمائی کے ساتھ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی مشاورت اور تعاون بھی شامل رہا۔ شہباز شریف نے قابل قدر تجاویز پیش کرنے اور مشاورتی عمل میں تعاون پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور ان کے کردار کو سراہا، انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے تعاون پر بھی اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافے سے کاشت کاروں کو اپنی پیداواری لاگت پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی، کسانوں کو گندم کی کاشت کی جانب راغب کرنا حکومت کے اہم مقاصد میں شامل ہے تاکہ آئندہ سیزن میں گندم کی زیادہ سے زیادہ بوائی اور ملکی پیداوار میں اضافہ ممکن بنایا جا سکے۔ وزیراعظم نے اس امر کی نشاندہی کی کہ گزشتہ برسوں کے دوران مہنگائی اور زرعی اخراجات میں اضافے کے باعث کسانوں کو مالی مشکلات کا سامنا رہا ہے، جبکہ پاکستان کو گزشتہ دو برسوں کے دوران گندم درآمد بھی کرنا پڑی، ایسے حالات میں گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور ملکی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہو سکتا ہے۔ حکومت کی توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت کے باعث کاشت کار گندم کی کاشت میں زیادہ دلچسپی لیں گے، جس سے آئندہ سیزن میں زیر کاشت رقبے اور مجموعی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے، اس اقدام کو کسانوں کی معاشی بہتری، زرعی شعبے میں استحکام اور غذائی تحفظ کے فروغ کی کوششوں کا اہم حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ گندم کی مقامی پیداوار میں اضافہ نہ صرف کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ ملک کو غذائی ضروریات کے حوالے سے زیادہ خود کفیل بنانے کی کوششوں کو بھی تقویت دے گا، حکومت کو توقع ہے کہ سال 2027 میں اس فیصلے کے مثبت اثرات ملکی زراعت، گندم کی دستیابی اور کسانوں کی خوشحالی کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ واضح رہے کہ 4 ہزار 500 روپے فی من کی قیمت کو فی الحال مجوزہ یا اشاراتی قیمت قرار دیا گیا ہے، اس لیے اسے حتمی طور پر نافذ شدہ سرکاری خریداری قیمت تصور کرنے سے قبل متعلقہ سرکاری اعلان اور طریق ? کار کی تصدیق ضروری ہوگی۔

بقیہ نمبر 32

عزیز شیخ اور جسٹس منور اقبال دوگل پر مشتمل بینچ نے الرحمان ہاسپیٹیلیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ٹیکس ریفرنس درخواست منظور کر لی۔ فیصلہ جسٹس منور اقبال دوگل نے 13 صفحات کا فیصلہ تحریر کیا۔ سماعت 13 اکتوبر 2026ء کو ہوئی ، درخواست گزار کمپنی ہوٹل سروسز فراہم کرتی ہے۔ پی آر اے نے الزام لگایا کہ کمپنی نے وصول کردہ سیلز ٹیکس مقررہ تاریخوں کے بعد جمع کرایا۔ شوکاز نوٹس کے بعد 12 ستمبر 2019ء کو اسسمنٹ آرڈر کے ذریعے 24 لاکھ 86 ہزار 219 روپے کا ڈیفالٹ سرچارج عائد کیا گیا۔

بقیہ نمبر 33

اینڈریوز بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب منتقلی اور سرمایہ کاری و نجی شعبے کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسٹر سندیپ مہاجن نے پاکستان میں معاشی استحکام کی بحالی پر مبارک باد دی اور علاقائی تنازعے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالیہ بحران سے حکومت کے مؤثر طور پر نمٹنے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کی کوششوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مالیاتی تحفظات اور بروقت پالیسی اقدامات نے پاکستان کو بیرونی دباؤ سے نمٹنے میں مدد دی۔ ورلڈ بینک کے نمائندوں نے ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے کیلئے اصلاحات کا تسلسل اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی ترجیح معاشی استحکام کو پائیدار بنیادوں پر مضبوط بنانا اور اسے پائیدار، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے حال ہی میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے ہیں، جن کی مدت ادائیگی پانچ اور دس سال ہے جس کے ذریعے عالمی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری کے لیے پیش رفت کی راہ ہموار کرنے، سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور خودمختار کریڈٹ پروفائل بہتر کرنے کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ وزیرِ خزانہ نے ایک قابلِ اعتماد عبوری لائحہ عمل کی اہمیت پر زور دیا، جو مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے، بیرونی شعبے کی کمزوریوں سے نمٹنے اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری پر مبنی ذمہ دارانہ اور پائیدار ترقی کی بنیادیں مضبوط بنانے میں معاون ہو۔

بقیہ نمبر 34

لکھ دیا۔ ایسوسی ایشن نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل تبدیلی سے کاروباری مشکلات بڑھ رہی ہیں، قیمتوں میں روزانہ ردوبدل سے پیٹرول پمپ مالکان کو مالی نقصانات کا سامنا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ اسٹاک کی مالیت کے تعین میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ایسوسی ایشن کے مطابق قیمتوں میں بار بار تبدیلی سے کیش فلو اور انوینٹری کا نظام متاثر ہو رہا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی خرید وفروخت میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہو رہی ہے، قیمتوں میں مسلسل تبدیلی سے روزمرہ کاروباری امور متاثر ہو رہے ہیں، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کا قابل عمل اور شفاف نظام وضع کیا جائے۔ خط کے متن کے مطابق قیمتوں کے تعین کے معاملے پر پیٹرول پمپ مالکان سے مشاورت کی جائے، پیٹرول پمپ مالکان کے مفادات اور عوام کو بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، وفاقی وزیر سے ملاقات میں مسائل اور عملی تجاویز پیش کرنا چاہتے ہیں۔ خط آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین نعمان علی بٹ کی جانب سے لکھا گیا۔

بقیہ نمبر 35

یوسفزئی نے کہا تھا کہ اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کی مہم سے پارٹی کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بیرون ملک بیٹھے کسی یوٹیوبر کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔

بقیہ نمبر 36

وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں جمہوری اقدار کے تحفظ اور جمہوریت کی بحالی کے لیے غیر معمولی جرات، استقامت اور حوصلے کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مادرِ جمہوریت نے تحریکِ بحالی جمہوریت (ایم آر ڈی) سمیت آمریت کے خلاف جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا اور عوامی حقوق کی آواز کو مضبوط بنایا۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی گرفتاری کے دوران بیگم نصرت بھٹو نے پارٹی کی قیادت سنبھال کر اپنے سیاسی عزم اور جرات کا ثبوت دیا، جبکہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کے بعد بھی وہ جمہوریت کی بحالی اور عوامی حقوق کے لیے ثابت قدم رہیں۔ ذاتی صدمات اور شدید مشکلات کے باوجود انہوں نے جمہوری اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے خلاف جدوجہد میں اپنے شوہر، دونوں بیٹوں اور ایک بیٹی کی قربانی دی، لیکن ان تمام صعوبتوں کے باوجود ان کا جمہوری عزم متزلزل نہیں ہوا۔ ان کی زندگی قربانی، بہادری اور سیاسی استقامت کی ایک روشن مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے خواتین کو سیاست میں مؤثر کردار ادا کرنے اور قومی معاملات میں حصہ لینے کا حوصلہ دیا۔ ان کی جدوجہد نے جمہوری روایات کے تحفظ، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے لیے کام کرنے والوں کو نئی توانائی اور حوصلہ فراہم کیا۔ سید مراد علی شاہ نے مزید کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کے استحکام کے لیے بیگم نصرت بھٹو کی خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ان کا کردار آنے والی نسلوں کے لیے عزم، حوصلے اور جمہوری وابستگی کا روشن مینار ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بیگم نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کے جمہوری مشن سے وابستگی برقرار رکھی جائے گی اور آئین کی پاسداری، جمہوری اقدار کے تحفظ اور عوام کی خدمت کے اصولوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 37

تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات نے عرفان داوودوف کا پاکستان میں تعیناتی پر خیر مقدم کرتے ہوئے مبارکباد دی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مواصلات سمیت اقتصادی وتجارتی تعاون بڑھانے پر گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں سے تجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔ انفراسٹرکچر اور علاقائی رابطہ کاری کے فروغ کے لئے ذرائع آمدورفت کا مضبوط نیٹ ورک اشد ضروری ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ آذربائیجان کے ساتھ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ آذربائیجان کے حالیہ دورے سے خوشگوار یادیں اور اچھی توقعات وابستہ ہیں۔ پاکستان آذربائیجان کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات ہیں۔ آذربائیجان کے سفیر نے بھی پاکستان کے ساتھ تعلقات اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ عرفان داوودوف نے عبدالعلیم خان کے ساتھ خوشگوار جملوں کا تبادلہ کرتے ہوئے سابقہ روایات آگے بڑھانے کا عزم دہرایا۔ اس موقع پر آذربائیجان کے موجودہ سفیر خضر فرہادوف کے پاکستان میں کامیاب سفارتی کاری کا بھی ذکر ہوا۔

بقیہ نمبر 38

حکومت غیر ضروری دفتری رکاوٹوں کو دور کرنے اور کاروبار کے لیے آسان اور سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اور جدت کار پاکستان کی سرمایہ کاری پر مبنی معاشی ترقی کے حقیقی محرک ہیں، جامعات کے انکیوبیشن سینٹرز میں تیار ہونے والے نئے کاروباری منصوبے ملک کی معاشی بنیادوں کو مضبوط بنانے اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت نوجوانوں کے نئے خیالات اور کاروباری منصوبوں کو مقامی سطح سے عالمی منڈیوں تک پہنچانے کے لیے معاونت فراہم کرے گی تاکہ نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو معاشی مواقع میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پالیسی سازوں، جامعات اور نجی شعبے کے درمیان موثر تعاون پاکستان کے روشن معاشی مستقبل کی کلید ہے، ان اداروں کے باہمی اشتراک سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ، سرمایہ کاری میں اضافہ اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 39

کام جاری ہیں اور ٹاؤن چیئرمین دستیاب اختیارات سے بڑھ کر عوامی خدمت کر رہے ہیں، تاہم ان کے مطابق کراچی کے میئر نے اختیارات روک رکھے ہیں، جس کے باعث شہری مسائل کے حل میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں۔ انہوں نے ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف کی مستقل ٹاؤن کے لیے کوششوں کو بھی سراہا۔ امیر جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کو عوام پر اضافی مالی بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی طویل عرصے سے اس ٹیکس کے خلاف جدوجہد کر رہی ہے اور اس سلسلے میں احتجاجی دھرنے بھی دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ڈھائی کروڑ افراد موٹر سائیکل استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمتوں میں کمی سے عوام کو ریلیف مل سکتا ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے پیٹرولیم لیوی کو ''بھتہ ٹیکس'' قرار دیتے ہوئے اعلان کیا کہ جماعت اسلامی اپنے لانگ مارچ کی تیاری کر رہی ہے اور احتجاج کو اسلام آباد تک لے کر جائے گی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہونے کے باوجود گندم کے بحران سے دوچار ہے۔ ان کا الزام تھا کہ پہلے مقامی گندم کو نقصان پہنچایا جاتا ہے، پھر درآمدات کے ذریعے فائدہ اٹھایا جاتا ہے، جس کا بوجھ بالآخر عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں 10 کلو آٹے کا تھیلا 2 ہزار روپے میں فروخت ہو رہا ہے، جو عام شہریوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث ہے۔ ان کے مطابق ملک کی معاشی صورتِ حال سب کے سامنے ہے اور مہنگائی نے عوام کی قوتِ خرید بری طرح متاثر کر دی ہے۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں میں جاگیردارانہ اثر ورسوخ پر بھی تنقید کی۔ امیر جماعت اسلامی نے گیس کی لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گیس کی عدم دستیابی کے باعث گھریلو خواتین کو روزمرہ امور کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے حکومت سے سوال کیا کہ آزاد بجلی پیدا کرنے والے اداروں (آئی پی پیز) کے معاملے کو نظر انداز کیوں کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 40

جدوجہد کی روشن مثال قائم کی اور مشکل حالات میں جمہوریت کی بحالی کے لیے قربانیاں دیں۔ ان کی سیاسی جدوجہد اور ثابت قدمی جمہوریت پر یقین رکھنے والوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بیگم نصرت بھٹو کے جمہوری مشن کو آگے بڑھا رہی ہے اور جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو کی زندگی جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کا استعارہ ہے۔ انہوں نے نامساعد حالات میں بھی جمہوری اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا اور عزم و استقامت کی مثال قائم کی۔ ان کی قربانیاں پاکستان کی سیاسی تاریخ کا اہم باب ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے کہا کہ مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی جمہوری جدوجہد اور قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے جمہوریت کی خاطر صعوبتیں برداشت کیں اور اپنی جدوجہد سے تاریخ میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ ان کے جمہوری نظریات اور عوامی خدمت کا جذبہ آج بھی جمہوریت پسندوں کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بیگم نصرت بھٹو کے نظریات پر کاربند رہتے ہوئے جمہوریت اور عوامی خدمت کے مشن کو آگے بڑھاتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 41

ترقی کی رفتار برقرار رکھنے، مہنگائی پر قابو پانے اور بیرونی ادائیگیوں کے توازن کو مستحکم رکھنے جیسے اہم چیلنجز کا سامنا رہے گا۔ حکومت نے رواں مالی سال کے لیے معاشی ترقی کی شرح کا ہدف 4 فیصد مقرر کیا ہے، تاہم آئی ایم ایف کی پیش گوئی اس ہدف سے کم ہے۔ مہنگائی میں اضافے کا خدشہ، شرح سود بڑھانے کی ضرورت پڑ سکتی ہےآئی ایم ایف کے مطابق پاکستان میں مہنگائی کی شرح 9.9 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے، جبکہ رپورٹ میں اگست کے دوران سالانہ مہنگائی کی شرح 11.1 فیصد بتائی گئی ہے۔ مہنگائی میں اضافے کے خدشات کے پیش نظر قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لیے مالیاتی پالیسی مزید سخت کرنے اور شرح سود میں اضافے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ مہنگائی میں مسلسل اضافے سے عوام کی قوتِ خرید متاثر ہونے اور گھریلو اخراجات میں دباؤ برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ بالخصوص اشیائے ضروریہ، توانائی اور دیگر بنیادی اخراجات میں اضافہ عام شہریوں کے لیے معاشی مشکلات بڑھا سکتا ہے۔ رپورٹ میں پاکستان کی بیرونی مالی صورتحال کے حوالے سے بھی تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق درآمدات میں اضافے اور ترسیلاتِ زر کی رفتار میں سست روی کے باعث ملک کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 4.5 ارب ڈالر تک پہنچ سکتا ہے، جبکہ حکومت نے اس خسارے کا تخمینہ تقریباً 2.5 ارب ڈالر لگایا ہے۔ رپورٹ کے تخمینوں کے مطابق رواں مالی سال پاکستان کی درآمدات 70 ارب ڈالر جبکہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلاتِ زر 45.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ درآمدات اور بیرونی ادائیگیوں میں اضافے کی صورت میں زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی مجموعی بیرونی مالی ضروریات مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کے 22 سے 25 فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ اس صورت حال میں بیرونی قرضوں کی ادائیگیوں، درآمدی ضروریات اور زرمبادلہ کے ذخائر کو مناسب سطح پر برقرار رکھنے کے لیے مالی وسائل کی دستیابی اہم ہوگی۔ رپورٹ میں برآمدی شعبے کی کارکردگی پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ برآمدات میں خاطر خواہ بہتری نہ آنے کی صورت میں بیرونی ادائیگیوں کے توازن کو بہتر بنانا مزید مشکل ہو سکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے اور بیرونی مالی دباؤ سے نمٹنے کے لیے شرح مبادلہ میں لچک کو ضروری قرار دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کو بیرونی مالی ضروریات پوری کرنے، ادائیگیوں کے توازن کو بہتر بنانے اور زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ معاشی ماہرین کے لیے یہ صورت حال اس امر کی اہمیت اجاگر کرتی ہے کہ معاشی استحکام کے ساتھ پیداواری شعبوں کی ترقی، برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کا فروغ اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مربوط حکمتِ عملی اختیار کی جائے۔ آئی ایم ایف کی پیش گوئیاں پاکستان کی معیشت کو درپیش ممکنہ چیلنجز کی نشاندہی کرتی ہیں۔ آئندہ مہینوں میں معاشی ترقی، مہنگائی، درآمدات، ترسیلاتِ زر اور زرمبادلہ کے ذخائر کی صورت حال اس بات کا تعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی کہ ملک بیرونی مالی دباؤ سے کس حد تک نمٹ پاتا ہے۔

بقیہ نمبر 42

کرنے والے آن لائن اکاؤنٹس کا سراغ لگایا جا رہا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ ان کے پیچھے کون افراد یا گروہ موجود ہیں اور بچی کو کس ذریعے سے اس نیٹ ورک تک رسائی حاصل ہوئی۔ حکام کے مطابق اس پہلو کی بھی تحقیقات کی جا رہی ہیں کہ آیا پاکستان میں دیگر بچے بھی اس نوعیت کے آن لائن نیٹ ورک کے نشانے پر ہیں۔ تفتیشی ادارہ رابطوں کے طریقہ کار اور نیٹ ورک کی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ممکنہ متاثرین کی نشاندہی اور مزید نقصان کی روک تھام کی جا سکے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے طارق نواز نے بتایا کہ اس معاملے کے مختلف پہلوؤں کی چھان بین کی جا رہی ہے، جن میں یہ معلوم کرنا بھی شامل ہے کہ بچی کی ڈارک ویب تک رسائی کیسے ہوئی اور اسے خطرناک سرگرمیوں کی جانب کس طرح راغب کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ نیٹ ورک کے خلاف مزید گہرائی سے تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ اس کے ساتھ بچوں کے استحصال کے بعض واقعات اور ڈارک ویب کے ممکنہ روابط سے متعلق پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ تاہم ان روابط کے بارے میں کسی حتمی نتیجے پر پہنچنے کے لیے تحقیقات مکمل ہونا ضروری ہے۔ این سی سی آئی اے نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ بچوں کی آن لائن سرگرمیوں کی نگرانی مؤثر بنائیں، ان کے ساتھ انٹرنیٹ کے استعمال کے بارے میں کھل کر بات کریں اور کسی بھی مشکوک رابطے یا غیر معمولی رویے کی صورت میں فوری توجہ دیں۔ ماہرین کے مطابق بچوں کو آن لائن خطرات، نامعلوم افراد سے رابطوں اور نقصان دہ سرگرمیوں پر اکسانے والے پیغامات کے بارے میں آگاہ کرنا ضروری ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بچے کی جانب سے کسی خطرناک آن لائن سرگرمی کی انکشاف ہونے پر اسے ڈانٹنے یا شرمندہ کرنے کے بجائے اس کی حفاظت کو ترجیح دیں اور ضرورت پڑنے پر متعلقہ حکام سے رابطہ کریں۔ یہ واقعہ بچوں کی ڈیجیٹل حفاظت اور سائبر جرائم کی روک تھام کی اہمیت کو نمایاں کرتا ہے۔ حکام کی تحقیقات سے یہ معلوم کرنے میں مدد مل سکتی ہے کہ بچی تک رسائی حاصل کرنے والے افراد کون تھے، نیٹ ورک کس انداز میں کام کر رہا تھا اور آیا اس سے مزید بچوں کو بھی خطرہ لاحق ہے۔

بقیہ نمبر 43

بچوں کے تحفظ میں 86 فیصد، سڑک استعمال کرنے والے دیگر افراد کے تحفظ میں 74 فیصد اور حفاظتی معاون نظاموں کے شعبے میں 87 فیصد نمبر حاصل کیے۔ پانچ ستاروں کی درجہ بندی گاڑی کے تصادم سے تحفظ اور حادثات سے بچاؤ میں مدد دینے والی ٹیکنالوجی کی مجموعی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔ کمپنی کی جانب سے جاری کردہ معلومات کے مطابق، سرکاری ٹیسٹ رپورٹ گزشتہ سال آسٹریلیشیائی ادارے اے این کیپ کی جانب سے کیے گئے حفاظتی جائزے اور یورو این کیپ کی اضافی جانچ پر مبنی ہے۔

بقیہ نمبر 44

اسلامی تعلیمات سے روشناس کرنے کے لئے نظام تعلیم میں اسلامی تعلیمات کو مدنظر رکھا جائے اور ہم اپنے بچوں کو دین و دنیا کی تعلیم سے آراستہ کر کے انہیں اچھا شہری بنائیں تاکہ وہ محبت رسول کے علاوہ روشن پاکستان اور دفاع وطن کے جذبہ سے سرشار ہو سکیں۔ ذرائع کے مطابق جمعیت اشاعت التوحید والسنہ کے صوبائی راہنما علامہ عطا اللہ بندیالوی، مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ علامہ سید سبطین شاہ نقوی، انٹرنیشنل ختم نبوت پنجاب کے صدر قاری احمد علی ندیم، مرکزی اتحاد العلماء کے ضلعی صدر قاضی نگاہ مصطفےٰ جنرل سیکرٹری مولانا ملک ضیاالحق، نائب صدر چوہدری محمد ندیم، سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر، چیف آرگنائزر شفقت اقبال للہ، رابعہ مسجد کے خطیب پروفیسر فضل الحق بندیالوی، مسجد حامد علی شاہ کے خطیب مولانا احمد حسن چشتی اور دیگر نے حرمین شریفین کے تحفظ پر جان بھی قربان ہے کا مکمل عزم کرتے ہوئے کہا کہ دفاع وطن کے لئے پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ ختم نبوت جزاول اور دفاع ناموس رسالت واصحاب رسول ہمارے ایمان کا حصہ ہیں۔ جس سے نونہالان وطن کو روشناس کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے قیام امن ، بھائی چارے اتحاد واتفاق اور مکمل ہم آہنگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں امن قیام امن بھائی چارہ اور ہم آہنگی وقت کا تقاضا اور ضرورت ہےجس کا درس ہمیں دین اسلام سے ملتا ہے اس لئے ہمیں چاہئے کہ ملک اور علاقہ میں قیام امن، اتحاد واتفاق اور بھائی چارے کے لئے عملی مظاہرہ کریں۔ انہوں نے صبر وتحمل، قومی اتحاد و اتفاق اور جذبہ حب الوطنی کو خاص اہمیت دے کر ملک میں قران وسنت کے تابع نظام شریعت کے نفاذ پر زور دیا۔ انہوں نے ملک میں امن وامان اور بھائی چارے کے ساتھ مکمل ہم آہنگی، اسلام کی سر بلندی، ملک کی سلامتی امت مسلمہ کے اتحاد کے لئے دعا کی۔

بقیہ نمبر 45

خانہ کی آنکھوں میں مرچیں ڈال کر اس سے نومولود بچی چھین کر پانی کے ڈرم میں پھینک دی اور نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے جس میں نومولود بچی کو پانی والے ڈرم سے نکال کر تشویشناک حالت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال سے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں وہ نومولود بچی دم توڑ گئی جس کی نعش کو ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ نمبر 46

کے درمیان دوستانہ تعلقات کو فروغ دینا اور عالمی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنانا تھا۔ موجودہ عالمی صورتحال میں، جب دنیا کے مختلف خطوں میں مسلح تنازعات، سیاسی کشیدگی، انسانی بحران، معاشی عدم مساوات اور جبری نقل مکانی جیسے مسائل درپیش ہیں، اقوام متحدہ کے دن کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ یہ دن عالمی رہنماؤں، حکومتوں اور عوام کو یاد دلاتا ہے کہ پائیدار امن کے قیام کے لیے مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور باہمی تعاون ناگزیر ہیں

بقیہ نمبر 47

خون آلود کپڑے 11 روز بعد برآمد کیے گئے، تاہم ان کی اتنی تاخیر سے برآمدگی کی کوئی تسلی بخش وجہ پیش نہیں کی گئی۔ استغاثہ کے مطابق ملزم نصیر احمد کو فروری 2025ء میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی نے قتل کے مقدمے میں عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ ملزم نے اس فیصلے کے خلاف ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ مقدمے کے پس منظر کے مطابق کراچی کے علاقے ہجرت کالونی میں پاپ کارن کی ریڑھی کھڑی کرنے پر ملزم نصیر احمد اور اس کے پڑوسی عتیق کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ استغاثہ کا الزام تھا کہ جھگڑے کے دوران ملزم نے چھری کے وار کر کے عتیق کو قتل کر دیا تھا۔ واقعے کا مقدمہ سول لائن تھانے میں درج کیا گیا تھا۔ ہائیکورٹ نے اپیل پر فیصلہ سناتے ہوئے ماتحت عدالت کی جانب سے دی گئی سزا ختم کر دی اور ملزم کی رہائی کا حکم دے دیا۔

ایف بی آر میں اصلاحات کے لیے عملی تجربات اور پیشہ ورانہ مشاورت ضروری ہے، جمیل اختر بیگ

فیس لیس سسٹم کے ایس او پیز اور دائرہ کار کا تعین زمینی حقائق اور عملی تجربات کی روشنی میں کیا جائے' سابق صدر لاہور ٹیکس بار

لاہور (آئی این پی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کے ساتھ اصلاحات متعارف کرانے کی ضرورت ہے، ٹیکس قوانین اور انتظامی طریقہ کار وضع کرنے سے قبل ان کے عملی پہلوؤں کا جائزہ لیا جانا چاہیے تاکہ قانون سازی اور اصلاحاتی اقدامات زمینی حقائق، پیشہ ورانہ تجربات اور ٹیکس دہندگان کو درپیش مسائل سے ہم آہنگ ہوں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایف بی آر میں فیس لیس سسٹم متعارف کرانا جدید ٹیکس انتظامیہ کی جانب ایک اہم اقدام ہے

پنجاب حکومت کے تعاون سے چینی ٹیکسٹائل کمپنی نے زیر تعمیر گارمنٹس فیکٹری تک رسائی کیلئے سڑک کی تعمیر مکمل کرلی

منصوبے سے 30 ہزار ملازمتیں، 50 کروڑ ڈالر تک زرمبادلہ کی توقع، صنعتی انفراسٹرکچر مارچ 2027 تک مکمل ہونے کا امکان

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت کے تعاون سے چینی ٹیکسٹائل کمپنی چینج فیشن پرائیویٹ لمیٹڈ نے لاہور میں زیر تعمیر اپنی گارمنٹس فیکٹری تک رسائی کے لیے سڑک کی تعمیر مکمل کر لی ہے، یہ سڑک مرکزی شاہراہ کو تقریباً 100 ایکڑ رقبے پر قائم کیے جانے والے ٹیکسٹائل فیکٹری سے منسلک کرتی ہے۔ خصوصی اقتصادی زون کے تحت قائم کیے جانے والے اس منصوبے سے کمپنی کے تخمینوں کے مطابق 50 کروڑ ڈالر تک زرمبادلہ حاصل ہونے اور تقریباً 30 ہزار ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔ کمپنی کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ کارخانے کے بنیادی انفراسٹرکچر کی تعمیر مارچ 2027 تک مکمل ہونے کا امکان ہے۔

معیشت سے جڑے شعبوں کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی' خادم حسین

معاشی استحکام کیلئے لاگت میں کمی، ٹیکس نظام میں اصلاحات، کاروبار دوست پالیسیاں ناگزیر ہیں

لاہور (آئی این پی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چودھری خادم حسین نے کہا ہے کہ معیشت سے جڑے شعبوں کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی اور اس کے لئے ہر فورم تک آواز پہنچائیں گے، ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لیے کاروباری ماحول کو سازگار بنانے، صنعتی پیداواری لاگت کم کرنے، ٹیکس نظام میں اصلاحات متعارف کرانے اور برآمدات کے فروغ کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتکاروں، تاجروں، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں

مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس کا 22 سالہ سفر اختتام پذیر، ای پاسپورٹس کا اجراء شروع

پرانے مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس میعاد ختم ہونے تک قابل استعمال رہیں گے، تجدید نہیں ہوسکے گی

لاہور (آئی این پی) پاکستان میں مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس کا 22 سالہ سفر اختتام پذیر ہوگیا اور ملک بھر میں ای پاسپورٹس کا اجراء شروع کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق پہلے سے جاری کیے گئے مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس اپنی میعاد ختم ہونے تک کارآمد رہیں گے، تاہم میعاد پوری ہونے کے بعد ان کی تجدید نہیں ہوسکے گی۔ پاکستان میں ای پاسپورٹس کے اجراء کا آغاز مارچ 2022 میں سفارتکاروں اور اسلام آباد کے رہائشیوں سے کیا گیا تھا۔ اگست 2023 میں تمام پاکستانی شہریوں کو مشین ریڈ ایبل پاسپورٹ یا ای پاسپورٹ حاصل کرنے کا اختیار فراہم کیا گیا۔

سازگار کاروباری ماحول پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی ضامن ہیں، قیصر احمد شیخ

مستحکم کاروباری ماحول اور مسلسل سرمایہ کاری کے بغیر پاکستان پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا، کاروبار کا فروغ، برآمدات میں اضافہ اور معاشی استحکام ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں، وفاقی وزیر

بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو کاروبار کے قیام اور توسیع کے ہر مرحلے پر سہولت فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ مضبوط کاروباری نمو، پائیدار سرمایہ کاری اور سازگار کاروباری ماحول پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی ضامن ہیں۔ جمعہ کو وفاقی وزیر نے ینگ انٹرپرینیورز سمٹ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی جہاں انہوں نے نوجوان چیف ایگزیکٹو افسران (سی ای اوز)، جدت کاروں اور ابھرتے ہوئے صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مستحکم کاروباری ماحول اور مسلسل سرمایہ کاری کے بغیر پاکستان پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا، کاروبار کا فروغ، برآمدات میں اضافہ اور معاشی استحکام ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو کاروبار کے قیام اور توسیع کے ہر مرحلے پر سہولت فراہم کرنا ہے، (بقیہ نمبر38)

لانگ مارچ کی تیاری کر رہے ہیں، اسلام آباد آجائیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

ملک میں ڈھائی کروڑ افراد موٹر سائیکل استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمتوں میں کمی سے عوام کو ریلیف مل سکتا ہے

کراچی میں مہنگا آٹا، گیس کی لوڈشیڈنگ، کے فور منصوبے میں تاخیر اور زمینوں پر قبضے سنگین مسائل ہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو ووٹ دے کر اپنا مینڈیٹ دیا، لیکن ان کے بقول اس مینڈیٹ پر ڈاکا ڈال کر قبضہ میئر کو شہر پر مسلط کر دیا گیا۔ کراچی کے علاقے گودھرا کالونی میں ماڈل اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پیٹرولیم لیوی، مہنگائی، گیس کی لوڈشیڈنگ، زمینوں پر قبضوں اور شہری ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر پر حکومتوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور اعلان کیا کہ جماعت اسلامی پیٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی تحریک کو آگے بڑھاتے ہوئے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کی تیاری کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے زیرانتظام ٹاؤنز میں ترقیاتی (بقیہ نمبر 39)

چینی ماہرین کی معاونت سے پنجاب کے 65 ریسکیو افسران کی خصوصی تربیت مکمل

تربیتی پروگرام میں دریاؤں، نہروں، نشیبی علاقوں، شہری سیلاب سے پیدا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تربیت فراہم کی گئی

لاہور (آئی این پی) چین اور پاکستان نے پانی میں ریسکیو کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے اور سیلاب سمیت دیگر آبی ہنگامی صورتحال سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے مشترکہ تربیتی پروگرام مکمل کرلیا ہے۔ چین کی بلیو اسکائی ریسکیو ٹیم کے آرک آف لائف اقدام کے تحت اس تربیتی پروگرام میں پنجاب کے 65 ریسکیو افسران کو پانی میں امدادی کارروائیوں سے متعلق خصوصی مہارتیں فراہم کی گئیں۔ تربیتی پروگرام میں دریاؤں، نہروں، نشیبی علاقوں اور شہری سیلاب سے پیدا ہونے والی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تربیت فراہم کی گئی۔

لاہورصوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

منہاج یونیورسٹی کے زیراہتمام دوروزہ عالمی بین المذاہب کانفرنس (آج) شروع ہوگی

لاہور (آئی این پی) منہاج یونیورسٹی لاہور کے زیراہتمام نویں 2 روزہ عالمی بین المذاہب کانفرنس آج (ہفتہ) سے شروع ہو گی۔ دوروزہ انٹرنیشنل کانفرنس میں پاکستان سمیت امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا، جرمنی، نیپال، ملائشیاء، سری لنکا، سوئٹزرلینڈ، اٹلی اور نائیجیریا کے علاوہ دیگر ممالک کے محققین، دانشور، ماہرین تعلیم اور سکالرز شرکت و خطاب کریں گے۔

بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، قربانی اور استقامت کی علامت تھیں' راجہ پرویز اشرف

مادرِ جمہوریت کی جمہوری جدوجہد اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں،

لاہور (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ اور سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، قربانی، عزم اور حوصلے کی علامت تھیں، انہوں نے جمہوریت کی بحالی، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ناقابلِ فراموش جدوجہد کی، جسے پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں سابق وزیر اعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں جمہوری (بقیہ نمبر 40)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کراچی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایل ڈی اے کا جیل روڈ کی عمارتوں کو جدید اور یکساں فساڈ دینے کا فیصلہ

لاہور (آئی این پی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے جیل روڈ پر خراب فساڈ والی عمارتوں کو جدید اور خوبصورت ایلیویشن دینے کا فیصلہ کر لیا۔ اس مقصد کے لیے جاذبِ نظر فساڈ ڈیزائن کا ابتدائی خاکہ بھی تیار کر لیا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت ابتدائی مرحلے میں پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) کے سامنے واقع میڈیسن مارکیٹ کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔

پنجاب میں انٹر پارٹ ون کے نتائج میں گزشتہ سال کی نسبت 6 فیصد سے زائد بہتری، وزیر تعلیم کو رپورٹ پیش

تمام 9 تعلیمی بورڈز کی مجموعی کامیابی کی شرح 53.73 سے بڑھ کر 60.36 فیصد ہوگئی، رانا سکندر حیات کا اظہار اطمینان

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں انٹر پارٹ ون کے امتحانی نتائج میں گزشتہ سال کی نسبت نمایاں بہتری سامنے آئی ہے، تمام 9 تعلیمی بورڈز کی مجموعی کامیابی کی شرح 53.73 فیصد سے بڑھ کر 60.36 فیصد ہوگئی جبکہ کامیاب طلبہ کی تعداد بھی 4 لاکھ 12 ہزار 292 سے بڑھ کر 4 لاکھ 35 ہزار 358 ہوگئی۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کو نتائج کی رپورٹ پیش کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق رواں سال 7 لاکھ 21 ہزار 220 طلبہ نے انٹر پارٹ ون کا امتحان دیا، جبکہ گزشتہ سال امتحان دینے والے طلبہ کی تعداد 7 لاکھ 67 ہزار 410 تھی۔ بورڈ وار نتائج میں بھی بہتری ریکارڈ کی گئی۔ وزیر تعلیم کو بتایا گیا کہ فیصل آباد بورڈ کی کامیابی کی شرح 55.7 سے بڑھ کر 61.7 فیصد، گوجرانوالہ بورڈ کی 49.9 سے 58.1 فیصد اور لاہور بورڈ کی 53.7 سے بڑھ کر 60 فیصد ہوگئی۔

ایک سال میں ایل پی جی کی قیمت میں 102.12 فیصد اضافہ

لاہور (آئی این پی) ملک میں ایک سال میں ایل پی جی کی قیمت میں 107.12 فیصد جبکہ بجلی کے پہلے سہ ماہی کے چارجز میں 58.59 فیصد اضافہ دیکھا گیا۔ رپورٹ کے مطابق زیر جائزہ عرصے کے دوران پیٹرول کی قیمت 44.17 فیصد بڑھ گئی

سکوٹی پر سفر کرتی لڑکی سے غنڈہ گردی اور تشدد کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (آئی این پی) لاہور کے علاقے مزنگ میں سکوٹی پر سفر کرتی لڑکی سے غنڈہ گردی اور تشدد کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم غلام مصطفیٰ نے مزنگ لنک روڈ پر موٹر سائیکل سوار لڑکی کو ٹکر مار کر زبردستی راستہ روکا، ملزم نے لڑکی کو موٹر سائیکل سے گرا کر تھپڑ مارے، بال نوچے اور تشدد کا نشانہ بنایا۔ تشدد سے لڑکی کے چہرے اور ناک پر زخم آئے

شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے نئے قواعد تیار

ضبط شدہ سامان کی نیلامی اب الیکٹرانک نظام کے ذریعے کی جائے گی 'ایف بی آر

لاہور (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ضبط شدہ سامان کی آن لائن نیلامی کے نئے قواعد تیار کر لیے، سیلز ٹیکس رولز 2026ء میں نیا باب شامل کر دیا گیا، نئے ای آکشن سسٹم کے تحت فراڈ ثابت ہونے پر نیلام شدہ سامان واپس لینے کا اختیار ہوگا جبکہ اسلحہ، منشیات اور جعلی اشیاء کی نیلامی پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔ دستاویز کے مطابق ضبط شدہ سامان کی تمام تر نیلامی الیکٹرانک نظام کے ذریعے کی جائے گی۔ نیلامی میں حصہ لینے کے لیے 25 ہزار روپے یکمشت فیس اور درست شناختی کارڈ کے ساتھ آن لائن رجسٹریشن لازمی ہوگی

لڑکی کو دو بار جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے والے سی سی ڈی اہلکار کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (آئی این پی) کاہنہ میں لڑکی کو دو بار جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے والے سی سی ڈی اہلکار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق کوٹ لکھپت کی رہائشی یکم اکتوبر کو کاہنہ بازار گئی، لڑکی کا بازار میں پرس سے موبائل فون غائب ہوگیا، لڑکی موبائل فون گمشدگی کے لیے تھانہ کاہنہ گئی،

پولیس کی کارروائی، منشیات فروشی میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

لاہور (آئی این پی) باغبان پورہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث تین ملزمان گرفتار کرلیے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں صبح صادق، دو خواتین شمیلہ غفار اور سمیرا یاسمین شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے 9 ہزار گرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے انہیں انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

اسلام آباد: شہری امریکی سفارتخانے کی جانب سے پہلی شاہکار رفنکار ایلومنائی آرٹسٹ نمائش میں فن پارے دیکھ رہے ہیں

پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں میں تعاون کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پاکستانی وفد کی قیادت سی پی ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل نے کی

اوٹاوا (آئی این پی) پاکستان اور کینیڈا کے طبی اداروں نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم، تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے۔ اوٹاوا میں پاکستانی ہائی کمیشن کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) اور رائل کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز آف کینیڈا (RCPSC) کے وفود کی میزبانی کی۔ پاکستانی وفد کی قیادت سی پی ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل جبکہ کینیڈین وفد کی

لاہور میں آٹے کی عدم دستیابی پر محکمہ فوڈ سیفٹی کا سخت ایکشن، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر معطل، 6 فلور ملز کو شوکاز نوٹس جاری

12 دکانوں کی چیکنگ کے دوران 9 فرضی اور 3 پر آٹے کی فراہمی میں تاخیر کا انکشاف ہوا' ڈاکٹر کرن خورشید

لاہور (آئی این پی) لاہور میں آٹے کی عدم دستیابی اور فراہمی میں بدنظمی کی رپورٹس کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب ڈاکٹر کرن خورشید نے فوری اور سخت ایکشن لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی 12 دکانوں پر 10 کلو آٹے کے تھیلوں کی عدم دستیابی کی رپورٹ سامنے آنے پر سیکرٹری فوڈ کی جانب سے تحقیقات کی گئیں۔ تحقیقاتی رپورٹ میں سنسنی خیز انکشاف ہوا کہ 12 میں سے 9 دکانیں مکمل طور پر فرضی تھیں جبکہ باقی 3 دکانوں پر آٹے کی فراہمی میں تاخیر پائی گئی۔ آٹے کی فراہمی میں غفلت، عدم توجہی اور بے ضابطگیوں پر سیکرٹری فوڈ

لاہور، ڈیفنس فیز 6 میں ٹریفک حادثے میں 3 نوجوان جاں بحق، ایک زخمی

تیز رفتار گاڑی بیریئر سے ٹکرانے کے بعد بے قابو ہو کر درخت سے جا ٹکرائی' ریسکیو حکام

لاہور (آئی این پی) لاہور کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 3 نوجوان جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق تیز رفتار گاڑی بیریئر سے ٹکرانے کے بعد بے قابو ہو کر درخت سے جا ٹکرائی، حادثے میں دو نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ تیسرا نوجوان ہسپتال منتقل کئے جانے کے دوران دم توڑ گیا۔ حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 24 سالہ عبدالحنان، 28 سالہ مصطفیٰ اور 22 سالہ فیضان کے نام سے ہوئی ہے،

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں مزید 0.65 فیصد اضافہ، سالانہ شرح 11.85 فیصد تک پہنچ گئی

ایک ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 12 کی قیمتوں میں کمی ہوئی جبکہ 20 اشیاء کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں مزید 0.65 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.85 فیصد کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری کردی، جس کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 12 کی قیمتوں میں کمی ہوئی جبکہ 20 اشیاء کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران ایل پی جی کی قیمت میں 22.44 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا

شہریوں کے لیے خوشخبری، ناتھا خان روڈ جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا، مرتضیٰ وہاب

میئر کا ناتھا خان روڈ کا دورہ، منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ اور کاموں کی خودنگرانی کرنے کا اعلان

کراچی (آئی این پی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ناتھا خان روڈ کو بہت جلد ٹریفک کے لیے کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اور شہریوں کو بہتر سہولتیں فراہم کرنا ان کی اولین ترجیح ہے، ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ میئر کراچی نے ناتھا خان روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا، جہاں متعلقہ حکام نے انہیں منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبے کی جلد تکمیل اور سڑک کو ٹریفک کے لیے کھولنے کے عزم کا اظہار کیا۔

گڈاپ فارم ہاؤس کیس کی مدعیہ کو قتل کی دھمکیاں، تعاقب اور حملے کی کوشش

مقدمے سے دستبردار ہونے کے لیے دباؤ، متاثرہ خاتون نے اپنی اور اہلخانہ کی جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس سے رجوع کرلیا

کراچی (آئی این پی) گڈاپ فارم ہاؤس میں ملازمت اور تربیت کا جھانسہ دے کر لائی گئی 50 سے زائد خواتین کے موبائل فون چوری ہونے کے مقدمے کی مدعیہ نے جان سے مارنے کی دھمکیاں ملنے اور تعاقب کیے جانے کے بعد اپنی اور اہلخانہ کی جان و مال کے تحفظ کے لیے شارع فیصل تھانے میں درخواست جمع کرا دی۔ خاتون نے دھمکی آمیز واٹس ایپ پیغامات کے اسکرین شاٹس بھی پولیس کو فراہم کردیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گڈاپ سٹی تھانے میں درج مقدمے کی مدعیہ خوشنما واصف، جو گلستان جوہر بلاک 18 کی رہائشی ہیں،

پاکستان کی معاشی ترقی سست، مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا امکان، آئی ایم ایف کی پیش گوئی

شرح نمو 3.5 فیصد رہنے کا خدشہ، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 4.5 ارب ڈالر تک بڑھ سکتا ہے، عالمی مالیاتی ادارے کی رپورٹ

کراچی (آئی این پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار سست رہنے، مہنگائی میں اضافے اور بیرونی مالی دباؤ بڑھنے کا خدشہ ظاہر کردیا ہے۔ آئی ایم ایف کی مڈل ایسٹ اینڈ سینٹرل ایشیا ریجن سے متعلق رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.5 فیصد رہنے کا امکان ہے، جبکہ مہنگائی کی شرح 9.9 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔ رپورٹ میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 4.5 ارب ڈالر تک بڑھنے اور ملک کی بیرونی مالی ضروریات میں اضافے کا بھی خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کو رواں مالی سال کے دوران معاشی (بقیہ نمبر41)

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

داتا دربار کا ترقیاتی منصوبہ عالمی معیار کا عظیم الشان منصوبہ ہے' علمائے کرام

لاہور (آئی این پی) علمائے کرام کے وفد نے مزارِ اقدس حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ پر جاری ترقیاتی منصوبے کو عالمی معیار کا عظیم الشان منصوبہ قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اور سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ کی کاوشوں کو سراہا ہے

سندھ ہائیکورٹ نے طلبہ یونین انتخابات نہ کرانے پر رجسٹرار جامعہ کراچی کو طلب کرلیا، مزید سماعت نومبر کے دوسرے ہفتے تک ملتوی

2019ء میں قانون بننے کے باوجود انتخابات کیوں نہیں کرائے گئے؟ عدالت کا استفسار

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ نے جامعہ کراچی میں طلبہ یونینز کے انتخابات نہ کرانے کے خلاف دائر درخواست پر رجسٹرار جامعہ کراچی کو آئندہ سماعت پر طلب کرلیا۔ عدالت نے استفسار کیا ہے کہ جب 2019ء میں طلبہ یونینز سے متعلق قانون منظور ہوچکا تھا تو اب تک انتخابات کیوں نہیں کرائے گئے۔ جسٹس علی حیدر پر مشتمل سندھ ہائیکورٹ کے بینچ نے درخواست کی سماعت کے دوران رجسٹرار جامعہ کراچی کو ہدایت کی کہ وہ آئندہ سماعت پر عدالت میں پیش ہوکر وضاحت دیں کہ 2019ء کے قانون پر اب تک عمل درآمد کیوں نہیں کیا گیا

پتنگ بازی کیس، نوجوان کے سٹور سے 60 ہزار لے جانے کا الزام، ایس پی شیخوپورہ طلب

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے پتنگ اڑانے کے مقدمے میں ملوث نوجوان کے کریانہ سٹور سے 60 ہزار روپے لے جانے کے الزام پر توہین عدالت کی درخواست پر ایس پی شیخوپورہ غلام عباس کو 29 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے شہری محمد اشرف کی جانب سے دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔

لاہورصوبائی وزیر سوشل ویلفیئر وبیت المال سہیل شوکت بٹ، وزیر اعلیٰ پنجاب دھی رانی پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین نیپرا وسیم مختار کی تعیناتی کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین نیپرا وسیم مختار کی تعیناتی کے خلاف دائر درخواست پر فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے خاتون اشبہ کامران کی درخواست پر سماعت کی۔ دورانِ سماعت نیپرا کے وکیل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں ہیں لہٰذا درخواست ناقابلِ سماعت قرار دے کر خارج کی جائے۔

لاہور معروف مزاح نگار، ڈرامہ نویس اور مصنف انور مقصود تھیٹر ڈرامہ تھانہ نہ ذہیم تھانہ کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مریدکے، رکشہ اور موٹر سائیکل میں تصادم تین افراد زخمی

کالاشاہ کاکو (نامہ نگار) مریدکے میں نارووال چوک کے قریب رکشہ اور موٹر سائیکل کے تصادم میں تین افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثہ موٹر سائیکل سواروں کے مخالف سمت سے آنے کے باعث پیش آیا۔ زخمیوں کی شناخت انور، وسیم اور یاسمین کے نام سے ہوئی ہے۔

پیما کا ماتحت سکولوں میں تدریسی معیار بہتر بنانے کیلئے نئی ہدایات جاری

اساتذہ کے تحریری سبق پلان، طلبہ کی حاضری اور اسیسمنٹ ریکارڈ کی دستیابی لازمی قرار

لاہور (آئی این پی) پنجاب ایجوکیشن مینجمنٹ اتھارٹی (پیما) نے ماتحت سکولوں میں تدریس اور تعلیمی سرگرمیوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے نئی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ پیما کی جانب سے جاری احکامات کے مطابق ہر مضمون کے لیے اساتذہ کے تحریری سبق پلان کی دستیابی لازمی ہوگی جبکہ سکول انفارمیشن سسٹم سمیت تمام آن لائن پورٹلز کا ریکارڈ درست رکھنے اور تین روز کے اندر سکولوں کا ڈیٹا اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ احکامات میں کہا گیا ہے کہ طلبہ کی کاپیوں میں کلاس ورک اور ہوم ورک کی باقاعدہ جانچ یقینی بنائی جائے

چین سے مزید 179 الیکٹرک بسیں کراچی پہنچ گئیں

بسوں کی کھیپ کراچی بندرگاہ پر اتار لی گئی، ٹیکسلا میں مارگلہ ہیوی انڈسٹریز لمیٹڈ کو فراہم کی جائیگی

لاہور (آئی این پی) چین سے درآمد کی جانے والی مزید 179 الیکٹرک بسیں کراچی کی بندرگاہ پر پہنچ گئیں۔ بسوں کی کھیپ چین کی بندرگاہ ینگ کا سے روانہ ہوئی تھی اور بحری جہاز ایم وی روئینگ 6 کے ذریعے کراچی پہنچی۔ 179 بسوں کی کھیپ ٹیکسلا کینٹ میں واقع مارگلہ ہیوی انڈسٹریز لمیٹڈ کو فراہم کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایوان میں سوالات کی کارروائی کو موثر اور بروقت مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے تجویز دی ہے کہ وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے تاکہ اگلے روز کے سوالات کی کارروائی متاثر نہ ہو۔

منشیات برآمدگی کیس: انمول عرف پنکی کے بھائی کی گرفتاری کے لیے اشتہار شائع کرنے کا حکم

اینٹی نارکوٹکس عدالت نے ملزمہ نسیم بی بی کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے

کراچی (آئی این پی) اینٹی نارکوٹکس عدالت نے منشیات برآمدگی کیس میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی کے بھائی ناصر کی گرفتاری کے لیے اشتہار شائع کرنے کا حکم دے دیا، جبکہ مقدمے میں شریک ملزمہ نسیم بی بی کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری بھی جاری کردیے۔ عدالت کے روبرو انمول عرف پنکی اور دیگر ملزمان کے خلاف منشیات برآمدگی کیس کی سماعت ہوئی، جس کے دوران جیل حکام نے ملزمہ کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کیا۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ملزمہ کے بھائی ناصر کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے گئے،

فیصل آباد، خانوآنہ بائی پاس چوک پر بس سے گر کر 17 سالہ طالب علم جاں بحق

مکوانہ (نامہ نگار) فیصل آباد: خانوآنہ بائی پاس چوک پر بس سے گر کر 17 سالہ طالب علم جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد ستیانہ روڈ پر نیو خانوآنہ بائی پاس چوک کے قریب بس پر سوار ہوتے ہوئے طالب علم نیچے گر کر اسی بس کے نیچے آ گیا۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج اقوامِ متحدہ کا دن منایا جائے گا

دوسری جنگ عظیم کی تباہ کاریوں کے بعد قائم ہونے والے ادارے کا مقصد آئندہ نسلوں کو جنگ سے محفوظ رکھنا اور قوموں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہے، ماہرین

پنگریو (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج (ہفتہ) 24 اکتوبر کو اقوامِ متحدہ کا دن منایا جائے گا، جس کا مقصد عالمی امن، بین الاقوامی تعاون، انسانی حقوق کے تحفظ، انصاف کے فروغ اور تنازعات کے پُرامن حل کے لیے عالمی برادری کے عزم کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ دن 1945ء میں اقوام متحدہ کے منشور کے نافذ ہونے کی مناسبت سے منایا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں دوسری جنگ عظیم کی تباہ کاریوں کے بعد دنیا کو ایک مشترکہ عالمی ادارہ میسر آیا۔ اس ادارے کے قیام کا بنیادی مقصد آئندہ نسلوں کو جنگ کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھنا، قوموں (بقیہ نمبر46)

کراچی میں ڈارک ویب کے خطرناک آن لائن نیٹ ورک کا انکشاف

این سی سی آئی نے 13 سالہ بچی کو خود کو نقصان پہنچانے سے بچا لیا

کراچی (آئی این پی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی) نے کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر ڈارک ویب سے منسلک ایک خطرناک آن لائن نیٹ ورک کے رابطے میں آنے والی 13 سالہ بچی کو بروقت تحفظ فراہم کردیا۔ حکام کے مطابق بچی کو آن لائن گروہ کی جانب سے خطرناک ٹاسک دیے جا رہے تھے، جن میں پہلے ایک بلی کو زہر دے کر مارنے اور اس کے بعد خود کو نقصان پہنچانے کی ہدایت شامل تھی۔ حکام کے مطابق متعلقہ ٹیم بروقت مداخلت کرنے میں کامیاب رہی، جس کے باعث بچی کو خود کو نقصان پہنچانے کے اگلے مرحلے سے پہلے ہی تحفظ فراہم کیا گیا۔ ایجنسی نے بچی کے والدین کو بھی صورت حال سے آگاہ کیا، جو اپنی بیٹی کی ان مبینہ آن لائن سرگرمیوں سے لاعلم تھے۔ این سی سی آئی حکام کے مطابق بچی سے رابطہ (بقیہ نمبر42)

بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت کے لیے جدوجہد اور قربانیاں تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں، سینیٹر وقار مہدی

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری سینیٹر وقار مہدی نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو ان کی 15 ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی جمہوریت کے لیے جدوجہد، آمریت کے خلاف مزاحمت اور بے مثال قربانیاں ملک کی سیاسی تاریخ کا روشن باب ہیں، جو آج بھی جمہوریت پسندوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔

48 کلو چرس برآمدگی کیس، سندھ ہائیکورٹ نے ملزم کی 20 سال قید کی سزا کا معاملہ دوبارہ سماعت کے لیے بھیج دیا

لیبارٹری رپورٹ پر صفائی کا موقع نہ دینے کی نشاندہی، عدالت عالیہ کی ماتحت عدالت کو مقدمے کی ازسرِ نو سماعت کی ہدایت

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ نے منشیات رکھنے کے مقدمے میں سزا کے خلاف دائر اپیل پر فیصلہ سناتے ہوئے ملزم داد محمد کا کیس دوبارہ سماعت کے لیے ماتحت عدالت کو بھیج دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ لیبارٹری ٹیسٹ کی رپورٹ کے حوالے سے ملزم کو اپنا دفاع پیش کرنے اور صفائی کا مؤقف بیان کرنے کا مناسب موقع نہیں دیا گیا۔ جسٹس شمس الدین عباسی نے اپیل پر جاری حکم نامے میں لیبارٹری رپورٹ سے متعلق قانونی تقاضوں اور ملزم کو صفائی کا موقع فراہم کرنے کی اہمیت اجاگر کی۔ عدالت نے مقدمہ دوبارہ سماعت کے لیے متعلقہ ماتحت عدالت کو بھجوا دیا۔ استغاثہ کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج وسطی نے ملزم داد محمد کو منشیات رکھنے کے مقدمے میں 20 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی تھی۔

سرگودھا، گھر میں پانی کے ڈرم سے ملنے والی نومولود بچی ہسپتال میں دم توڑ گئی

سرگودھا (نامہ نگار) گھر میں پانی کے ڈرم سے ملنے والی نومولود بچی ہسپتال میں دم توڑ گئی جس کی نعش کو ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ بھکر کے قصبہ دریا خان کے محلہ اولڈ ماڈل گرلز سکول عقب ٹی ایچ کیو میں فروٹ فروش فیضان عرف فیضی کے گھر میں دیوار پھلانگ کر داخل ہونے والے دو افراد نے خاتون (بقیہ نمبر 45)

ریڑھی کھڑی کرنے کے تنازع پر قتل کیس

سندھ ہائیکورٹ نے عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی، ملزم نصیر احمد کی اپیل منظور

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ نے گلی میں ریڑھی کھڑی کرنے کے تنازع پر قتل کے مقدمے میں ملزم نصیر احمد کی اپیل منظور کرتے ہوئے سیشن عدالت کی جانب سے سنائی گئی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی اور ملزم کو رہا کرنے کا حکم جاری کردیا۔ ہائیکورٹ کے اپیلیٹ بینچ نے مقدمے کے شواہد کا جائزہ لینے کے بعد اپنے فیصلے میں پراسیکیوشن کے مؤقف اور پیش کیے گئے شواہد پر سوالات اٹھائے۔ عدالت نے قرار دیا کہ مقدمے کا مدعی عینی شاہد نہیں تھا بلکہ اسے واقعے سے متعلق معلومات فراہم کی گئی تھیں۔ جسٹس میران شاہ نے فیصلے میں نشاندہی کی کہ آلہ قتل اور (بقیہ نمبر47)

کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ، محنت کش مزدور جاں بحق

40 سالہ رحیم اللہ کھانے کے لیے رکا تھا کہ ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی کوشش کی، مزاحمت پر فائرنگ کرکے قتل کردیا

کراچی (آئی این پی) شہر قائد میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کے نتیجے میں 40 سالہ محنت کش مزدور جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ نیو کراچی میں شفیق موڑ کے قریب پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی کوشش کے دوران مزاحمت کرنے پر شہری کو فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ پولیس حکام کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت رحیم اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ مقتول محنت مزدوری کر کے اپنے اہل خانہ کی کفالت کرتا تھا اور روزگار کے سلسلے میں نیو کراچی کے علاقے شفیق موڑ آیا ہوا تھا۔

برائلر گوشت، فارمی انڈوں کے نرخ مستحکم

لاہور (آئی این پی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 577 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 398 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 267 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔

ڈیلی پرائس میکانزم پر پیٹرول پمپ مالکان کے تحفظات، وفاقی وزیر پیٹرولیم سے ملاقات طلب

قیمتوں میں روزانہ ردوبدل سے مالی نقصانات اور کاروباری مشکلات بڑھ رہی ہیں، خط ارسال

کراچی (آئی این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل کے طریقہ کار پر پیٹرول پمپ مالکان نے ایک بار پھر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے ملاقات کا وقت مانگ لیا ہے۔ آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے اس سلسلے میں وفاقی وزیر کو خط ارسال کیا ہے، جس میں ڈیلی پرائس میکانزم کے باعث پیدا ہونے والی کاروباری مشکلات کی نشاندہی کرتے ہوئے قیمتوں کے تعین کے لیے شفاف اور قابلِ عمل نظام وضع کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل تبدیلی سے پیٹرول پمپ مالکان کو مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیو سے حفاظت کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

مکوآنہ (نامہ نگار) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیو سے حفاظت کا عالمی دن (آج) 24 اکتوبر کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر فیصل آباد ملک بھر میں محکمہ صحت کے زیر اہتمام تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر خصوصی مضامین اور پروگرام شائع و نشر کئے جائیں گے۔ جس میں ماہرین صحت پولیو سے حفاظت کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے۔

لاہور سے سعودی عرب جانے والی متعدد پروازیں منسوخ، مسافروں کو مشکلات

مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے باعث فلائٹ شیڈول متاثر ہے

لاہور (آئی این پی) سعودی عرب اور خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی کے باعث علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر متعدد پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سے ریاض جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز ایکس وائے 318 منسوخ کردی گئی جبکہ لاہور سے دمام جانے والی پرواز پی کے 746 بھی منسوخ کردی گئی۔

بی وائی ڈی شارک 6 نے یورو این کیپ کے حفاظتی ٹیسٹ میں فائیو اسٹار ریٹنگ حاصل کرلی

بچوں کے تحفظ میں 86 اور حفاظتی معاون نظاموں میں 87 فیصد اسکور، جدید ہائبرڈ پک اپ 436 ہارس پاور، 800 کلومیٹر مجموعی سفری گنجائش

کراچی (آئی این پی) نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنی بی وائی ڈی کے جدید سپر ہائبرڈ پک اپ شارک 6 نے یورپی ادارے یورو این کیپ کے حفاظتی ٹیسٹ میں فائیو اسٹار ریٹنگ حاصل کرلی ہے۔ کمپنی کے مطابق یہ کامیابی گاڑی میں مسافروں کے تحفظ، حادثات سے بچاؤ کی ٹیکنالوجی اور جدید حفاظتی معاون نظاموں کی کارکردگی کو ظاہر کرتی ہے۔ یورو این کیپ کی جانچ میں بی وائی ڈی شارک 6 نے بالغ مسافروں کے تحفظ میں 82 فیصد، (بقیہ نمبر43)

لاہور: جماعت اسلامی کے کارکنان نے پٹرولیم لیوی کے خلاف لاہور پریس کلب کے باہر دھرنا دے رکھا ہے

کاہنہ صوفیہ آباد میں سبزی فروش کے مبینہ اغوا اور تشدد کا معاملہ، وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ

کاہنہ (نامہ نگار) صوفیہ آباد میں محنت کش سبزی فروش عثمان کے مبینہ طور پر دو مرتبہ اغوا، تشدد اور زبردستی اسٹامپ پیپر کرانے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ شخص کے مطابق اسے دونوں بار گھر سے اغوا کیا گیا

محکمہ تعلیم Kp میں 92 کروڑ روپے سے زائد کی مبینہ بے ضابطگیاں، لاکھوں طلبہ وطالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

بنوں سے ہری پور تک سرکاری اسکولوں کی عمارتیں خستہ حال، مرمت اور بحالی کے فنڈز کرپشن کی نذر ہوگئے، ذرائع

پشاور (آئی این پی) پی ٹی آئی کی 13 سالہ نااہلی اور کرپشن سے خیبر پختونخوا کا شعبہ تعلیم تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا، صوبے کے لاکھوں طلبہ وطالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے دور میں کرپشن کے خاتمے کے دعوں کے برعکس محکمہ تعلیم میں مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، آڈیٹر جنرل کی 2024-25 کی رپورٹ میں محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا میں 92 کروڑ روپے سے زائد کی مبینہ بے ضابطگیاں سامنے آ گئیں۔ اساتذہ کی بھرتیوں اور ٹیبلٹس کی فراہمی سمیت مختلف معاملات میں 37 کروڑ 43 لاکھ روپے کی مبینہ بے ضابطگیاں ہوئیں۔ بنوں سے ہری پور تک سرکاری اسکولوں کی عمارتیں خستہ حال، مرمت اور بحالی کے فنڈز کرپشن کی نذر ہوگئے۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ
پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 04235220396
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ کر رہے ہیں